★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعۃ المبارک 5 محرم الحرام 1445ھ 12 جولائی 2024ء 29 ہاڑ 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 274

فرمانِ الٰہی

**اللہ ایک ہے** تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

# ڈیجیٹائزیشن اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی ترجیح ہے

**مریم نواز**

## وزیراعلیٰ پنجاب سے پی ٹی سی ایل گروپ کے صدر سی ای او حاتم بامارتف اور گروپ چیف ریگولیٹری آفیسر نوید خالد بٹ کی ملاقات

### پنجاب میں ڈیجیٹائزیشن اور ڈیجیٹل کمیونیکیشن کیلئے تعاون پر گفتگو، حاتم بامارتف نے ڈیجیٹل پنجاب ویژن کو سراہا، تعاون کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل جدت اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کو فروغ دینا پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے پی ٹی سی ایل گروپ کے صدر اور سی ای او حاتم بامارتف اور گروپ چیف ریگولیٹری آفیسر نوید خالد بٹ نے ملاقات کی، پنجاب میں ڈیجیٹائزیشن اور ڈیجیٹل کمیونیکیشن کیلئے تعاون پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن لاہور کے سالانہ امتحانات میں پہلی پوزیشن حاصل کرنیوالے عیان کاشف اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کر رہے ہیں

## سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد کی ملاقات

### عالمی بینک اور پنجاب حکومت میں تین شعبوں میں تعاون پر اتفاق

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد نے ملاقات کی۔ ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجے بن حسین کی قیادت میں وفد آپریشن آفیسر ثمن عامر، ڈیزاسٹر مینجمنٹ سپیشلسٹ احسن تحسین پر مشتمل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

## پشاور میں شہید سپاہیوں کی نماز جنازہ گیریژن میں ادا، کور کمانڈر و دیگر افسران شریک

### نمازِ جنازہ کے بعد شہداء کے جسدِ خاکی ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کر دیے گئے

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے حسن خیل میں گزشتہ روز جامِ شہادت نوش کرنے والے سپاہیوں کی نمازِ جنازہ پشاور گیریژن میں ادا کر دی گئیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سپاہی بادام گل شہید اور محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

## پاکستان کو اپنی آبادی میں اضافے پر قابو پانے میں چیلنجز کا سامنا ہے، صدر زرداری

### نوجوانوں کی معیاری تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع تک رسائی بڑھانا ہوگی، یوم آبادی پر پیغام جاری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ پاکستان کو اپنی آبادی میں اضافے پر قابو پانے میں چیلنجز کا سامنا ہے۔ عالمی یوم آبادی کے موقع پر جاری کیے گئے اپنے پیغام میں آصف علی زرداری نے کہا کہ 2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی 2.55 فیصد کی بلند شرح سے بڑھ رہی ہے، ہماری آبادی 2030ء تک 263 ملین اور 2050ء تک 383 ملین تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آبادی کی اکثریت نوجوانوں پر مشتمل ہے، نوجوان متحرک قوت ہیں، وہ قوم کو خوشحالی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

# دانش سکولز نیٹ ورک کو ملک بھر میں پھیلایا جائے گا، وزیراعظم

## گزشتہ جب انہیں معلوم ہوا کہ دانش سکول کے طالب علم نے پوزیشن حاصل کی ہے تو بیحد خوشی ہوئی، وزیراعظم، آیان کاشف والد کے سائے سے محروم ہو گئے تھے ان کی دادی اور والدہ نے ان کی پرورش اور تعلیم و تربیت کی

### وہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جو مشکل حالات میں تعلیم جاری رکھتے ہیں وہ خصوصی طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں، ایسے نوجوان قوم کا مستقبل اور درخشندہ ستارہ ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ دانش سکولز کا دائرہ وسیع کیا جائیگا، مشکل حالات میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نوجوان قابل تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے دانش سکول کے طالب علم محمد آیان کاشف سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعرات کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان، متعلقہ حکام اور آیان کاشف کی والدہ اور دادی بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے آیان کاشف اور ان کے اہل خانہ کو انٹرمیڈیٹ و سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ لاہور میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ جب انہیں معلوم ہوا کہ دانش سکول کے طالب علم نے پوزیشن حاصل کی ہے تو بیحد خوشی ہوئی۔ آیان کاشف والد کے سائے سے محروم ہو گئے تھے ان کی دادی اور والدہ نے ان کی پرورش اور تعلیم و تربیت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جو مشکل حالات میں تعلیم جاری رکھتے ہیں وہ خصوصی طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایسے نوجوان قوم کا مستقبل اور درخشندہ ستارہ ہیں۔ آیان کاشف نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دانش سکول شہباز شریف کا وژن تھا اور آج میری کامیابی کا سہرا دانش سکول کے سر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش سکولز کو پاکستان کے دوسرے علاقوں میں بھی قائم کیا جائیگا۔ بلوچستان میں 4 دانش سکول کھولے جا رہے ہیں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، اسلام آباد، دیہی علاقوں میں دانش سکولز کھولے جائیں گے، یہ سکولز ہمارے لئے فخر کا باعث ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایسے بچے جو والد یا والدہ یا دونوں کے سائے کے محروم یا کمزور مالی حالات کے باعث تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے وہ دانش سکولز میں تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ آیان کاشف نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

## ایف بی آر میں اصلاحات اور مکمل ڈیجیٹائزیشن ہماری معاشی بقا کا مسئلہ ہے، وزیراعظم

### تمام پورٹس پر کسٹمز آپریشنز کو کرپشن فری بنانے کے لئے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں اصلاحات اور مکمل ڈیجیٹائزیشن ہماری معاشی بقا کا مسئلہ ہے، تمام پورٹس پر کسٹمز آپریشنز کو شفاف اور کرپشن فری بنانے کے حوالے سے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں، صنعتوں اور مصنوعات کو تحفظ دینے کے لئے انڈر انوائسنگ کا خاتمہ کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

## آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کا دو روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچنے گئے

### نور خان ایئربیس پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا

اسلام آباد (این این آئی) آذربائیجان کے صدر الہام علیوف پاکستان کے دو روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ نور خان ایئربیس پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دونوں رہنما بغلگیر ہوئے اور گرمجوشی سے مصافحہ کیا۔ روایتی لباس میں ملبوس دو بچوں نے آذربائیجان کے صدر کو پھول پیش کئے۔ اس موقع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

## عمران خان کی 9 مئی کے مقدمات میں عبوری ضمانتیں خارج کرنے کا تحریری فیصلہ جاری

### عبوری ضمانت اسکا حق نہیں جس نے حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے سازش کی، چار صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی عبوری ضمانتیں خارج کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ اے ٹی سی کے جج خالد ارشد نے چار صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالتی فیصلے میں لکھا گیا کہ دو سرکاری گواہوں نے بیان دیا کہ 7 مئی کو شام پانچ بجے زمان پارک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

لاہور، ای بائیکس کی فراہمی کی تقریب میں طالبہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ہمراہ سیلفی لے رہی ہیں

## کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر کا یوم عاشور کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ

### متعلقہ حکام کی کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر کو یوم عاشور کے مرکزی جلوس پر سکیورٹی کے انتظامات بارے بریفنگ

### تمام اداروں کو محرم الحرام کے دوران آپس میں مضبوط کوارڈی نیشن میں رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین خواجہ سلمان رفیق کی قیادت میں کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر نے لاہور میں یوم عاشور کے مرکزی جلوس کے روٹ، نثار حویلی، کربلا گامے شاہ اور ڈی سی آفس میں کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ متعلقہ حکام نے کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر کو یوم عاشور کے مرکزی جلوس پر سکیورٹی کے انتظامات بارے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، صوبائی وزیر بلال یاسین، سید عاشق حسین کرمانی نثار حویلی میں یوم عاشور کے مرکزی جلوس پر سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ لے رہے ہیں

## زیادہ مہنگے آئی پی پیز سے معاہدے ختم کرنے کا جائزہ لے رہے ہیں، اویس لغاری

### آئی پی پیز سے متعلق اقدامات کر رہے ہیں جس کے اچھے نتائج سامنے آئیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ زیادہ مہنگے آئی پی پیز سے معاہدے ختم کرنے کا جائزہ لے رہے ہیں، آئی پی پیز سے متعلق اقدامات کر رہے ہیں جس کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

## محنت اور لگن کے ساتھ ملک کی خدمت کر رہے ہیں، ملک افضل کھوکھر

### مشکلات، مسائل، چیلنجز کے باوجود عوام کو تمام مشکلات سے نجات دلوائیں گے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ محنت اور لگن کے ساتھ ملک کی خدمت کر رہے ہیں، مشکلات، مسائل اور چیلنجز کے با

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

## ہمیں قوم کی بہتری، ترقی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، سید یوسف رضا گیلانی



### قوم اور خاص طور پر نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے فعال کردار ادا کریں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ہمیں قوم کی بہتری، ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے، قوم اور خاص طور پر نوجوانوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

## ملک کو اب پتی نہیں پارٹی بدلنے والوں نے نقصان پہنچایا، چوہدری برجیس طاہر

### قائد میاں محمد نواز شریف سے 37 سالہ رفاقت میرے مرنے تک رہے گی

ننکانہ صاحب (این این آئی) علاقہ کی پگ کو داغ نہیں لگنے دونگا، مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر کا کہنا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

## جسٹس عالیہ نیلم نے لاہور ہائیکورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس کا حلف اٹھا لیا

### گورنر پنجاب سلیم حیدر نے حلف لیا، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی بھی حلف برداری تقریب میں شرکت

### مریم نواز شریف کی جسٹس عالیہ نیلم کو پہلی خاتون چیف جسٹس کا حلف لینے پر مبارکباد، نیک تمناؤں کا اظہار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کی پہلی خاتون جسٹس عالیہ نیلم نے چیف جسٹس کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم سے ان کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی موجود ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان کے صدر کا استقبال کر رہے ہیں

## محرم، تمام صوبوں کی ضروریات کو پورا کر رہے ہیں

**وزیر داخلہ**

### محسن نقوی کا کراچی میں برہانی محل اور شاہ شہیدان امام بارگاہ کا دورہ، بوہرہ برادری کے سربراہ سیدنا مفضل سیف الدین سے ملاقات

### مولانا آیت اللہ عقیل الغروی اور سابق نگران وزیر اعلیٰ سندھ مقبول باقر سے ملاقاتیں

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کراچی میں برہانی محل اور شاہ شہیدان امام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

کراچی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے مولانا آیت اللہ عقیل الغروی، سابق نگران وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر ملاقات کر رہے ہیں

## بجلی صارفین سے سالانہ 860 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں کا انکشاف

### قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی میں سیکرٹری پاور نے بجلی بلوں میں ٹیکس وصولیوں کی تفصیلات پیش کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے بجلی صارفین سے سالانہ 860 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ بجلی بلوں کی تمام کیٹیگریز پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی میں سیکرٹری پاور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

## سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے چیمبر کا حصہ رہا ہوں، چیف جسٹس عامر فاروق

### نوجوان وکلاء کی رہنمائی کے لیے بار کونسلز کو کردار ادا کرنا ہوگا، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے بتایا ہے کہ میں سابق چیف جسٹس میاں ثاقب نثار کے چیمبر کا حصہ رہا ہوں، میاں ثاقب نثار اور ان کے والد میاں نثار دونوں وہ چیمبر چلاتے تھے۔ چیف جسٹس اسلام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

## سپیکر قومی اسمبلی سے جرمنی کے پارلیمانی وفد کی ملاقات

### دو طرفہ تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جمعرات کو پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے جرمنی کے پارلیمانی وفد نے ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعلقات پر اطمینان اور مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ سپیکر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

## اسلام آباد کے ستے بازار میں آتشزدگی کی تحقیقات کیلئے 9 رکنی کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر ایچ نائن کے ستے بازار میں گزشتہ روز لگنے والی ہولناک آتشزدگی کی تحقیقات کے لیے 9 رکنی تحقیقاتی کمیٹی قائم کر دی گئی جو 7 روز میں تحقیقات مکمل کر کے رپورٹ پیش کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اسلام آباد کی سربراہی میں قائم 9

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

## پاکستان معاشی بحران میں مبتلا ہے اور تمام پاکستانی مایوسی کا شکار ہیں، مصطفی کمال

### ساری کرپشن کے پیسے وہ دے رہا ہے جو بجلی کا بل دے رہا ہے، یہ کونسا انصاف ہے؟

کراچی (این این آئی) رہنما متحدہ قومی موومنٹ پاکستان مصطفی کمال نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی بحران میں مبتلا ہے اور تمام پاکستانی مایوسی کا شکار ہیں۔ یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے تجویز دی کہ حکومت کو پری پیڈ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

## بانی پی ٹی آئی کی 9 مئی مقدمات میں عبوری ضمانتیں خارج ہونے کا تحریری فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے بانی پی ٹی آئی کی 9 مئی کی مقدمات میں عبوری ضمانتیں خارج ہونے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ اے ٹی سی جج خالد ارشد نے 4 صفحات پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

## مبینہ دھاندلی کیخلاف کیس، ریٹرننگ افسر کو فارم 45، 46، 47 جمع کرانے کا حکم

### عامر مغل کی درخواست قابل سماعت نہیں کیونکہ تقاضے پورے نہیں کیے گئے، انجم عقیل خان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے الیکشن ٹریبونل نے ریٹرننگ افسر کو فارم 45، 46، 47 جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد کے حلقہ این اے 46 میں مبینہ دھاندلی کیخلاف کیس میں این اے 46

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

## سینیٹر سلیم مانڈوی والا کا پاک فوج اور پولیس کے جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار

### ہمارے شہیدوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی دہشتگردوں کو ایک ایک شہید کا حساب دینا ہوگا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے پشاور کے علاقے حسن خیل میں پاک فوج اور پولیس کے جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے شہیدوں کی قربانیاں کبھی رائے گاں نہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

## توہین الیکشن کمیشن کیس میں فواد چوہدری کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) توہین الیکشن کمیشن اور توہین چیف الیکشن کمشنر کیس میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان اور سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

PHA FOUNDATION
'S HANDING OVER CEREMONY

اسلام آباد، وفاقی وزیر ہاؤسنگ میاں ریاض حسین پیرزادہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## پانچ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلے

### ہائیکورٹ کی تاریخ میں پہلی بار خاتون رجسٹرار تعینات

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ لاہور ہائیکورٹ کی تاریخ میں پہلی بار خاتون کو رجسٹرار تعینات کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

## یوسف رضا گیلانی کا ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے رکن قومی اسمبلی/سیکرٹری ویمن پارلیمنٹری کاکس محترمہ ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحومہ کی وفات سوگوار خاندان کے لیے ناقابل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

## پی آر اے نے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم قوانین 2019 میں ترمیم کر دی

### 60 لاکھ سالانہ آمدن والے ریسٹورنٹس کو الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب کروانا لازمی قرار

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے حکومت کی منظوری سے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم قوانین 2019ء الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم قوانین 2019 رول نمبر 3 میں ترمیم میں ترمیم کر دی۔ ترجمان کے مطابق پنجاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

## ہمارا ملک مشکل میں ہے جسے ہم سب نے ملکر بچانا ہے، چوہدری عبدالغفور

### سیاستدانوں نے مسائل کا حل نکالنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا تو عوامی ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما چوہدری عبدالغفور خاں نے کہا ہے کہ اس وقت ہمارا ملک مشکل میں ہے جسے ہم سب نے ملکر بچانا ہے، اگر سیاستدانوں نے مسائل کا حل نکالنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا تو عوامی ردعمل کا سامنا کرنا پڑے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

## گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوابی میں تین بہنوں کے قتل کا نوٹس لے لیا

### صوابی میں تین بہنوں کا قتل گورنر خیبر پختونخوا نے پولیس سے رپورٹ طلب کر لی، رپورٹ

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوابی میں تین بہنوں کے قتل کا نوٹس لے لیا، صوابی میں تین بہنوں کا قتل گورنر خیبر پختونخوا نے پولیس سے رپورٹ طلب کر لی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بھائی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

## اختیار سے تجاوز کی مخالفت کے باعث زیر عتاب ہیں

**فضل الرحمان**

### بندوق کے زور پر اقتدار کا حصول انتہائی خطرناک ہے، ہماری ترجیحات ہی غلط ہیں ان کی سمت درست کرنا ہوگی

### ہر ادارے کو اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے، سیاستدان، سیاست کریں اور ہر ادارہ اپنا کام کرے تو مسائل کو ختم کیا جا سکتا ہے، گفتگو

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ ہم اس لیے زیر عتاب ہیں کہ پارلیمان اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

لاہور، پاکستان تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## صوابی بہن کی منگنی پر ناخوش بھائی کی فائرنگ سے 3 بہنیں جاں بحق

### فائرنگ کے وقت گھر میں موجود مزید 2 بہنوں نے چھپ کر اپنی جانیں بچائیں

صوابی (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی کے علاقے زیدہ ستی میں بہن کی منگنی پر ناخوش بھائی کی فائرنگ سے 3 بہنیں جاں بحق ہو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

## فلور ملز نے ملک بھر میں آٹا سپلائی بند کر دی، آٹے بحران کا خدشہ

### گوجرانوالہ، ملتان، فیصل آباد، کمالیہ، پشاور، کوئٹہ اور دیگر شہروں میں اکثر فلور ملز بند کر دی گئیں

### ود ہولڈنگ ٹیکس سے آٹے کا تھیلا 200 روپے مہنگا ہو جائے گا، ہمیں ٹیکس ایجنٹ نہ بنایا جائے، چیئرمین فلور ملز ایسوسی ایشن

کراچی، گوجرانوالہ، ملتان، فیصل آباد، پشاور (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں فلور ملز نے ملک بھر میں گندم کی پسائی اور آٹا سپلائی بند کر دی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جرمنی کا پارلیمنٹری وفد ملاقات کر رہا ہے

## جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے کی درخواست قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ

### رجسٹرار کو کہنا چاہیے تھا کیا اعلیٰ عدلیہ کے جج کے خلاف کوارنٹو کی رٹ قابل سماعت ہے؟ جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے کی درخواست قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

## خاتون کی طبیعت خراب، غیر ملکی پرواز کی کراچی میں ہنگامی لینڈنگ

### مسافر خاتون دوران پرواز ہی حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئیں

کراچی (این این آئی) غیر ملکی ایئر لائن کی کولمبو جانے والی پرواز کو اچانک خاتون مسافر کی طبیعت خراب ہونے پر کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22



روزنامہ قوت
میاں محمد فیاض لاہور

# سٹی نیوز

# دوست کو تنخواہ تاخیر سے ملنے پر ڈولفن اہلکار آپے سے باہر ہو گئے

## ڈولفن اہلکاروں کی فارمیسی مالک سے بدسلوکی کی فوٹیج سامنے آ گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) دوست کو تنخواہ تاخیر سے ملنے پر ڈولفن اہلکار آپے سے باہر ہو گئے، گلشن راوی کے علاقے میں ڈولفن اہلکاروں کی فارمیسی مالک سے بدسلوکی کی فوٹیج سامنے آ گئی، تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر منظر عام پر آنے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ دو ڈولفن اہلکار گلشن راوی میں واقع فارمیسی گئے اور دوست کو تنخواہ تاخیر سے دینے پر فارمیسی مالک کو گریبان سے پکڑ کر دھکے دیتے فارمیسی سے باہر لے گئے جس پر غیر مناسب رویہ اپنانے پر شہری نے فارمیسی بند کر دی ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے اہلکاروں کی بدسلوکی پر نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی اقبال ٹاؤن کو انکوائری کا حکم دے دیا ایس پی ڈولفن کا کہنا ہے کہ گلشن راوی ڈولفن اہلکار کا فارمیسی میں داخل ہونے کا واقعہ 1 جولائی کو پیش آیا ڈولفن ٹیم 15 کی کال پر موقع پر پہنچی تھی جہاں فارمیسی مینجر اور سابقہ ملازمین کے درمیان جھگڑے پر ڈولفن ٹیم نے ریسپانس کیا تھا ملازمین کے الخانہ تنخواہ نہ ملنے پر فارمیسی کے باہر لڑائی جھگڑا کر رہے تھے۔

# صوبائی دارالحکومت میں شہری سرراہ لٹنے لگے

## پولیس کی کرائم کنٹرول کرنے کی سب تدبیریں ناکام ہو گئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں شہری سرراہ لٹنے لگے پولیس کی کرائم کنٹرول کرنے کی سب تدبیریں ناکام ہو گئیں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 446 وارداتیں رپورٹ،، پولیس ذرائع کے مطابق ہاؤس رابری کے دوران مسلح ڈاکو اسلحہ کے زور پر شہری کے گھر سے نقدی اور دیگر سامان لوٹ کر لے گئے، نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 22 گھروں سے لاکھوں مالیت کا سامان لے اڑے ،راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 34 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فونز، مختلف مقامات پر شہریوں سے 4 موٹر سائیکلیں ،1 کار اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 35 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر لے گئے جبکہ شہر کے مختلف علاقوں سے 46 موٹر سائیکلیں،، 7 دیگر وہیکل چوری ہو گئیں اور متفرق چوری کی 292 وارداتیں رپورٹ ہوئیں اس کے علاوہ لاہور پولیس کی جانب سے ناجائز اسلحہ کے 27 منشیات کے 21 مقدمات درج کیے گئے اور آپریشن انویسٹی گیشن ونگ کی پولیس نے مشترکہ کارروائیوں میں 47 اشتہاری اور 47 عدالتی مفرور بھی گرفتار کیے۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری ایوانِ اوقاف میں منعقدہ "اوقاف کور کمیٹی" کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، نبیلہ جاوید، عامر علی چشتی و دیگر بھی موجود ہیں

# ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت اوقاف کور کمیٹی کا اجلاس

## ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف عامر علی چشتی و دیگر کی شرکت

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت محکمانہ تعمیر و ترقی کے جائزے کے لیے اوقاف کور کمیٹی کا اجلاس منعقدہ ہوا، جس میں ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف عامر علی چشتی، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف آصف اعجاز، ڈپٹی سیکرٹری اوقاف عامر شہزاد، ڈپٹی ڈائریکٹرز اوقاف عظیم حیات، محمد یوسف، چوہدری طاہر احمد اور پی ایس او ٹو سیکرٹری اوقاف زاہد اقبال سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ اوقاف کی تنظیم نو، دربار حضرت داتا گنج بخشؒ کی تعمیر، توسیع و تجدید نو، دربار حضرت سخی سرور ڈیرہ غازی خان سے ملحقہ وقف اراضی 31929 ایکڑز کی حد براری، ڈسٹرکٹ پبلک سکول گجرات کی کرایہ داری، محکمانہ کارکردگی کو موثر بنانے کے لیے پرفارمنس انڈیکیٹرز کا تعین، شہر پھالیہ میں 406 کمرشل یونٹس/دوکانات اور وقف اراضی ملحقہ مسجد کریم بخش واقع طویلہ بانسانوالہ پانی والا تالاب لاہور میں قائم شدہ 1056 کمرشل یونٹس/دوکانات پر محکمانہ قبضہ کی بحالی، دیگر سرکاری محکمہ جات کے زیر استعمال اوقاف لینڈ، E-Foas کا نفاذ، اور عدالتی و بورڈ آف ریونیو میں محکمہ کے حوالے سے دائر شدہ موجودہ کیسز، فیس منتقلی کے معاملات، نئے کرایہ جات پر عملدرآمد، کمرشل سکیموں، نئی پراپرٹیز کو ٹیک اوور کرنا، سیل شدہ یونٹس کی نیلام عام اور قدیمی بقایا جات کی صورتحال وغیرہ کے امور کو زیر غور لایا گیا۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کابینہ کمیٹی برائے امور قانون سازی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، وزیر قانون صہیب بھرتھ اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری بھی موجود ہیں

## کابینہ کمیٹی کا اجلاس، متعدد فیصلوں کی منظوری، کابینہ کمیٹی نے پنجاب حکومت اور اقوام متحدہ کے آفس فار پراجیکٹ سروسز کے درمیان ایم او یو پر دستخط،

## پی ایچ اے ڈی جی خان کے چیئرمین، وائس چیئرمین اور ارکان کے ناموں کی منظوری دی، کسی بھی ادارے کے بورڈ کے لیے نجی ارکان کے انتخاب کیلئے باقاعدہ طریقہ کار طے کیا جائے

## اجلاس کے دوران پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے بورڈ ارکان کی نامزدگی کی منظوری دی گئی

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پنجاب کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے امور قانون سازی و نجکاری کے اجلاس کے دوران متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی ہے۔ وزیر قانون، مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ، وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، متعلقہ سیکرٹریز نے شرکت کی۔ کابینہ کمیٹی نے پنجاب حکومت اور اقوام متحدہ کے آفس فار پراجیکٹ سروسز کے درمیان ایم او یو پر دستخط، پی ایچ اے ڈی جی خان کے چیئرمین، وائس چیئرمین اور ارکان کے ناموں کی منظوری دی۔ اس موقع پر کمیٹی نے زور دیا کہ کسی بھی ادارے کے بورڈ کے لئے نجی ارکان کے انتخاب کیلئے باقاعدہ طریقہ کار طے کیا جائے۔ اس حوالے سے ایک سرچ کمیٹی بھی تشکیل دینے پر غور کیا جانا چاہیے۔ اجلاس کے دوران پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے بورڈ ارکان کی نامزدگی کی منظوری دی گئی۔ کمیٹی نے فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل نہ کرنے والی گاڑیوں کے مالکان کو جرمانہ بڑھانے کے قانون میں ترمیم کی بھی منظوری دی۔ اس ضمن میں کابینہ کو موٹر سائیکل کے لئے ایک ہزار، کار اور چھوٹی گاڑیوں کو 2 ہزار اور بھاری ٹرانسپورٹ کو 5 ہزار روپے جرمانے کی سفارش کی گئی ہے۔ کابینہ کمیٹی نے پنڈی بھٹیاں میں نئی قائم ہونے والی سب جیل کو فعال کرنے جبکہ پولیس انسپکٹرز، سب انسپکٹرز کی بھرتی اور ترقی کے قواعد میں ترمیم کی بھی منظوری دی۔ کابینہ کمیٹی برائے امور قانون سازی و نجکاری نے کینال کمانڈ ایریاز اور واٹر سپلائی کے مسودہ قانون میں ترمیم کی منظوری موخر کرتے ہوئے پہلے تفصیلی بریفنگ لینے کا فیصلہ کیا۔ ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ناموں، کونسل برائے حقوق معذوراں کی تشکیل کی درخواست اور چار ماہرین کی بطور ممبر انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی تعیناتی کی بھی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزرا نے کہا کہ فیصلوں کی حتمی منظوری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دیں گی۔

# بیسک ایلیٹ کورس کے موضوع امیدواروں کی کلیرنس مانگ لی گئی

## ایڈیشنل آئی جی ایلیٹ پنجاب کی جانب سے متعلقہ پولیس افسران کو مراسلہ بھجوا دیا گیا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) 26 واں بیسک ایلیٹ کورس یکم ستمبر 2024 کو ایلیٹ پولیس ٹریننگ سکول، بیدیاں روڈ، لاہور میں گا، بیسک ایلیٹ کورس کے موضوع امیدواروں کی کلیرنس مانگ لی گئی، پولیس ذرائع کے مطابق ایڈیشنل آئی جی ایلیٹ پنجاب کی جانب سے متعلقہ پولیس افسران کو مراسلہ بھجوا دیا گیا ہے جس میں لکھا گیا ہے کہ امیدوار حفاظت کے ساتھ ساتھ جسمانی طور پر نفسیاتی طور پر فٹ اور سکیورٹی کلیرنس ہو ان کی عمر 35 سال سے زیادہ نہ ہو وہ کسی بھی مجرمانہ کیس میں ملوث نہ ہو اور کم از کم ایک سال کی سروس کے دوران کوئی بڑی سزا نہ ہوئی ہو مراسلہ میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ ہیڈ کانسٹیبل ترقی یافتہ اے ایس آئی یا ایس آئی اور پی کیڈٹ اے ایس آئی یا ایس آئی جو پنجاب پولیس کا ممبر ہے جس کو گزشتہ دو سالوں میں کوئی بڑی سزا نہیں دی گئی وہ کورس کے اہل ہیں منتخب اہلکاروں کو اسپیشل برانچ، پنجاب سے سکیورٹی کے لحاظ سے کلیئر کیا جائے گا اس حوالے سے سپیشل برانچ بیسک ایلیٹ کورس سے قبل اہلکاروں کے کریکٹر رپورٹ بھجوائے گی۔

# لاہور سمیت پنجاب بھر میں کم عمر بچوں کے اغوا کی وارداتیں

## پنجاب بھر میں بچوں کے اغوا کی ایک ہزار 496 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب بھر میں کم عمر بچوں کے اغوائی کی وارداتوں میں خوفناک حد تک اضافہ ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق رواں سال لاہور سمیت پنجاب بھر میں کم عمر بچوں کے اغوا کی وارداتیں رپورٹ ہوئیں، لاہور میں بچوں کے اغوائی کے 366 مقدمات درج ہوئے، پنجاب بھر میں بچوں کے اغوا کی ایک ہزار 496 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس اغوا ہونے والے بچوں میں 20 فیصد بچوں کو بازیاب کروانے میں ناکام ہے، پولیس لاہور میں 53 سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع 309 بچوں کو بازیاب کرانے میں بے بس نظر آ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور سے 396 جبکہ صوبہ بھر سے ایک ہزار 567 بچے اغوا ہوئے، پولیس لاہور میں 343 جبکہ صوبہ بھر سے 1258 بچوں کو بازیاب کرا سکی، شیخوپورہ ریجن میں 123 اغوا بچوں میں سے 29 بچوں کو بازیاب نہ کروایا جا سکا۔ اسی طرح گوجرانوالہ ریجن میں 330 میں سے 51 بچے بازیاب نہ ہو سکے، گجرات کے اغوا شدہ 57 بچوں میں سے 15، راولپنڈی میں 70 بچوں میں سے 15، سرگودھا 52 بچوں میں سے 14، فیصل آباد میں 137 اغوا شدہ بچوں میں سے 29 ابھی لاپتہ ہیں۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے 38 ویں سنڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کا 38 واں سنڈیکیٹ اجلاس منعقد

## پروفیسر شبنم کو ڈی جی پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ جینیٹک ڈیزیز ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا اضافی چارج دینے کی منظوری دے دی گئی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کا 38 واں سنڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے 37 ویں سنڈیکیٹ اجلاس کے تمام فیصلوں کی توثیق کر دی۔ رجسٹرار یونیورسٹی پروفیسر ندیم نے سنڈیکیٹ ایجنڈا کے مندرجات پیش کئے۔ سنڈیکیٹ اجلاس کے دوران پروفیسر شبنم کو ڈی جی پنجاب تھیلیسیمیا اینڈ جینیٹک ڈیزیز ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا اضافی چارج دینے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ سنڈیکیٹ اجلاس کے دوران فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کو اسسٹنٹ پروفیسر میڈیکل ایجوکیشن اور ڈپٹی ڈائریکٹر QEC کی Re Appointment کی اجازت دے دی گئی ہے۔ سنڈیکیٹ اجلاس کے دوران فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کو اسسٹنٹ آڈٹ آفیسر کی ایکسٹینشن کی منظوری دے دی گئی ہے۔ سنڈیکیٹ اجلاس کے دوران مدر اینڈ چائلڈ بلاک کی سی ایس ایس ڈی اور لانڈری کو آپریشنلائز کرنے کیلئے آؤٹ سورسنگ کی اجازت دے دی گئی ہے۔ سنڈیکیٹ اجلاس کے دوران ادویات کی خریداری کیلئے تیسری ری ٹینڈر کے فریم ورک کی اجازت دے دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کو کیو ایس رینکنگ حاصل کرنے کیلئے مبارکباد اور شاباش دیتے ہیں۔ پنجاب کی طبی درسگاہوں میں معیاری تعلیم کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اجلاس میں محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سے سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ سید واجد علی شاہ اور ایڈیشنل سیکرٹری خالد عثمان، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن وحید راٹھور، پرو وائس چانسلر پروفیسر کامران خالد، اراکین پنجاب اسمبلی کنول پرویز چوہدری اور آمنہ احتشام الحق، مانک شیخ تارڑ، پروفیسر نورین اکمل، پروفیسر بلقیس شبیر، پروفیسر شیریں خاور، ایم ایس مزنگ ٹیچنگ ہسپتال، ایم ایس گنگارام ہسپتال، ایم ایس شاہدرہ ٹیچنگ ہسپتال، محکمہ فنانس، محکمہ قانون و دیگر محکمہ جات کے نمائندگان نے بطور سنڈیکیٹ ممبران شرکت کی۔

## نمازوں کے اوقات

| | |
|---|---|
| صبح صادق | 3:30 |
| فجر | 4:20 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 5:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 8:30 |

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

26 جولائی ڈی چوک اسلام آباد دھرنا کی آگاہی کیمپ میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# 26 جولائی کو شہر لاہور سے لاکھوں افراد اسلام آباد دھرنا میں شریک ہوں گے

## عاشورہ کے پیش نظر دھرنا کے 26 جولائی تک التواء کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے حافظ نعیم الرحمن کے ملک بھر سے علماء اکرم کی درخواست پر عاشورہ کے پیش نظر اسلام آباد میں 12 جولائی کو ہونے والے عظیم الشان انقلابی عوامی دھرنا کے التواء کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ 26 جولائی کو شہر لاہور سے لاکھوں افراد اسلام آباد دھرنا میں شریک ہوں گے۔ شہر بھر میں 30 سے زائد اہم مقامات پر لگائے گئے آگاہی کیمپوں اور گلی محلوں میں حکومت کی بجلی کے بلوں میں بھتہ خوری اور جاری ظلم و جبر کے نظام کیخلاف عوام کو منظم کریں گے، حکومت کو واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ دھرنا احترام عاشورہ اور ملک بھر سے علماء اکرام کی درخواست پر چند دن آگے کیا گیا ہے۔ 26 جولائی کو اب اور زیادہ قوت کیساتھ عوامی مقدمہ دھرنے کی صورت میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں لڑیں گے۔ امیر لاہور نے مزید کہا کہ حضرت امام حسینؓ نے حق و صداقت کا پرچم بلند کیا، واقعہ کربلا ہمیں انسانی اقدار کے تحفظ اور انسانی حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے، واقعہ کربلا ظلم کے خلاف جدوجہد کرنے کا نام ہے، جماعت اسلامی ملک میں جاری ظالمانہ نظام کیخلاف بھرپور قوت کیساتھ عوامی دھرنا دیگی۔

# چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس

## مون سون کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کا جائزہ

لاہور (خبر نگار) چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس، مون سون کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کا جائزہ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے جاری ہونیوالے اعلامیے کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا، جس میں مون سون کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کیے جانیوالے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے بتایا کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ تمام ڈویژنز میں کرینز موجود ہیں جبکہ سب ڈویژنز کو اضافہ ٹرانسفارمرز ٹرالیز فراہم کر دی گئی ہیں تا کہ ہنگامی صورتحال میں استعمال میں لائی جا سکیں، اس کے علاوہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اضافی عملے کو بھی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ انجینئر شاہد حیدر نے حکام کو ہدایت کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے عملے کو ہر وقت تیار رکھیں، خصوصاً بارش کے دوران آنے والی تکنیکی خرابیوں کو بارش رکتے ہی ٹھیک کیا جائے تا کہ صارفین کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بجلی کی سپلائی سے متعلق کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ کی جائے، کوتاہی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران و ملازمین کے خلاف سخت سے سخت محکمانہ کارروائی کی جائے۔

# ویٹرنری یونیورسٹی نے مسٹائٹس مینجمنٹ کیلئے ریپڈ آن فارم کلچر سسٹم کے موضوع پر ورکشاپ کا انعقاد کیا

## افتتاحی تقریب کی صدارت چیف ایگزیکٹو پنجاب ایگریکلچر ریسرچ بورڈ ڈاکٹر محمد اکرم قاضی نے کی

Organized by:
Department of Veterinary
University of Veterinary & Ani
UVAS

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے ڈیپارٹمنٹ آف ویٹرنری میڈیسن نے پنجاب ایگریکلچر ریسرچ بورڈ کے باہمی اشتراک سے گزشتہ روز سٹی کیمپس میں مسٹائٹس مینجمنٹ (ساڑو) کے لیے ریپڈ آن فارم کلچر سسٹم کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ افتتاحی تقریب کی صدارت چیف ایگزیکٹو پنجاب ایگریکلچر ریسرچ بورڈ ڈاکٹر محمد اکرم قاضی نے کی جبکہ دیگر اہم شخصیات میں وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز)، ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، ایمرائٹس پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی، ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف مائکروبیالوجی پروفیسر ڈاکٹر آفتاب احمد انجم، چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف ویٹرنری میڈیسن پروفیسر ڈاکٹر محمد اعجاز، چیف آرگنائزر ورکشاپ پروفیسر ڈاکٹر محمد اویس کے علاوہ مختلف قومی و بین الاقوامی تعلیمی اداروں سے اساتذہ، ویٹرنیرین، تحقیق کاروں، ڈیری فارم مینجرز، فارماسوٹیکل صنعتوں سے نمائندوں، سٹیک ہولڈرز، پروفیشنلز اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد اکرم قاضی نے کہا کہ PARB مختلف انسٹی ٹیوشنز کو تحقیقی پراجیکٹس چلانے کے لئے مالی معاونت کر رہا ہے جس سے مویشیوں کی بیماریوں کی نشاندہی، فارم پر ساڑو بیماری کی مینجمنٹ اور صحت سے متعلقہ ڈیری سیکٹر کو درپیش چیلنجز پر قابو پایا جا رہا ہے نیز ڈیری سیکٹر کو فعال بنانے کے لیے پنجاب ایگریکلچر ریسرچ بورڈ کی جانب سے کیئے جانے والے اقدامات کے بارے میں بھی بتایا۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے معلوماتی موضوع پر ورکشاپ کا انعقاد کروانے پر آرگنائزر کی کاوشوں کو سراہا نیز کہا کہ فارم پر ساڑو بیماری کی مینجمنٹ سے نا صرف مویشی پال کسانوں کا منافع بڑھے گا بلکہ ملک میں ڈیری سیکٹر بھی تیزی سے ترقی کرے گا۔ انہوں نے ویٹرنری یونیورسٹی میں جاری تحقیقی پراجیکٹس میں مالی تعاون مہیا کرنے پر پنجاب ایگریکلچر ریسرچ بورڈ کا شکریہ بھی ادا کیا۔

# محرم الحرام کے پیش نظر ٹریفک پولیس نے بخوبی ڈیوٹی سرانجام دی

## لاہور میں 400 مجالس کے موقع پر 57 ٹریفک اہلکار تعینات رہے

لاہور (کرائم رپورٹر) سٹی ٹریفک پولیس لاہور 11 جولائی 2024 عشرہ محرم الحرام کا چوتھا روز آج لاہور میں 400 مجالس اور 57 ٹریفک اہلکار تعینات امام بارگاہ غازی ابو الفضل العباس علمدار مغلپورہ 7:15 سے 10:30 ڈیوارشین لگائی جائے گی مغلپورہ پل جانب رام گڑھ ٹریفک ون وے چلائی جائے گی ڈائیورشن کے دوران مغل پورہ سے شالیمار لنک روڈ پر سفر کرنے والے متبادل راستہ اختیار کرے جی ٹی روڈ سے مغل پورہ نہر کی طرف آنے والے شالیمار لنک روڈ استعمال نہ کرے وحدت روڈ پر رضا بلاک سے جانب بھیکے والا امام بارگاہ گلشن زہرہ 3 بجے سے رات 8 بجے تک ڈائیورشن رحیم سٹور سے جانب سکیم موڑ اور سکیم موڑ سے جانب دونوں سائیڈ رات 9 بجے سے 12 بجے تک بوجہ مجلس کالی کوٹھی ڈائیورشن ہو گی خیمہ سادات مجلس کی وجہ سے ایچ آفس سے چین مندر دونوں سائیڈز شام 7 بجے سے 10 بجے تک ڈائیورشن لگائی جائے گی گرین ٹاؤن پیکو روڈ صابریہ مسجد کٹ سے اور کوٹ لکھپت اسٹیشن سے جانب پیکو روڈ جانب لاہور برج بوجہ مجلس روڈ 7 بجے سے 12 بجے تک ایک سائیڈ بند کی جائے گی بخاری حاوس امام حسین روڈ مجلس قزافی سے جانب امام حسین روڈ مغرب تا 11 بجے ڈائیورشن محمدی مسجد حالی روڈ جانب چمن دن 2:30 بجے دوپہر سے 10 بجے رات ڈائیورشن امام بارگاہ کاشانہ پنجتن پاک ڈائیورشن چغتائی لیب سروس روڈ ڈیفنس ہوم موٹرز 2 بجے سے رات 12 بجے تک ڈائیورشن ترجمان ٹریفک پولیس لاہور

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے آفیشل AIOU موبائل ایپ متعارف کروا دی

## تمام رجسٹرڈ طلبہ موبائل کے Google Play سے AIOU Official App کو 9 اگست سے پہلے ڈاؤن لوڈ کر لیں، انتظامیہ

لاہور (خبر نگار) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل کیمپس لاہور کے ایک پریس ریلیز کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے آفیشل AIOU موبائل ایپ متعارف کروا دی ہے تمام رجسٹرڈ طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موبائل کے Google Play سے AIOU Official App کو 9 اگست سے پہلے ڈاؤن لوڈ کر لیں۔ سمسٹر بہار 2024 کے امتحانات کی رول نمبر سلپس ایپ سے ہی ڈاؤن لوڈ کرنی ہو گی یا اپنے علاقائی دفتر سے PDF فارم میں وصول کی جا سکتی ہے۔ یاد رہے کہ آئندہ امتحان کے لیے کوئی پرنٹ شدہ ایڈمٹ سلپس جاری نہیں کی جائیں گی۔ مزید معلومات کے لیے ریجنل آفس لاہور کے فون نمبر 04299333578/79 پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

# فیصل آباد گھر سے ناراض ہو کر نکلنے والی بچی لاہور پہنچ گئی

## ڈولفن ٹیم شاہدرہ کو بچی بیگم کوٹ کے قریب روتی ہوئی ملی

لاہور (کرائم رپورٹر) فیصل آباد گھر سے ناراض ہو کر نکلنے والی بچی لاہور پہنچ گئی۔ ڈولفن ٹیم شاہدرہ کو بچی بیگم کوٹ کے قریب روتی ہوئی ملی۔ ڈولفن ٹیم نے 14 سالہ نیشاء کو اپنی حفاظتی تحویل میں لے لیا بچی 2 روز قبل گھر والوں سے ناراض ہو کر لاہور آ گئی تھی۔ بچی کے لاپتہ ہونے کی رپورٹ تھانہ سمن آباد فیصل آباد میں درج ہے۔ ڈولفن ٹیم نے بچی کی معلومات حاصل کر کے فیصل آباد اہل خانہ کو مطلع کر دیا۔ ترجمان ڈولفن والدین کے لاہور پہنچنے تک بچی تھانہ شاہدرہ کے حوالے۔ بیٹیاں اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہیں، والدین انکے ساتھ پیار، اور نرمی سے پیش آئیں۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد

# پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے جدید لائبریریز بنانے کا فیصلہ

## ایس او پیز بنانے کے حوالے سے متعلقہ جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو مراسلہ بھجوایا گیا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کے لیے جدید لائبریریز بنانے کا فیصلہ، قیدیوں کو کتابیں جاری کرنے کے لیے ایس او پی بنا دیئے گئے، آئی جی پنجاب جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کی جانب سے پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کے لیے جدید لائبریریز بنانے کے بعد ایس او پیز بنانے کے حوالے سے متعلقہ جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو مراسلہ بھجوایا گیا ہے جس میں لکھا گیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ جیل کی طرف سے ایک شیڈول مرتب کر کے ہر بیرک/سیل میں آویزاں کیا جائیگا، کسی دن کس بیرک/سیل کے اسیران کو کتابیں ایشو ہوں گی، درج ہو گا۔ اس دن کے علاوہ کتاب ایشو نہیں ہو گی لائبریری میں موجود کتابوں کی تفصیل ہو گی جو تمام بیرکس/سیلز میں مہیا کی جائیگی، مراسلے میں مزید لکھا گیا ہے کہ کتابیں ہر بیرک/سیل کے امیران کو ان کے دستخط اور انچارج بیرک/سیل کے دستخط کے ساتھ issue ہوں گی اور متعلقہ انچارج بیرک/سیل کتاب کا ذمہ دار ہو گا۔

# پی آئی ٹی بی کے زیر اہتمام انٹرنیشنل وومن ان انجینئرنگ ڈے کی تقریب

## ایونٹ نیٹ ورکنگ، لرننگ، انجینئرنگ و ٹیکنالوجی میں خواتین کو با اختیار بنائے گا، فیصل یوسف

لاہور (خبر نگار) پنجاب آئی ٹی بورڈ نے انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹی اور الیکٹریکل اینڈ الیکٹرانکس انجینئرز (IEEE) ویمن ان انجینئرنگ (WIE) لاہور سیکشن افینیٹی گروپ کے اشتراک سے انٹرنیشنل وومن ان انجینئرنگ ڈے 2024 کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد کیا۔ "بریکنگ بیریئر اینڈ بلڈنگ برجز" کے عنوان سے منعقدہ تقریب میں پی آئی ٹی بی چیف فنانس آفیسر نادیہ ریاض، پی آئی ٹی بی ڈائریکٹر نوشین فیاض، پی آئی ٹی بی ڈائریکٹر خدیجہ ظہور، سینئر پروجیکٹ مینیجر آسیہ ظہور، آئی ٹی یونیورسٹی سے ڈاکٹر ابیحہ زہرہ اور انجینئر ہادیہ سجاد نے بطور مہمان سپیکر شرکت کی اور AI اور 4IR کے دور میں خواتین لیڈروں کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے کیلئے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ جی آئی ایس ایکسپرٹ ماریہ زبیر نے سٹریس مینجمنٹ کے حوالے سے تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا اور حاضرین کے سوالات کا جواب دیا۔ اس حوالے سے پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ یہ ایونٹ نیٹ ورکنگ، لرننگ اور انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی میں خواتین کو با اختیار بنانے کی جانب ایک قدم ہے جس سے خواتین کو نئی ٹیکنالوجیز سے آگاہی اور کارکردگی میں بہتری لانے کا موقع ملے گا۔

# گرین ٹاؤن پولیس نے 02 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گرین ٹاؤن پولیس نے 02 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں محمد احسان اور محمد نوید سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں دونوں ملزمان گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹتے اور فرار ہو جاتے تھے ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی 1 عدد موٹر سائیکل 4 عدد موبائل اور 20 ہزار روپے برآمد کی گئی ہے ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ 02 پسٹل اور گولیاں بھی برآمد کی گئی ہیں ملزمان کو مزید تحقیقات کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔

# ٹریفک پولیس حادثات کے سدباب اور محفوظ سفر میں پیش پیش

## بغیر لائسنس ڈرائیونگ کرنے پر 02 لاکھ 30 ہزار 996 وائیلیٹرز کو چالان ٹکٹس جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور ٹریفک پولیس کا بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانا قانوناً جرم/ 2 لاکھ 30 ہزار 996 شہریوں کو چالان ٹکٹس جاری کیا ہے لاہور ٹریفک پولیس حادثات کے سدباب اور محفوظ سفر میں پیش پیش، رواں سال بغیر لائسنس ڈرائیونگ کرنے پر 02 لاکھ 30 ہزار 996 وائیلیٹرز کو چالان ٹکٹس جاری، بغیر ہیلمٹ، موٹر سائیکل چلانے پر دو، دو ہزار روپے کا جرمانہ کیا گیا، رواں سال ہیڈ انجری سے وفات پانے والے کی تعداد میں 60% کمی آئی ہے 2024 میں ہیڈ انجری سے 392 شہریوں کی ڈیتھ ہوئی جبکہ رواں سال 161 شہری ہیڈ انجری سے ڈیتھ ہوئی ،عمارہ اطہر جس نے ایک جان بچائی اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی، سی ٹی او لاہور کا ہیلمٹ کا استعمال نہ کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹولرنس پولیسی اپنانے کا حکم ہیلمٹ کے استعمال سے 231 شہریوں کی زندگیوں کو بچایا ترجمان سٹی ٹریفک پولیس لاہور۔

# لاہور میں تمام 5235 مجالس اور 600 سے زائد جلوسوں کے حفاظتی انتظامات مکمل ہیں، خواجہ سلمان رفیق

## 22 ذاکرین و مقررین کی ضلع بندی اور 32 کی زباں بندی کے احکامات جاری کیے جا چکے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت ایوان وزیر اعلیٰ میں محرم الحرام کے حوالے سے لاہور ڈویژن کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزراء چوہدری شافع حسین، بلال اکبر خان، بلال یاسین، سید عاشق حسین کرمانی اور فیصل کھوکھر نے شرکت کی۔ کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر نے محرم الحرام کے حوالے سے لاہور ڈویژن میں حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ حکام نے تمام تر انتظامات بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ صوبہ بھر میں محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مرکزی جلوسوں اور مجالس کے ذمہ داران کی مشاورت کے ساتھ سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ لاہور میں تمام 5235 مجالس اور 600 سے زائد جلوسوں کے حفاظتی انتظامات مکمل ہیں۔ 22 ذاکرین و مقررین کی ضلع بندی اور 32 کی زباں بندی کے احکامات جاری کیے جا چکے ہیں۔ لاہور میں 105 افراد کی نظر بندی کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ پولیس، ریسکیو، سول ڈیفنس کے ساتھ فوج اور رینجرز کے جوان بھی ڈیوٹی پر تعینات ہیں۔ اجلاس میں اراکین پنجاب اسمبلی رانا اقبال خان و دیگر شامل تھے۔ اجلاس میں سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ، کمشنر لاہور زید بن مقصود، لاہور، قصور، ننکانہ اور شیخوپورہ سے ڈی سی اور ڈی پی او صاحبان نے شرکت کی۔

صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر خواجہ سلمان رفیق ایوان وزیر اعلیٰ میں محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

# جلوسوں کے روٹس اور مجالس کے مقامات کو ہمیشہ کلیئر رکھا جائے

ڈی سی چنیوٹ

## میڈم سندس ارشاد کا ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کا دورہ، مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی فراہمی، ضروری مرمت اور دیگر انتظامات کا جائزہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد میڈم سندس ارشاد نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی فراہمی، ضروری مرمت اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر میوزیم، گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول قلعہ رام کور کا بھی دورہ کیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور، ایم ایس ڈاکٹر مقصود ظفر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ثمینہ یاسمین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس بھی انکے ہمراہ تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کے دورہ کے موقع پر جنرل ایمرجنسی، چلڈرن وارڈ، سرجری وارڈ، میڈیکل وارڈ، نرسری وارڈ اور دیگر شعبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں سے مفت ادویات کی فراہمی اور بہتر طبی سہولیات کی دستیابی بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ مریضوں کے تمام وارڈز میں ایئر کنڈیشن مکمل طور پر چلنے چاہیے اور مریضوں کو ادویات کے حصول میں کسی قسم کی کوئی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹراما سنٹر میں جاری ضروری تعمیر و مرمت کے کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے ساگر روڈ پر بننے والے حافظ آباد کے پہلے میوزیم کے منصوبے کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر محکمہ بلڈنگز کے افسران نے انہیں میوزیم کے زیر تعمیر منصوبے بارے بریفنگ بھی دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول قلعہ رام کور کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے سکولوں کی صفائی ستھرائی، کمپیوٹر لیب، اور مختلف کلاس رومز کا دورہ کرتے ہوئے وہاں درس و تدریس اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ موسم گرما کی تعطیلات کے دوران سکولوں کی ضروری مرمت، رنگ و روغن، اور دیگر کاموں کو جلد مکمل کیا جائے۔

## مریم نواز صوبے میں خدمت کی سیاست کو فروغ دے رہی ہیں، محمد منشاء اللہ

### کلینک آن ویل کی بدولت عوام الناس کو صحت کی سہولت ان کے گھروں کی دہلیز پر دستیاب ہوگئی

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما و رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف صوبے میں خدمت کی سیاست کو فروغ دے رہی ہیں، کلینک آن ویل کی بدولت عوام الناس کو صحت کی سہولت ان کے گھروں کی دہلیز پر دستیاب ہوگئی ہے، جہاں پر شہریوں مفت طبی معائنہ کیلئے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم اور پیرامیڈیکس سٹاف موجود ہیں وہی پر ادویات بھی مفت فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ جن شہریوں کو مفت علاج معالجے کی ضرورت ہے کو متعلقہ ہسپتالوں میں علاج کیلئے ریفر کیا جاتا ہے※ صرف ساڑھے تین ماہ میں کلینک ان ویل※ سے ہزاروں شہریوں کو معیاری طبی سہولیات میسر آ گئیں ہیں۔ یہ بات انہوں نے آج اپنے حلقہ انتخاب یونین کونسل کوٹلی بہرام میں کلینک آن ویل کے تحت لگائے گئے میڈیکل کیمپ کے معائنہ کے دوران بتائی۔ سٹی صدر پی ایم ایل این رفیق مغل، چیف ایگزیکٹو ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری، چودھری سیف اللہ، چیئرمین زاہد حسین خالدی، شیخ ناصر، عدنان اکبر اور نصر پہلوان بھی موجود تھے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری نے محمد منشاء اللہ بٹ کو کلینک آن ویل کے تحت لگائے گئے میڈیکل کیمپ میں فراہم کی جانے والی سہولیات بارے بریفنگ دی۔ قبل ازیں محمد منشاء اللہ بٹ نے میڈیکل کیمپ کا افتتاح کیا اور میڈیکل چیک اپ کیلئے آنے والے شہریوں سے میڈیکل کیمپ میں ملنے والی طبی سہولیات کی بابت استفسار کیا۔

## مہنگائی سے پسی عوام کو کم اور مناسب فیس میں اعلی تعلیمی معیار فراہم کرنا اولین فرض، پرنسپل خالد نواز

چنیوٹ ( ڈسٹرکٹ رپورٹر) مہنگائی سے پسی ہوئی عوام جو تعلیم حاصل کرنا چاہتے انکو انتہائی کم اور مناسب فیس میں اعلی تعلیمی معیار فراہم کرنا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں خالد نواز مختلف شعبہ جات کے کورسز کرنے والے تمام عمر کے طالبعلموں کیلئے دانش کدہ کالج کی رہنمائی ہر وقت دستیاب ہے ہم اور ہماری ٹیم ہر وقت خدمت خلق کیلئے کوشاں ہیں سنٹر آف اکیڈیمکس دانش کدہ لاء کالج بنوں تعلیمی معیار میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتا ہے اس جدید دور میں تعلیم کو عام کرنے میں اپنا احسن کردار ادا کررہا ہے فیس بھی دیگر پرائیوٹ کالجز سے کم ہونے کے باوجود سٹاف کا عملہ انتہائی محنتی ہے اپنے طالبعلم کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی ہے اور اپنے تدریسی فرائض کو تن دہی سے سرانجام دیتے ہیں پرنسپل خالد نواز ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ڈسٹرکٹس کورٹ بنوں تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خالد نواز پرنسل سنٹر آف اکیڈیمکس دانش کدہ لاء کالج بنوں نے میاں آصف اعجاز سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس دور جدید اور مہنگائی سے پسی ہوئی غریب عوام میں تعلیم کو عام کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں تعلیم حاصل کرنا ہر غریب اور امیر کے بچوں کا حق ہے انہوں نے مزید کہا کہ یہ حق ہر امیر اور غریب کے بچے کو دلوانے میں کوشش جاری رہے گے پنجاب بھر میں تعلیمی معیار اعلی ہونے کی وجہ سے دانش کدہ لاء کالج اپنا ایک مقام رکھتا ہے جس کا پنجاب بھر سے تعلیم حاصل کرنے کیلئے طالبعلموں کا بنوں جانا اور داخلہ کروانا ایک منہ بولتا ثبوت ہے اس موقعہ پر ضلع چنیوٹ سے زیر تعلیم فیکلٹی آف لاء طالب علم جو چنیوٹ کے رہائشی جن میں محمد آصف اعجاز تھہیم ایڈووکیٹ، حسن علی تھہیم، محمد عرفان جونیئر اور صدر ٹیکس بار ایسوسی ایشن چوہدری اظہر مسعود سندھو ایڈووکیٹ و دیگر ٹیکس بار ایسوسی ایشن ممبران بھی موجود تھے۔

## چوآسیدن شاہ میں کان میں 4 کان کن کے جاں بحق ہونے کا واقعہ، وزیر معدنیات سردار شیر علی کا مذکورہ مائن کا دورہ

چکوال (ایم ایوب سلطانی ) چوآسیدن شاہ میں کان میں 4 کانکنان کے جاں بحق ہونے کا افسوسناک واقعہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی کا چکوال میں مذکورہ مائن کا دورہ مائن میں جاری ریسکیو آپریشن کا جائزہ ایڈیشنل سیکرٹری مائنز اینڈ منرلز اشفاق الرحمن، چیف انسپکٹر مائنز زاہد اور ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ بھی ہمراہ صوبائی وزیر معدنیات نے جونیئر انسپکٹر آف مائنز کو فوری معطل کرنے کا حکم دے دیا حادثے میں جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ سے ملاقات مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر کو لواحقین کو 8،8 لاکھ امداد فوری طور پر ادا کرنے کا حکم صوبائی وزیر نے ریسکیو اہلکاروں کا حوصلہ بڑھایا آخری ڈیڈ باڈی کے ملنے تک ریسکیو آپریشن جاری رکھنے کی ہدایت صوبائی وزیر نے چیف انسپکٹر آف مائنز کو ریسکیو آپریشن جاری رہنے تک سائٹ پر موجود رہنے کا حکم دے دیا ایڈیشنل سیکرٹری اشفاق الرحمان خان کی قیادت میں انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی کمیٹی 7 دن کے اندر اندر مزید ذمہ داران کی نشاندہی کرے گی لیز ہولڈر کی لاپرواہی ثابت ہونے پر لیز فوری کینسل کرنے کا حکم کسی بھی سائٹ پر ڈسپنسری کے بغیر مائننگ غیر قانونی ہے۔ صوبائی وزیر معدنیات بنا ڈسپنسری کے مائننگ سائٹ پر فوری مائن اونر کی لیز کینسل کر دی جائے گی۔ سردار شیر علی گورچانی کانکنوں کی جان کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے۔ سردار شیر علی گورچانی حادثے میں ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ سردار شیر علی گورچانی دکھ اور غم کی اس گھڑی میں پورا محکمہ کانکنان کے لواحقین کے ساتھ ہے۔ سردار شیر علی گورچانی لواحقین کو فوری معاوضہ اور دیگر امداد فراہم کر کے ان کی تکالیف میں کمی کی کوشش کریں گے۔

## 4 سالہ بچے کا ہاتھ پنکھے کی ننگی تار سے چھو گیا اور بجلی کا زوردار جھٹکا لگنے سے جاں بحق

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) 4 سالہ بچے کا ہاتھ پنکھے کی ننگی تار سے چھو گیا اور بجلی کا زور دار جھٹکا لگنے سے جاں بحق تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب واربرٹن روڈ کھڈاں والا گاؤں گھر میں کھیلتے ہوئے 4 سالہ شعبان ولد علی رضا کا ہاتھ پنکھے کی ننگی تار سے چھو گیا اور بجلی کا زور دار جھٹکا لگنے کی وجہ سے اس کی حالت غیر ہو گئی اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا اور فوری سی پی آر اپلائی کیا مگر بچہ جانبر نہ ہوسکا۔ ریسکیو 1122 عملہ نے ضروری کارروائی کے بعد ڈیڈ باڈی لواحقین کے حوالے کردی۔

## ضلع شیخوپورہ کی طالبہ کا اعزاز

## فاطمہ محمود کی 1179 نمبر حاصل کر کے ضلع بھر میں پہلی پوزیشن

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع شیخوپورہ کی طالبہ کا اعزاز، میٹرک کے سالانہ امتحانات میں گھنگ روڈ کے رہائشی محمد انور شہزاد کی بیٹی اور سول جج محمد اسد سجاد چوہدری کی فرسٹ کزن طالبہ فاطمہ محمود نے 1179 نمبر حاصل کر کے ضلع بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی اس کامیابی پر طالبہ فاطمہ محمود اس کے والدین و اساتذہ کو ضلع کی سیاسی سماجی و دینی مذہبی شخصیات نے مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالی طالبہ فاطمہ محمود کو اسی طرح آئندہ بھی تعلیمی کامیابیوں سے نوازے۔

## حافظ آباد کا جگانوالہ روڈ بارشوں کا سلسلہ شروع ہونے سے قبل ہی ندی نالوں میں تبدیل ہوگیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کا جگانوالہ روڈ بارشوں کا سلسلہ شروع ہونے سے قبل ہی ندی نالوں میں تبدیل ہوگیا۔ علاقہ مکین گھروں میں محبوس ہو کر رہ گئے جبکہ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کا مذکورہ شاہراہ سے گزرنا محال ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق حافظ آباد کا جگانوالہ روڈ اسوقت وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر قائم کردہ مون سون ایمرجنسی ریلیف کیمپوں کا ہمہ وقت منہ چڑا رہا ہے جہاں پر اسوقت کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہے اور یہاں سے موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کا گزرنا محال بنا ہوا ہے جبکہ پورے علاقہ میں ہمہ وقت گندا پانی کھڑا ہونے سے تعفن پھوٹ رہا ہے لیکن اس گندے پانی کا نکالنے کے لئے وزیر اعلی کے مون سون ایمرجنسی ریلیف کیمپ بھی ٹھس ہو کر رہ گئے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی نام نہاد کارکردگی پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک جانب شہر کے اکثر حصے گندے پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب شہریوں اور مکینوں کے احتجاج کے باوجود اس جانب کوئی توجہ نہ دی جارہی ہے

## ماہر تعلیم ڈاکٹر محسن عباس

## سی او ایجوکیشن چنیوٹ تعینات

## عہدے کا چارج سنبھال لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ماہر تعلیم ڈاکٹر محسن عباس سی او ایجوکیشن چنیوٹ تعینات، عہدے کا چارج سنبھال لیا، تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری ڈاکٹر محسن عباس کو چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن کا اضافی چارج سونپ دیا، انہوں نے چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کردی، یاد رہے ڈاکٹر محسن عباس ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری بھوانہ اور لالیاں تعینات رہ چکے ہیں، ڈاکٹر محسن عباس ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر شاہ پور، ساہیوال ضلع سرگودھا اور خوشاب، قائد آباد، نوشہرہ کی تحصیلوں میں بھی ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں جبکہ ڈاکٹر محسن عباس 3 سال سیکرٹری ایجوکیشن بورڈ سرگودھا کی ذمہ داریاں نبھا کر چنیوٹ تعینات ہوئے تھے۔

## مارکیٹ میں دستیاب اشیاء کی قیمتوں کی پرائس کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا جائے، ڈی سی جہلم

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ مارکیٹ میں دستیاب اشیاء کی قیمتوں کی پرائس کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کریں خاص طور پر پیاز ٹماٹر اور آلو کے ریٹ کو مانیٹر کیا جائے۔ انہوں نے کہ مارکیٹ میں ٹماٹر کے ریٹ 140 روپے کلو سے زیادہ پر فروخت نہیں ہونا چاہیے جبکہ چکن زندہ کا ریٹ 356 روپے مقرر ہے ڈی سی جہلم نے پرائس مجسٹریٹ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پرائس مجسٹریٹس کی گزشتہ دس دنوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

## مصطفی آباد: سنیئر صحافی ناصر سندھو کے والد حاجی محمد اسلم وفات پا گئے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سنیئر صحافی ناصر سندھو کے والد حاجی محمد اسلم وفات پا گئے، نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی شرکت، سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک، تفصیلات کے مطابق سنیئر صحافی ناصر سندھو سیکرٹری نشر و اشاعت پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ کے والد حاجی محمد اسلم سندھو مختصر علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئے، مرحوم کی نماز جنازہ آبائی قبرستان حضرت بابا مولے شاہ والے قبرستان میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

# محرم الحرام امن وامان کی بحالی کیلئے حکومت متحرک ہے، رانا تنویر

## حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے رفقاء کی قربانی سے ہمیں بہت سے اسباق ملتے ہیں جن پر عمل کر کے ہم دنیا و آخرت کی کامیابیاں اور بھلائیاں حاصل کر سکتے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و نیشنل فوڈ سیکورٹی رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کی بحالی، فرقہ وارانہ ہم آہنگی و اتحاد بین المسلمین کے فروغ کیلئے حکومت تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، محرم الحرام کا مہینہ ہمیں امن بھائی چارے اخوت و رواداری تحمل و برداشت اور صبر و ایثار کا درس دیتا ہے حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے رفقاء کی قربانی سے ہمیں بہت سے اسباق ملتے ہیں جن پر عمل کر کے ہم دنیا و آخرت کی کامیابیاں اور بھلائیاں حاصل کر سکتے ہیں عشرہ محرم الحرام کے دوران تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور تاجر برادری قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنایا جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ کی سربراہی میں ملاقات کرنے والے تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سابق صدر پریس کلب جاوید معراج اور سابق جنرل سیکرٹری شوکت علی ناز موجود تھے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ معیشت کی بحالی کے ساتھ امن و امان کے قیام میں بھی تاجر برادری کا کلیدی کردار ہے جو ہر مرحلہ پر حکومت کا ساتھ دے رہی ہے حکومتی اقدامات سے معاشی استحکام کی راہ ہموار ہوئی ہے تو دوسری طرف ملک میں سیاسی استحکام بھی ممکن ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ قومی ترقی اور ملکی سالمیت کیلئے بھی بڑے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں جن کے بڑے دور رس نتائج برآمد ہو رہے ہیں عوام سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل اولین ترجیح ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اس موقع پر امجد نذیر بٹ نے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کو شیخوپورہ دورہ کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی۔

## جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ مارکیٹ میں دستیاب اشیاء کی قیمتوں کی پرائس کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کریں خاص طور پر پیاز ٹماٹر اور آلو کے ریٹ کو مانیٹر کیا جائے۔ انہوں نے کہ مارکیٹ میں ٹماٹر کے ریٹ 140 روپے کلو سے زیادہ پر فروخت نہیں ہونا چاہیے جبکہ چکن زندہ کا ریٹ 356 روپے مقرر ہے ڈی سی جہلم نے پرائس مجسٹریٹ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پرائس مجسٹریٹس کی گزشتہ دس دنوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کے دورہ کے موقع پر مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، صفائی ستھرائی، ضروری مرمت اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا

## قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فیکٹری میں زائد المعیاد ویزہ پر کام کرنے والے 3 چینی انجینئروں کا پتہ چلالیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) قانون نافذ کرنے والے اداروں نے خفیہ ادارہ کی مدد سے شیخوپورہ کے قریب ایک فیکٹری میں زائد المعیاد ویزہ پر کام کرنے والے 3 چینی انجینئروں کا پتہ چلا لیا ہے قابل اعتماد ذرائع کے مطابق دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی بناء پر سیکیورٹی کے نئے ایس او پیز کے اجراء کے باوجود لاہور روڈ پر تھانہ فیکٹری ایریا کے قریب علاقہ قلعہ ستار شاہ میں پولیس اور انتظامیہ کو آگاہ کیئے بغیر ہی 5 چینی انجینئر ز ایک سپرنگ فیکٹری کے یونٹ نمبر 3 میں کاروں کے بمپرز تیار کرنے کی مشینری کی تنصیب پر درجنوں مزدوروں کیہمراہ کام کر رہے ہیں ذرائع کے مطابق اس فیکٹری کے مالکان کو پولیس کے بعض متعلقہ عملے کی مدد بھی مبینہ طور پر حاصل تھی مگر ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کو اس بارے میں خبر نہ تھی ذرائع کے مطابق ابتدائی تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ پولیس نے خفیہ ادارہ کے عملے کی اطلاع ملنے پر مذکورہ فیکٹری کے قریب اپنے ملازمین کو مزدوروں کے روپ میں بھیجا تھا تو اس بات کی تصدیق ہوگئی کہ فیکٹری کے مالکان نے غیر قانونی طور پر 5 چینی انجینئروں کو کام لگایا ہوا ہے جن میں سے مسٹر ژوہاجیان ژو، دوان چاون وی اور دوان سٹنگلی کے ویزے بھی کافی عرصہ قبل ایکسپائر ہو چکے ہیں جبکہ 2 انجینئرز ہوانگ جون اور شین پنگلی کے ویزے ابھی کارآمد ہیں ذرائع کے مطابق خفیہ ادارہ کی رپورٹ پر انتظامیہ اور پولیس کے حکام نے ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ فیکٹری میں جا کر اس کے مالکان اور منتظمین سے باز پرس کی تو انکشاف ہوا کہ اس فیکٹری میں سیکیورٹی کے ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا جارہا تھا ذرائع کے مطابق ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے اس معاملہ کی خود تحقیقات شروع کر دی ہے اور پانچوں چینی انجینئروں کو ابتدائی پوچھ گچھ کے بعد بحریہ ٹاؤن لاہور کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاجز میں فیکٹری کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شیخ فہیم انور کی اقامت گاہ پر منتقل کر دیا ہے ذرائع کے مطابق انتظامیہ نے اس بارے میں وفاقی وزارت داخلہ، وزارت خارجہ اور محکمہ داخلہ پنجاب کو بھی آگاہ کر دیا ہے اور مجرمانہ غفلت اور ملی بھگت کے ممکنہ طور پر مرتکب پائے جانے والے پولیس ملازمین کے خلاف سخت انضباطی کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

## جہلم شہر میں سبزیوں پھلوں اور اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں سبزیوں پھلوں اور اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ۔ دکانداروں نے سرکاری نرخ ناموں کو نظر انداز کر کے من مانے نرخ وصول کرنے شروع کر دیئے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر میں سبزیوں، پھلوں اور اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کر دیا گیا۔ سرکاری نرخ ناموں کو نظر انداز کر کے گراں فروشوں نے من مانے نرخ وصول کرنے شروع کر رکھے ہیں۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے حقائق کا علم ہونے کے باوجود آنکھیں بند کر رکھی ہے۔ شہر کی عوامی سماجی، فلاحی، رفاعی، شہری تنظیموں کے عمائدین نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور سبزیوں، پھلوں، اشیاء خوردونوش کو سرکاری نرخ ناموں کے مطابق فروخت کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہریوں کو حکومت کی طرف سے دیئے جانے والا ریلیف مل سکے۔

## جہلم مہنگائی کا طوفان بازاروں میں کاروباری سرگرمیاں ماند پڑنے لگیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مہنگائی کا طوفان، بازاروں میں کاروباری سرگرمیاں ماند پڑنے لگیں کاروبار نہ ہونے کے برابر مہنگی بجلی سے تاجر اور صارف دونوں پریشان بجلی، گیس پٹرول سمیت اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں مستقل طور پر ریلیف دیا جائے ۔ عوامی مطالبہ۔ بجلی گیس پٹرولیم مصنوعات سمیت آٹا چینی گھی کی روز بروز بڑھتی قیمتوں اور آسمان کو چھوتی مہنگائی کے باعث بازاروں میں کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ مہنگائی کا جن دن بدن بے قابو ہوتا جا رہا ہے، بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ بھی کاروباری طبقے کے لئے مشکلات پیدا کر رہا ہے، شہر کی مارکیٹوں اور بازاروں میں کاروباری سرگرمیاں ماند پڑنے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ تاجروں کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف عوام کو مستقل بنیادوں پر ریلیف دینے کا اعلان کریں۔ چیئرمین جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس نے کہا ہے کہ یوٹیلیٹی بلز ادا کرنا محال ہو گیا ہے، تاجر حضرات دوہری مصیبت میں مبتلا ہیں، گھر اور دکانوں کے بجلی، گیس ٹیلی فونز کے بل ادا کرنے کے لئے رقم میسر نہیں۔ ادھر غلہ منڈی کے دکانداروں کا کہنا تھا کہ پہلے ہی ہر چیز مہنگی ہونے کی وجہ سے کاروبار تباہ ہو چکے ہیں، کرائے کی دکانیں اور ملازمین کے اخراجات نکالنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو چکا ہے، اوپر سے بجلی گیس کے بلوں نے کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ تاجروں نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعظم بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس واپس لیں اور بجلی، پٹرولیم مصنوعات سمیت اشیاء خوردونوش کی قیمتیں 2022 کے مطابق مقرر کریں۔

## حاجی امداد اللہ کے کل شریف کا ختم آج

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر چوہدری محمد بخش تارڑ کے والد محترم، سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ کے ماموں اور علاقہ کی معروف سیاسی سماجی شخصیت حاجی امداد اللہ تارڑ کے قل شریف کا ختم آج دن گیارہ بجے رسولپور تارڑ (حافظ آباد) میں ہوگا۔

## سیالکوٹ میں ٹریفک ہیلپ لائن 1915 قائم کر دی ہے، ملک عطاء

### شہریوں کی سہولیات کیلئے کوشاں ہیں، ڈاکٹر شفقت رسول

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) DSP ٹریفک ہیڈ کوارٹر سیالکوٹ ملک عطاء اللہ عوام الناس کی سہولت کے پیش نظر ٹریفک ہیلپ لائن 1915 کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ سیالکوٹ میں اگر کسی بھی شہری کو ٹریفک کے متعلق کسی بھی قسم کی دشواری یا معلومات درکار ہو تو وہ بلا جھجک 1915 پر کال کر سکتا ہیں۔ اس ہیلپ لائن کا مقصد دوران سفر کسی بھی غیر معمولی صورتحال مثلاً روڈ ایکسیڈنٹ، حادثہ، یا کسی بھی قسم کی ٹریفک پرابلم کی صورت میں مدد درکار ہو تو وہ ہیلپ لائن پر کال کرے۔ فوکل پرسن سیالکوٹ ٹریفک پولیس ڈاکٹر شفقت رسول کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس سیالکوٹ عوام کی خدمت کیلئے مصروف عمل ہے۔

## آئین ریاستی فیصلوں/ پالیسیز پر تنقید کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے خرم اقبال

سمندری (اعظم رضا راول سے) آئین رب العزت کی حاکمیت کے بعد اقتدار و اختیار کا مالک عوام کو بناتا اور انہیں ریاستی فیصلوں / پالیسیز پر تنقید کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار کو قابل تعزیر جرم کا درجہ دینے اور عوام کے تنقید کے حق کو ڈیجیٹل دہشت گردی جیسی ناقص اصطلاح سے منسوب کر کے شہریوں کیخلاف ماورائے قانون اقدامات کا دروازہ کھولنے کی کوششیں کسی طور بھی ملک یا ریاستی اداروں کے مفاد میں نہیں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف تحصیل کے جنرل سیکرٹری چوہدری خرم اقبال ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے فیصلوں کو الہام کا درجہ دینے کی بجائے عوام اور سیاسی جماعتوں کی تنقید کو تعمیری انداز میں لینے کا کلچر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے ناگزیر ہے۔ مزید کہا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو مسائل کے گرداب سے صرف اور صرف قائد عمران خان ہی نکال سکتا ہے۔

## صائمن ستار گل کی میٹرک میں 1087 نمبر لیکر دوسری پوزیشن



سمندری (اعظم رضا راول سے) صائمن ستار گل نے میٹرک میں 1087 نمبر لیکر دوسری پوزیشن حاصل کر لی، یہ سب اساتذہ کرام کی محنت اور والدین کی دعاؤں کا ثمر ہے۔ صائمن ستار گفتگو۔ تفصیلات کے مطابق اقلیتی تحفظ پاکستان کے مرکزی چیئرمین بابا انتظار گل کے صاحبزادے صائمن ستار گل نے میٹرک کے امتحانات میں 1087 نمبر لیکر گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر 469 گ ب میں دوسری پوزیشن حاصل کی جس پر انہوں نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ یہ سب میرے گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر 469 گ ب کے محنتی اساتذہ، پرفیکٹ سائنس اکیڈمی کی شبانہ روز محنتوں کے ساتھ ساتھ میرے والدین کی دعاؤں کا ثمر ہے۔ انہوں نے خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کامیابی کو اپنے اساتذہ کرام کی کامیابی قرار دیتے ہوئے آئندہ میڈیکل میں پڑھائی جاری رکھنے کے فیصلے سے بھی آگاہ کیا۔ مزید کہا کہ ڈاکٹر بن کر اپنے علاقے کے عوام کی خدمت کرنا چاہتا ہوں۔

## بدترین مہنگائی نے مسلم لیگ ن کی گڈ گورننس کا پول کھول دیا، گلفام احمد سیہول

### بجلی کے بلوں میں ناجائز ٹیکسز لگا کر عوام کے خون کا آخری قطرہ بھی نچوڑ لیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بدترین مہنگائی نے مسلم لیگ ن کی گڈ گورننس کا پول کھول دیا ہے فارم 47 کی پیداوار حکومت نے بجلی کے بلوں میں ناجائز ٹیکسز لگا کر عوام کے خون کا آخری قطرہ بھی نچوڑ لیا ہے یہ کوئی قدم بھی آئی ایم ایف کی اجازت کے بغیر نہیں اٹھاتے ان کے ہوتے ہوئے عوام کو ریلیف نہیں مل سکتا کاروبار تباہ ہو چکا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری گلفام احمد سیہول نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان نے حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اتنی سختیوں اور ناجائز الزامات کے باوجود یہ کچھ بھی ثابت نہیں کر سکے عوام موجودہ حکومت کے ابتدائی چند ماہ میں ہی تنگ آ گئی ہے چور راستے سے اقتدار میں آنے والے عوام میں اپنا مقام کھو چکے ہیں

## عبدالواسع کھانڈ نے میٹرک میں 1021 نمبر حاصل کئے نوفل زکریا

### پرائیویٹ سکولز کیجانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) محمد عبدالواسع کھانڈ کی اسسال میٹرک امتحانات میں بہترین کارکردگی۔ ہونہار طالبعلم نے 1021 نمبر لے اے پلس گریڈ کیساتھ نمایاں کامیابی حاصل کی۔ محمد عبدالواسع کھانڈ کے والد ذوالفقار زکریا کھانڈ پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن ماڈل ٹاؤن ہیں۔ ان کے محمد عبدالواسع کھانڈ انکے چھوٹے صاحبزادے جبکہ معروف سکالر شاف علی کھانڈ ڈسٹرکٹ پریذیڈنٹ جناح کا پاکستان سیالکوٹ کے چھوٹے بھائی ہیں۔ اس موقع پر اپنے جاری میڈیا بیان میں پوزیشن ہولڈر محمد عبدالواسع کھانڈ کا کہنا تھا کہ امتحان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر اللہ تعالی کا شکر بجالاتا ہوں میری کامیابی کے پیچھے میرے والدین وفیملی خصوصاً دادا ابو محمد زکریا کھانڈ کی دعائیں شامل حال رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزید تعلیم کیلئے جی سی کالج لاہور میں داخلہ میرا خواب ہے۔

## چار ماہ قبل پھٹنے والی سرکاری پانی کی پائپ لائن ٹھیک نہ ہوسکی

### گھروں تک پانی کہ فراہمی معطل شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چار ماہ قبل پھٹنے والی سرکاری پانی کی پائپ لائن ٹھیک نہ ہوسکی گھروں تک پانی کہ فراہمی معطل شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے بتایا گیا ہے کہ رمضان المبارک سے قبل سرکاری پانی کی پائپ لائن پھٹنے سے گھروں تک پانی کی فراہمی معطل ہو چکی ہے جو 4 ماہ گزر جانے کے باوجود ٹھیک نہیں کروائی جاسکی جس سے شرقی آبادی سرکاری پانی سے محروم ہے گھروں تک قطرہ قطرہ پانی پہنچ رہا ہے جس سے معمولات زندگی متاثر ہو کر رہ گیا ہے شہر میں متعدد جگہوں پر پائپ لائن پھٹ جانے سے روزانہ سینکڑوں لیٹر پانی ضائع ہو رہا ہے عرصہ دراز سے اب تک لاکھوں لیٹر پانی ضاع ہو چکا ہے مگر اس کے باوجود بلدیہ نے کوئی اقدامات نہیں کیے اہل علاقہ نے کمشنر لاہور اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## حکومت کے پاس عوام کیلئے ریلیف نام کی کوئی چیز نہیں، نثار احمد



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مریم بی بی پنجاب سے خوب کمیشن بنا رہی ہے چچا بھتیجی نے ملک پر عجب قبضہ جما رکھا ہے عوام کیلئے ریلیف نام کی کوئی چیز نہیں ہے جبکہ اشرافیہ کیلئے سارے دروازے کھول رکھے ہیں حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں سے تنگ آ کر 7 لاکھ نوجوان ملک چھوڑ چکے ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ سانحہ ماڈل ٹاؤن کے قاتلوں سے کوئی امید نہیں کی جاسکتی ہے یہ ذاتی انا کیلئے قتل و غارت تک کروا دیتے ہیں عوام بہتر مستقبل اور حقیقی انقلاب کیلئے عوامی تحریک کا ساتھ دے تاکہ کرپٹ حکمرانوں سے نجات حاصل کی جاسکے۔

## محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حافظ آباد کے زیر اہتمام عالمی یوم بہبود آبادی کے سلسلہ میں سیمینار کا انعقاد



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حافظ آباد کے زیر اہتمام عالمی یوم بہبود آبادی کے سلسلہ میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا اور آگاہی واک کی گئی۔ سیمینار کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو امتیاز علی بیگ نے کی جبکہ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد عاطف علی، تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر میڈم ساجدہ مشتاق، انچارج ایم ایس یو ڈاکٹر زاہدہ جنت، تحصیل آفیسر پنڈی بھٹیاں سمیت مقامی علماء اکرام، ملازمین اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سرکردہ افراد نے سیمینار میں شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ ملکی مسائل کی بڑی وجہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے شہریوں کو کئی معاشی و معاشرتی و دیگر مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پایا جائے اور اس سلسلہ میں مقامی علمائے کرام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حکومت پنجاب کے اقدامات پر عمل کریں تا کہ آبادی پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ معاشی، معاشرتی اور ملکی ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے جا سکیں۔ انکا کہنا تھا کہ دنیا کے جن ممالک میں تیزی سے آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان بھی ان ممالک کی فہرست میں شامل ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے بچوں اور خواتین کی صحت پر بھی اثرات مرتب ہوتے ہیں جس سے وہ کئی امراض کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد عاطف علی نے بتایا کہ محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کی جانب سے ضلع بھر میں قائم فلاحی مراکز میں زچہ وبچہ کے بہتر علاج معالجہ، بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ کے حوالے سے طبی سہولیات بھی دستیاب ہیں۔

## اسلامیہ سکول کامل فاؤنڈیشن کے آگے برساتی نالے کا پانی سڑک پر پھیلنے لگا

### جناح کالونی کے مکینوں اور تعلیمی درسگاہوں کے منتظمین کا ایم ڈی واسا سے حل کا مطالبہ



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) اسلامیہ ہائی سکول کامل فاؤنڈیشن سکول انٹرپینڈیٹ میڈیکل کالج جناح کالونی کے آگے سڑک پر عرصہ دراز سے برساتی نالہ بنایا گیا تھا اس برساتی نالے کو سلیب بنا کر ڈھانپا گیا تھا جو کہ برسات کے دنوں میں علاقہ کے لیے بہت سود مند تھا اب کئی سالوں سے اس برساتی نالہ میں کسی جگہ سے پانی چوک کر کے اس میں گٹر کا پانی شامل ہو گیا پیدل چلنے والوں کو راستہ بھی بند ہو گیا ہے اس بدبودار پانی کی وجہ سے بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ ہے جناح کالونی کے مکینوں اور تعلیمی درسگاہوں کے منتظمین نے ایم ڈی واسا سے اپیل کی ہے اس عوامی مسئلہ پر فوری توجہ دے کر اس بدبودار پانی کے نکاس کا مستقل بندوبست کیا جائے تاکہ عوام اور اس درسگاہوں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ اور طالبات آسانی سے گزر سکیں

## ڈینگی کے خاتمے کے لیے جڑی بوٹیوں کا تلف ہونا ضروری، خالد وسیم

### صاف ستھرے ماحول میں ڈینگی وائرس اور دیگر کیڑے مکوڑے افزائش نہیں پاتے

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ڈینگی کے وائرس کے خاتمے کے لیے جڑی بوٹیوں کو تلف ہونا چاہیے درختوں کی فالتو ٹہنیوں کو بھی کاٹا جا رہا ہے صاف ستھرے ماحول میں ڈینگی وائرس اور دیگر کیڑے مکوڑے افزائش نہیں پاتے گرمی ایام میں ڈینگی وائرس اور مچھر پتوں کی چھاؤں میں اور ٹھنڈی جگہ پر پرورش پاتے ہیں مچھروں کے خاتمے کے لیے بروقت احتیاطی تدابیر یں بیماریوں کے پیدا ہونے کی روک تھام کے لیے بہت ضروری ہیں ڈینگی وائرس کے خاتمے کے لیے مختلف اوقات میں سوگ مشین کے ذریعے سپرے بھی کروائی جاتی ہے تا کہ ڈینگی وائرس اور دیگر مچھر مچھروں کی افزائش کو روکا جا سکے جن پلاٹوں میں لوگ رہائش پذیر نہیں ہوتے وہاں پر جڑی بوٹیاں پرورش پاتی ہیں اور وہاں پر مکھیوں مچھروں کی پرورش بھی ہوتی رہتی ہے جڑی بوٹیوں کو تلف کرنے اور مکھیوں مچھروں کی افزائش کو روکنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ملازمین دن رات جدوجہد اور محنت کر رہے ہیں اور صفائی کے نظام کو ممکن بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام ممبران اپنے اردگرد پیدا ہونے والی گندگی کے خاتمے کے لیے اپنا اپنا کردار ادا کریں جن پلاٹوں میں رہائشیں نہیں ہیں وہاں پر کوڑا کرکٹ نہ پھینکیں بلکہ کوڑا اٹھانے والوں کو کوڑے کے شاپر دے دیے جائیں تا کہ گندگی اور کوڑے کو بروقت ٹھکانے لگایا جا سکے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں صفائی کا کام تیزی سے جاری ہے ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مثبت مشوروں سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ احتیاطی تدابیر کو وطیرہ بنائیں تا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی جو اپنا گھر ہے اس کو صاف ستھرا رکھا جا سکے۔

## ماحول کو پلاسٹک اور پولیتھین بیگز ختم کرنے کیلئے سول سوسائٹیز کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ڈی سی سیالکوٹ

Initiative of CM Punjab
Let's come together to learn about the importance of reducing plastic use and how we can contribute to a cleaner, greener environment. Your participation can make a difference!

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ماحول کو ل پلاسٹک اور پولیتھین بیگز ختم کرنے کیلئے سول سوسائٹیز بالخصوص خواتین کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، گراسری کیلئے کپڑے، پیپر اور رافیہ بیگز سمیت متبادل تھیلوں کا استعمال کرنا ہوگا، پلاسٹک کا بڑھتا ہوا استعمال ماحول کیلئے ایک خطرہ بن چکا ہے اور سالانہ 81.4 ملین ٹن پلاسٹک جنریٹ ہو رہا ہے جو انتہائی تشویشناک ہے جہاں پلاسٹک انسانی، جنگلی اور آبی حیات کو شدید متاثر کر رہا ہے وہی پر سیوریج کے نظام کو چوک کر کے اربن فلڈنگ کا باعث بنتا ہے۔ یہ بات انہوں نے آج وویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام نو ٹو پلاسٹک کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر، صدر وویمن چیمبر آف کامرس مریم نعمان بٹ، ایس وی پی گلزیب وقاص اعوان، وہاب جہانگیر ایس وی پی، عامر مجید کپور وی پی، چیئرمین ماحولیاتی کمیٹی چیمبر آف کامرس جہانگیر چودھری کے علاوہ ممبران وویمن آف چیمبر اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے پاپولیشن ویلفیئر کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ آگاہی واک میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی اور وسائل کے درمیان توازن بگڑنے سے معاشی اور اقتصادی مسائل پیدا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ خاندان کا سائز وسائل کے مطابق ہونا خاندان کی خوشحال خاندان کی ضمانت ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کے اجلاس کی بھی صدارت کی اور مچھروں کے سدباب کیلئے ضلع بھر میں ہاٹ سپاٹ کی اینڈرائڈ بیس سرویلنس کو فول پروف ہونا چاہیے بالخصوص موسم برسات کے آغاز میں مچھروں کو افزائش کا موقع مل سکتا ہے۔ اس کیلئے لازم ہے کہ کسی جگہ پر مستقل پانی جمع نہ ہو۔

## محرم الحرام کا احترام ہم سب پر واجب ہے، چوہدری اورنگزیب گورائیہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) محرم الحرام کا احترام ہم سب پر واجب ہے یہ وہ مہینہ ہے جو ہمیں اہلبیت کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ہے حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے رفقاء نے کربلا کے میدان میں خون سے ایک ایسی داستان لکھی جس کی کوئی مثال نہیں ملتی قیامت تک ہم اہلبیت کے مقروض رہیں گے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے ہمیں پیغام دیا کہ ہمیشہ اللہ کی رضا میں راضی رہیں اور نماز کسی بھی حالت میں نہیں چھوڑنی جہاں دین کی بات آجائے وہاں باطل کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی طرح حق کا ساتھ دینا ہے کربلا کے 72 شہداء کو ان کی جرآت اور بہادری پر سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

## بدلیں گے نظام“

پاکستان اس وقت جس سیاسی معاشی اور سماجی رویوں کا شکار ہے وہ انتہائی غور طلب اور پریشان کن ہے۔ جب بھی پاکستان کو ان حالات کا سامنا ہوا۔ غیبی مدد کے طور پر کوئی نہ کوئی سیاسی پارٹی معرض وجود میں آئی اور حالات کا رخ موڑنے کی کوشش ہوئی۔ اب ہر وہ سیاسی پارٹی جو اس وقت میدان سیاست میں موجود ہیں۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی تین تین مرتبہ اقتدار کے حصول میں کامیاب ہوئیں لیکن عوام کو ریلیف دینے میں ناکام نظر آئیں۔ بدقسمتی سے 2018 میں تحریک انصاف ایک نئی پارٹی کے طور پر اقتدار کے ایوانوں میں آئی لیکن اس نے معشیت کو اور سیاست کو اپنی نادانیوں اور گوناگوں کمزوریوں کے باعث ناقابل تلافی نقصان پہچایا۔ اس سے زیادہ حیرت اور پریشانی یہ رہی کہ عوام ایک ایسے جذباتی بہاؤ اور نعروں کا شکار ہوگئی کہ بیشتر نوجوان ان کی بنا پر راہ گم کردہ کے مسافر بن کر رہ گئے وہ نہ صرف اپنے گھروں، شہیدوں اور صوبوں کے حالات سے بے خبر ہوکر ایک اندھی تقلید میں بہہ کر ملک کا رہا سہا وقار بھی سیلاب رواں میں بہا کر لے گئے۔ اس وقت پاکستان میں دو پارٹیاں خصوصی طور پر حکمران طبقے میں شامل ہیں۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی، یہ دونوں ہی آزمائی ہوئی پارٹیاں ہیں مگر عوام بعض صورتحال میں انھیں برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ نہ ان پارٹیز کو عوام کے مفادارت سے کوئی غرض ہے نہ وہ انکی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے کوئی لائحہ عمل نبانے کے خواہشمند ہیں۔ معیشت تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے سیاست پیسے کی لونڈی بن کر رہ گئی ہے۔ معاشرے کا برا حال ہے ہم اس قسم کے حالات میں پاکستان میں ایک نئی سیاسی پارٹی کی اہمیت اور ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے پاکستان کے لئے فکرمند اور درد دل رکھنے والے افراد کے ساتھ مل کر عوام پاکستان پارٹی کی بنیاد رکھ رہے ہیں جس کا سلوگن ہے ابدلیں گے نظام“عوام پارٹی بنیادی ڈھانچہ مرتب کرنے والے افراد میں خصوصیت کے ساتھ جو نام وقار اور پاکستان سے وفا کی علامت ہیں ان میں شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسمعیل کے نام بھی شامل ہیں۔ خاقان عباسی وزارت عظمی کا تجربہ رکھتے ہیں اور مفتاح اسمعیل معیشت کے امور پر گہری نظر رکھنے کی بنا پر مشیر خزانہ بھی رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کی آرگنائزنگ کمیٹی میں ملک کے تمام صوبوں سے انتہائی سنجیدہ اور محب وطن افراد شامل ہیں۔ جن کے پاس نہ صرف پارلیمنٹ چلانے کا خاطر خواہ تجربہ ہے بلکہ ان کے پاس مختلف وزارتوں کے چلانے کا بھرپور تجربہ بھی ہے۔ اس وقت ہمیں غلام ذہن نہیں بلکہ ان لوگوں کی ضرورت ہے جو بغیر اندر باہر کے ڈکٹیشن لیتے آزادانہ فضاؤں میں کام کر کے ملک کو اس گھمبیر فضا سے اور جس زدہ ماحول سے باہر نکال سکیں۔ عوام ٹیکسوں کے بوجھ سے بے حال ہیں۔ بجلی اور گیس کے بل اور پیٹرول میں من مانا اضافہ بہت جلد عوام کو سڑکوں پر نکلنے پر مجبور کردے گا۔ پاکستان کی لاء اینڈ آرڈر کی نازک صورتحال اور سیاسی ریشہ دوانیاں اور حکومت کی من مانی کاروائیاں لوگوں کے ضبط کا امتحان لے رہی ہیں۔ اس دور ابتلا میں عوام پاکستان پارٹی ہوا کے جھونکے کی مانند لوگوں کے ذہن ودل کو تازہ فضا مہیا کرنے میں اپنی بے مثال قیادت پیش کرے گی عوامی نمائندے ہیں جب عوام کے مفاد کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ان کا سانس لینا محال کردیں تو پھر عوام کا فرض ہے کہ وہ اپنے اطراف ان لوگوں کو اپنا لیڈر منتخب کرلیں جو صاف ستھرے کردار کے حامل اور سیاست میں اپنا لوہا منوا چکے ہیں۔ پاکستان کے عوام کب تک ان لوگوں کو منتخب کرتے رہیں گے جو ان کے حال اور مستقبل کو برباد کر کے اپنی آبادکاری میں مصروف رہے۔ عوام موجودہ حکمرانوں کے کردار سے اچھی طرح واقف ہیں اب جبکہ عوامی امنگوں کے مطابق ایک ایسی جماعت تشکیل دی جا چکی ہے جو ان کو سیاست کو خدمت میں بدل دینے کا عزم لیکر میدان میں اتر رہی ہے جو پارلیمنٹ اور اس سے ملحقہ اداروں کی اندرونی سرگرمیوں سے اچھی طرح واقف ہیں اور اپنی ماہرانہ رائے اور تجربوں سے وہ عوام کو اندھے کنوئیں میں دھکیلنے کے بجائے انھیں غیر ضروری بوجھ سے آزاد کرائیں گے اور پاکستان کو معاشی سیاسی اور سماجی بنیادوں پر مستحکم کرنے کے لئے اپنا بہترین کردار ادا کریں گے۔ اب یہ عوام پر منحصر ہے کہ وہ گھسے پٹے نعروں اور منفی رویوں والے حکمرانوں کے پیچھے چل کر اپنا اور اپنے بچوں کا حال اور مستقبل مزید مخدوش بنائیں گے یا ایک نئی عوام پارٹی کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس کے رہنماؤں کے ہاتھ مضبوط کریں گے اور اپنے آپکو نام نہاد لیڈروں کی غلامی سے آزاد کرکے اپنے آپکو پھر ایک اور موقع دیں گے۔

---

## شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہی اجلاس: وزیراعظم کے خطاب کی دھوم

سیدولی شاہ آفریدی

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس سے تاریخی خطاب کرتے ہوئے فلسطینی عوام کی بھرپور نمائندگی کی۔ فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم کی مذمت کی سلامتی کونسل کی قرارداد پر عمل درآمد کا بھی مطالبہ کیا وزیراعظم شہباز شریف کے خطاب کو ملک کے اندر اور باہر سراہا جارہا ہے۔ ایسے وقت میں اپنے فلسطینی بھائیوں کے لیے آواز اٹھائی غزہ میں اسرائیل کے مظالم جاری ہیں 20 لاکھ فلسطینیوں کو بے گھر کیا گیا نو ماہ سے غزہ پر اسرائیل کی دہشتگردی جاری ہے وزیراعظم نے کہا افغانستان کی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہ ہو۔ وزیراعظم شہباز شریف نے روس کے صدر پیوٹن کے ساتھ ملاقات کی۔ دفاع، تجارت سمیت دیگر امور پر تبادل خیال کیا گیا وزیراعظم شہباز شریف نے وسطی اشیائی ممالک کے سربراہان سے ملاقات کی۔ ان ممالک کے ساتھ مواصلات اور توانائی کے شعبوں میں تعاون پر زور دیا اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں فلسطینیوں پر مظالم کے خلاف آواز بلند کی اور تاریخی خطاب کرنے پر سوشل میڈیا پر وزیراعظم شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے اور وزیراعظم شہباز شریف شنگائی تعاون تنظیم کے موقع پر عالمی لیڈر کے طور پر ابھرے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف تاجکستان پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا وزیراعظم کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا وزیراعظم تاجک صدر امام علی رحمان کے درمیان دوشنبے میں ملاقات ہوئی پاکستان اور تاجکستان کے اعلی وفود نے اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں باہمی دلچسپی کی امور مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوا دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، باہمی روابط، ثقافت، تعلیم، سائنس وٹیکنالوجی، دفاع اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد پارلیمانی وفود کے تبادلے و دیگر شعبوں میں اشتراک کے حوالے سے گفتگو کی۔ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان ہوا بازی، سفارت کاری، تعلیم، کھیلوں، سماجی روابط، صنعتی تعاون، سیاحت اور دیگر شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کیے گئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے تاجک صدر کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال سے اگاہ کیا دونوں رہنماؤں نے غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور انسانی حقوق کے بدترین خلاف ورزیوں ل کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے تاجکستان کے صدر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے لیے ہمیں سالانہ بنیادوں پر اہداف کا تعین کرنا ہوگا وزیراعظم نے کہا ہم چین، تاجکستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی راہداری کا حصہ بننے کی خواہش مند ہے انہوں نے کہا دونوں ممالک کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کا باعث بنیں گے سرکاری پاسپورٹ کو ویزے سے مستثنی کرنے کے سمجھوتے پر بھی دستخط کیے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے شنگائی تعاون تنظیم کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ کے اجلاس میں شرکت کے لیے قازقستان کے دارالحکومت آستانہ پہنچے جہاں ان کی روسی صدر پیوٹن کے ساتھ ملاقات کی۔ جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت اہم امور تبادلہ خیال کیا گیا۔

ملاقات میں تجارت اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا وزیراعظم شہباز شریف نے کہا اپ سے ملاقات کر کے اچھا لگا ہے پاکستان کی روس کے ساتھ باہمی تعلقات ہے پاکستان روس عرصہ دراز سے دوست ممالک ہیں ہمیں مستقبل میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ میں آپ کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہوں تاکہ ان تعلقات کو مزید مستحکم بنائے جاسکے ہم آپ کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا روس کے ساتھ تجارت کو ایک ارب ڈالر تک لے جانا چاہتے ہیں اس موقع پر روس کے صدر ولادی میر پیوٹن نے کہا آپ سے دوبارہ مل کر بہت خوشی ہو رہی ہے دو سال پہلے ہم شنگائی تعاون کے تنظیم کے اجلاس کے موقع پر سمرقند میں ملے تھے ہم نے دوطرفہ امور کو آگے بڑھانے پر بات چیت کی تھی۔ انہوں نے کہا پاکستان اور روس کے درمیان بہترین تعلقات ہے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط کی بدولت دوطرفہ تعلقات میں مزید بہتری آئی روس کے صدر نے کہا کہ توانائی اور زراعت کے شعبے میں ہم اپنے تعاون کو بڑھا سکتے ہیں غذائی تحفظ کے شعبوں میں بھی پاکستان کے ساتھ تعاون بڑھائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور ازبکستان کے صدر کے درمیان قازقستان میں منعقد ہونے والی شنگائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے موقع پر ملاقات ہوئی۔ وزیراعظم اور ازبکستان کے صدر نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان کثیر جہتی تعلقات تجارت، روابط، دفاع، سلامتی وثقافت اور عوام سے عوام کے رابطوں میں باہمی فائدہ مند تعاون کو وسعت دینے کا عزم کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان اوآذربائیجان کے صدر کے ہمراہ سہ فریقی اجلاس میں شرکت کی۔ دنیا کے تین اہم خطوں کے ممالک کے درمیان باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف تاجکستان کے وزیراعظم سے بھی ملاقات کی اور انہیں کراچی بندرگاہ سے راہداری تجارت کے لیے استعمال کرنے کی دعوت دی۔ وزیراعظم شہباز شریف سے نے کہا پاکستان اپنی ویژن سنٹرل ایشیا پالیسی کے مطابق تاجکستان سمیت وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ روابط کو جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو پاکستان میں 2022 کے سیلاب کے دوران متاثرین کے بحالی کے لیے تعاون کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اور موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف شنگائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ایس سی او خطے کی عوام کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہیں ہمارے چیلنجز مشترکہ ہے ہمیں مل کر ترقی و خوشحالی کے لیے کام کرنا ہے، خطے کے روشن مستقبل کے لیے ہمیں جغرافیائی اور سیاسی محاذ آرائی سے خود کو آزاد کرنا ہوگا۔ پاکستان اپنی تجارتی محل وقوع کے اعتبار سے تجارت کے اہم گزرگاہ ہیں سی پیک کے ذریعے ترقی و خوشحالی کے منزل کے حصول کی جانب گامزن ہیں ایس سی او ترقیاتی منصوبوں کے لیے متبادل فنڈنگ کا طریقہ کار واضح کریں۔ انہوں نے کہا افغانستان دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات کریں تاکہ اس کی سرزمین کیسی دوسرے ملک کے خلاف استعال نہ ہو۔ افغانستان میں پائیدار امن ہمارا مشترکہ ہدف ہے افغانستان کی عبوری حکومت کے ساتھ بامعنی بات چیت کرنا ہوگی تاکہ وہاں کی عوام کے مسائل حل ہو، غربت کے خاتمے کے لیے کام کرنا ہوگا ریاستی دہشتگردی کے مذمت کی جائے۔ غزوہ میں انسانیت سوز مظالم جاری ہے ایس سی او فلسطین کی صورتحال پر آواز اٹھائے پاکستان ایس سی او کو متحرک تنظیم بنانے اور اہداف کے حصول میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا اسرائیل جنگی جرائم کا مرتکب ہو رہا ہے اسرائیل کی جنگی جرائم میں ہزاروں فلسطین شہید ہوئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں کہا 20 لاکھ فلسطینیوں کو بے گھر کیا گیا پاکستان مسئلہ فلسطین کے 1967 سے پہلے کی سرحدوں کی بنیادوں پر دوریاستی حل کا حامی ہے جس کے تحت فلسطین ریاست کا قیام ہو اور اس کا دارالحکومت القدس ہو۔ سربراہی اجلاس ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب فلسطینیوں کو مظالم کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا عالمی عدالت انصاف نے بھی اسرائیلی مظالم کا نوٹس لیا ہے وزیراعظم نے اسرائیل کو جوابدہ بنانے اور انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنے پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی میں ملوث ہے فلسطین میں فوری طور پر غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہیں۔

---

## سانحہ کربلا اور آج کا غزہ

راناضیا جاوید جوئیہ

قارئین گرامی محرم الحرام کی آمد کے ساتھ ہی ہمارے ذہنوں میں واقعہ کربلا اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ اور ان کے ساتھیوں کی شہادت کی یاد تازہ ہو جاتی ہے ہم سب لوگ واقعہ کربلا سے پوری طرح آگاہ ہیں اس لئے اس واقعہ کی تفصیلات میں جائے بغیر صرف اس کے مقاصد اور آج کے مسلمانوں کے لئے اس کی اہمیت پر بات کرتے ہیں

قارئین گرامی ایک بات تو طے ہے کہ یہ معاملہ صرف اور صرف صحیح اور غلط کا تھا ایک طرف ایک ایسا حکمران تھا جسے خلفائے راشدین کی روایات کے برعکس اس کے والد نے خلیفہ نامزد کر دیا تھا اور دوسری طرف نواسہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جنہوں نے اس کی بیعت کرنے سے انکار کر دیا ہمیں اختلافی مسائل میں جائے بغیر یہ کہنا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے بیعت سے انکار صرف اس لئے نہی کیا تھا کہ خلیفہ نامزد کرنے کا طریقہ کار غلط تھا بلکہ اس لئے بھی کیا تھا کہ جسے خلیفہ نامزد کیا گیا تھا اس کا کردار بھی خلفاء والا نہی تھا اگر آپ خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ان سب کو دیکھیں تو ان سب کے بیٹے بہترین باکردار مسلمان اور خلیفہ بننے کے پوری طرح اہل تھے لیکن کسی نے بھی اپنے بیٹے کو جانشین نہی بنایا تھا اور حضرت امام حسن علیہ السلام نے تو خلافت صرف امت کو فساد سے بچانے کے لئے چھوڑی تھی اور چھوڑتے وقت معاہدے میں یہ بات شامل تھی کہ کسی بیٹے کو خلیفہ نامزد نہی کیا جائے گا لیکن ہماری بدقسمتی کہ بیٹے کو تمام روایات اور اصولوں کے برعکس خلیفہ نامزد کر دیا گیا جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تربیت یافتہ افراد کے لئے تسلیم کرنا مشکل تھا اسی لئے حضرت امام حسین علیہ السلام نے صرف اصولوں کے لئے بیعت سے انکار کیا اور کربلا کے میدان میں اپنے ساتھیوں سمیت شہید ہوکر تا ابد زندہ و جاوید ہو گئے جبکہ اس کے برعکس انہیں شہید کرنے والے آج تک ملعون ہی کہلاتے ہیں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے شہادت کا انتخاب کیا اگرچہ بظاہر وہ بیعت کر کے دنیاوی فوائد بھی حاصل کر سکتے تھے لیکن آپ رضی اللہ عنہ نے دنیوی فوائد چھوڑ کر آخرت کا انتخاب کیا کرتے بھی کیوں نہ آخر آپ رضی اللہ عنہ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں

میری آج کی اس تحریر کا مقصد قارئین کو یہ بھولا ہوا سبق ہمیشہ یاد رکھنے کے مقصد سے ہے کیونکہ یہ ہمیں حریت کا بھی درس دیتا ہے اور غلط کو تسلیم نہ کرنے کا بھی درس دیتا ہے ہم صرف محرم الحرام میں اس واقعہ پر آنسو بہا کر پھر پورا سال شاید اسے بھول جاتے ہیں جبکہ اس عظیم قربانی کا مقصد ہی یہ ہے کہ ہم اسے ہر وقت یاد رکھیں تاکہ ہمارے معاشرے میں غلط لوگوں کی حوصلہ شکنی ہو آج کل کے جمہوریت کے نظام میں تو ہمارے لئے یہ بہت آسان ہے کہ ہم اپنا ووٹ کسی ایسے نمائندے کو بالکل بھی نہ دیں جو اسلام سے دور ہو اسکا تعلق خواہ کسی بھی پارٹی سے ہوتا کہ صالح قیادت سامنے آسکے

اس کے علاوہ ہمیں مسلمان ہونے کے ناطے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا جو درس دیا گیا ہے ہم اکثر مصلحت کا تقاضہ کہہ کر اپنی ذمہ داریاں پوری نہی کرتے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ درس دیا ہے کہ خواہ جان بھی چلی جائے غلط کو صحیح نہی کہنا اور غلط کی اطاعت اور پیروی بھی نہی کرنی اور یقین جانئے یہ جان بھی صرف بظاہر جاتی ہے جبکہ بندہ امر ہو جاتا ہے ہمیشہ کے لئے اس لئے ہمیں تمام تر مصلحتیں بالائے طاق رکھتے ہوئے ہمیشہ غلط لوگوں کو غلط سے روکنا اور نیکی کو پھیلانا ہے اس کے لئے ہمیں کسی حکومت کی ضرورت نہی ہم میں سے ہر ایک صرف اپنے اپنے گھر والوں ہی کو سیدھے راستے پر رکھ لے تو ایک بہترین معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے

ہم میں سے ہر ایک کے لئے اس دنیا میں ایک کردار متعین کیا گیا ہے جیسا کہ کوئی مزدور ہے، کوئی استاد ہے، کوئی طالبعلم ہے کوئی ڈاکٹر ہے، کوئی انجینئیر ہے کوئی صنعت کار ہے ہمیں جو بھی کردار اس دنیا میں ادا کرنا ہے ہمیں وہ اصولوں اور صحیح غلط کی تمیز کے ساتھ ادا کرنا ہے اور جو لوگ اللہ کے احکامات کو تسلیم نہی کرتے ہمیں ان کے احکامات مصلحت کے نام پر تسلیم کرنے کی بجائے مزاحمت کا راستہ اختیار کرنا ہے اور اس ملک کو جو حاصل ہی اسلام کے نام پر کیا گیا اسلامی مملکت بنانا ہے جو صرف اسی وقت ممکن ہے جب پہلے ہم خود باعمل مسلمان بن جائیں

قارئین گرامی دشمن نے ہمارے ملک میں ہمیں مختلف عصبیتوں کا شکار کر کے تقسیم کر دیا ہے آج ہم پنجابی، سندھی، پٹھان، بلوچی، کشمیری کے نام پر کہیں پر تقسیم ہیں تو کہیں شیعہ، سنی، اہلحدیث یا اہل سنت کے نام پر تقسیم ہیں اگر ہم باعمل مسلمان بن جائیں تو پھر ہر دوسرا مسلمان ہمارا بھائی ہو گا اور پوری امت مسلمہ ایک جسد واحد کی طرح ہو گی اور پھر دنیا بھر کی کسی بھی طاغوتی طاقت کو دنیا بھر کے کسی بھی مسلمان کے ساتھ ظلم کرنے کی جرات نہ ہوگی

قارئین گرامی واقعہ کربلا کے وقت تو ہم موجود نہی تھے اس لئے اس پر ہم صرف افسوس ہی کر سکتے ہیں لیکن جو کربلا آج غزہ، کشمیر سمیت مختلف حصوں میں مسلمانوں کے ساتھ ہونے جا رہی ہے یہ تو ہمارے سامنے ہو رہی ہیں اس لئے اگر ہم حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقائے کرام سے واقعی محبت اور عقیدت رکھتے ہیں تو ہمیں آج جو کربلائیں برپا کی جارہی ہیں انہیں روکنے کے لئے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کرنا ہوں گی اور یقین مانئے اگر ہم حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور انکے رفقائ کی شہادت پر صرف افسوس کرنے کی بجائے اس سے سبق حاصل کریں اور اس وقت کے کوفہ والوں کا کردار ادا کرنا چھوڑ دیں تو حضرت امام حسین علیہ السلام، انکے رفقائے کرام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ کریم ہم سے زیادہ خوش ہو جائیں گے اور جب وہ خوش ہوں گے تو پھر اس دنیا میں بھی ہر مسلمان محفوظ ہو جائیگا اور ہماری اپنی آخرت بھی بہترین ہو جائے گی تو آیئے آج واقعہ کربلا کے تناظر میں ہم سب مل کر یہ عہد کریں کہ خواہ کچھ بھی ہو ہم اپنی زندگیاں اسلامی تعلیمات کے مطابق گزاریں گے اور دین اسلام کی سربلندی اور حق سچ کی سربلندی کے لئے ہم کوئی بھی قربانی دینے سے گریز نہی کریں گے اور پاکستان کو زیادہ محفوظ اور مستحکم بنائیں گے اور اس میں پھیلائی گئی تمام عصبیتیں واقعہ کربلا سے سبق لیتے ہوئے ختم کر دیں گے

قارئین گرامی جس طرح واقعہ کربلا صدیاں گزر جانے کے باوجود آج بھی ہمیں یاد ہے اور ہم اس پر افسوس اور غم کا اظہار کرتے ہیں اسی طرح آج دنیا بھر کے مسلمان خواہ وہ کسی بھی مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے ہیں اس بات سے آگاہ ہیں کہ یہودیوں نے فلسطین سے مسلمانوں کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لئے غزہ میں پھنسے بے یارو مددگار بچوں، بزرگوں اور خواتین تک کے لئے زندگی جینا تقریبا ناممکن بنا دیا ہے حتی کہ شدید زخمی بچے بھی ہسپتالوں سے کسی قسم کے علاج کی سہولت نہی لے سکتے کیونکہ اسرائیلی بمباریوں کے باعث ہسپتال تک تباہ ہو گئے ہیں اور افسوس کی بات یہ ہے کہ سب مظالم دیکھنے کے باوجود ہم اس وقت کے کوفہ والوں کی طرح بس تماشائی بنے ہوئے ہیں اس طرح تو خدانخواستہ غزہ میں یہ صورت ہو سکتی ہے کہ تمہاری داستان تک نہ ہوگی داستانوں میں قارئین گرامی کربلا کے واقعہ سے سبق سیکھتے ہوئے ہمیں غزہ کو ایک اور کربلا بننے سے بچانا ہے اور اس کے لئے ہمیں جو کچھ بھی ہم کر سکتے ہیں وہ کرنا ہے اور سب سے پہلے تو عالمی عدالت انصاف میں اسرائیل کے جنگی جرائم پر اس کے خلاف پوری امت مسلمہ کو ایک مضبوط مقدمہ لڑنا ہو گا، پھر اقوام متحدہ پر پریشر ڈالنا ہوگا کہ وہ اس جگہ بھی کچھ کردار ادا کر لے جہاں مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں اور ہمیں ایک جسم کی مانند بن کر غزہ میں ہونے والے مظالم کو خود پر محسوس کرنا ہوگا اب خالی اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے سے کام نہی چلے گا بلکہ پوری دنیا کے تمام تر مسلمانوں کو اسرائیل کے ساتھ ہر قسم کی تجارت مکمل بند کر کے اسرائیل کو اقتصادی طور پر بھی تباہ کرنا ہوگا اور پاکستان جیسے ایٹمی صلاحیت رکھنے والے اسلامی ممالک کو اسرائیل کو یہ صاف صاف بتانا ہوگا کہ ہم کوفہ والے نہی ہیں اور ہم غزہ کے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم پر خاموش تماشائی زیادہ دیر نہی رہیں گے اور اپنے بھائیوں کو بچانے کے لئے بوقت ضرورت ایٹمی صلاحیت کا استعمال کرنے سے بھی دریغ نہی کریں گے اگر ہم اسرائیل کو یہ یقین دلانے میں کامیاب ہو جائیں کہ غزہ کے مسلمان اکیلے نہی ہیں تو یقین مانئے اسی دن اسرائیل باقاعدہ معافی مانگ کر مزید مظالم سے باز آ جائے گا اب فیصلہ ہمارے ہاتھوں میں ہے کہ ہم نے واقعہ کربلا سے سبق لے کر غزہ اور فلسطین کے مسلمانوں کو بچانا ہے یا بس تماشائی بنے رہ کر انکی مکمل بربادی دیکھنا ہے

---

## ریاست کو میسر”دام شنیدن“، مشتری ہوشیار باش



برملا نصرت جاوید

nusrat.javeed@gmail.com

مخبر کو غالب نے فرشتہ سے تشبیہ دی تھی اور دکھ بھرے دل سے حیرت کا اظہار صرف اس امر پر کیا کہ ''آدمی کوئی ہمارا'' شاعر کے کردہ یا ناکردہ گناہوں کی رپورٹ لکھتے وقت آس پاس موجود تھا یا نہیں۔ غدر/جنگ آزادی کے دنوں میں فسادِ خلق سے گھبرا کر اپنے گھر میں محصور ہوئے غالب یہ بھی نہ طے کرسکے کہ ''کلیسا'' یا ''کعبہ'' میں سے کس کے آگے سر جھکائیں۔ ''کلیسا'' اور ''کعبہ'' یاد رہے یہاں علامتوں کی صورت استعمال ہوئے ہیں۔ مسئلہ درحقیقت یہ تھا کہ زوال کی زد میں آئے بہادر شاہ ظفر سے وفاداری برقرار رکھی جائے یا بھاپ سے ریل چلانے اور پنشن کی باقاعدہ ادائیگی یقینی بنانے والے برطانوی نظام کے آگے سرنگوں کردیا جائے۔ ''فرشتوں'' کی لکھی ''منفی'' رپورٹوں سے گھبرا کر غالب نے بالآخر ''جنون میں بکنے'' کی عادت اختیار کرلی۔ یہ عادت اپنا لینے کے بعد انہیں یقین رہا کہ ''آگہی'' یعنی ان کے حقیقی خیالات جاننے کو بے چین دوست نما دشمن ان کی بات کو غور سے سننے کے تمام میسر ذرائع استعمال کرنے کے باوجود ان کے دل کی بات جان ہی نہیں پائیں گے۔ ان کا ''مدعا'' عنقا رہے گا۔

ہمارے ہاں گزشتہ چند مہینوں سے ''دام شنیدن'' یعنی ان آلات کا بہت چرچا ہے جن کے استعمال سے ریاست شہریوں کو موبائل فونز کے ذریعے بھیجے پیغامات اور گفتگو وغیرہ نہ صرف سن سکتی ہے بلکہ انہیں ریکارڈ کرنے کی صلاحیتوں سے بھی مالا مال ہے۔ اس حوالے سے ریاست کو جو قوت حاصل ہے اس کا مظاہرہ چند ٹیپس کی صورت ہوا۔ بہت ذہانت ومہارت سے چند لوگوں کے مابین گفتگو کی ریکارڈنگ سوشل میڈیا پر ریلیز کرنے کے بعد انہیں 24/7 چینلوں کی بدولت وسیع تر پیمانے پر اچھالا گیا۔ لوگوں کی نجی گفتگو کو منظر عام پر لانے کی جو لہر چلی اس کا نشانہ عمران خان اور ان کی اہلیہ تھے۔ بعدازاں کچھ ایسے افراد خصوصاً دو خواتین کی گفتگو بھی منظر عام پر لائی گئی مقصد جس کا سپریم کورٹ کے اب ریٹائر ہوئے چیف جسٹس صاحب کے خاندان اور قریبی دوستوں کی عمران خان سے مبینہ ''عقیدت'' کو بے نقاب کرنا تھا۔

اہم لوگوں کے مابین ٹیلی فون پر ہوئی گفتگو روایتی اور سوشل میڈیا کے ذریعے برسرعام لانے کا چلن شروع ہوا تو اس کی زد میں آئے چند افراد نے عدالتوں سے رجوع کیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے عزت مآب جج بابر ستار صاحب نے اس معاملے کا ثابت قدمی سے پیچھا کیا اور سختی سے اس امر کا تقاضہ بھی کہ دورِ حاضر میں ریاست کے پاس لوگوں کی نجی گفتگو میں نقب لگانے کی صلاحیت کو قانون وضوابط کے تحت لایا جائے۔ یوں نہ ہو کہ ایسی صلاحیت کچھ ریاستی افسر چند افراد کو سیاسی وذاتی وجوہات کی بنیاد پر بدنام کرنے کی غرض سے استعمال کرنا شروع ہوجائیں۔ ذاتی طور پر میں ان کی جانب سے لئے فیصلے کا تہہ دل سے احترام کرتا ہوں۔ یہ حقیقت یاددلانے کو لیکن مجبور ہوں کہ دورِ حاضر میں دنیا کی کمزور ترین ریاست کی اولین ترجیح بھی ان جدید ترین آلات کا حصول ہے جو اسے اپنے شہریوں (رعایا) پر کڑی نگاہ رکھنے کے قابل بنائے۔

یاد ہمیں یہ بھی رکھنا ہوگا کہ رعایا پر کڑی نگاہ رکھنے کا نظام ہمارے خطے میں صدیوں سے نہایت منظم انداز میں چلایا جارہا ہے۔ بہت کم لوگوں کو غالباً یاد رہا ہوگا کہ ''اخبارنویس'' کا لفظ برطانوی دور سے قبل قائم ہوئی سلطنتوں کے ان ''مخبروں'' کے لئے استعمال ہوتا تھا جو دارالحکومت سے کئی دور شہروں میں قیام پذیر ہوئے وہاں کے ماحول پر نگاہ رکھتے تھے۔ سارا دن بازاروں اور کوچوں میں لوگوں سے گفتگو کے بعد وہ دربار کے لئے ''روزنامچہ'' تیار کرتے۔ اس کے ذریعے آگاہ کیا جاتا کہ عوام کے دلوں میں بادشاہ وقت اور اس کے دربار کے بارے میں کیا محسوس کیا جارہا ہے۔ اخبارنویسوں کے تیار کردہ روزنامچے ''ڈاک'' کے برق رفتار اور تازہ دم گھوڑوں پر مشتمل نظام کے ذریعے نہایت سرعت سے دربار تک پہنچائے جاتے۔ مذکورہ نظام ''ڈاک'' کہلاتا تھا۔ ہندوستان میں وارد ہوکر برطانوی حکمرانوں نے ورثے میں ملے اخبارنویسوں اور ڈاک کے نظام کو نہ صرف سراہا بلکہ بہت چاہت سے اپنا بھی لیا۔ مختلف اضلاع میں تعینات ہوئے ڈپٹی کمشنر اپنے علاقوں کی تاریخ بھی مرتب کرتے۔ آج بھی پنجاب کے مختلف اضلاع کی ''مقامی سیاست'' اور وہاں کی ''تاریخ'' جاننے کے لئے میں ان ''گزٹیئر'' سے رجوع کرتا ہوں جو تقریباً200 سال قبل وہاں تعینات ڈپٹی کمشنروں نے لکھے تھے۔ دورِ حاضر میں لوگوں کے دلوں کا حال جاننے کے لئے ریاستوں کو اخبارنویسوں اور ڈاک کا نظام قائم کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ میرے اور آپ کے ہاتھ میں موجود موبائل فون ریاست کا سب سے بڑا مخبر ہے۔ وہ میرے ہاتھ میں ہے تو ریاست کا کوئی بھی افسر کہیں دور بیٹھا اپنے لیپ ٹاپ پر چند بٹن دبا کر معلوم کرسکتا ہے کہ میں اس وقت کس مقام پر موجود ہوں۔ میری گاڑی میں لگا ٹریکر بھی میری ''لوکیشن'' بتادیتا ہے۔ میرے گھر یا گاڑی میں چھوٹی سی چپ (Chip) چسپاں کرکے وہاں ہوئی گفتگو بآسانی ریکارڈ کی جاسکتی ہے۔ اپنے شہریوں (رعایا) پر نگاہ رکھنے اور ان کے دلوں کا حال جاننے کی جو سہولت دورِ حاضر کی ریاست کو میسر ہے اسے کسی ضابطے میں لانا ممکن نہیں رہا۔ کوشش کرنے میں اگرچہ حرج نہیں۔

احتیاطاً یہ بھی یاد دلانا چاہوں گا کہ ٹیلی فون پر ہوئی گفتگو کی ریکارڈنگ کو ''ناپسندیدہ لوگوں'' کو بدنام کرنے کے لئے استعمال کرنے کی جو لہر چلی تھی یہ بدنصیب اس کے اولیں ''زخمیوں'' میں سے ایک تھا۔ مریم نواز صاحبہ کی وزیراعظم ہاؤس سے ہوئی ایک گفتگو ان دنوں ریکارڈ ہوئی جب ان کے والد وزیر اعظم کے منصب پر فائز تھے۔

---

## مستحکم یونیورسٹیاں: خواب نہیں حقیقت



مرتضیٰ نور

پاکستان کی یونیورسٹیاں شدید مالی بحران کا شکار ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے فنڈنگ میں جمود یا کم اضافہ اور بلند شرح افراط زر کی وجہ سے یہ ادارے معیار برقرار رکھنے، بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے اور قابل فیکلٹی کو برقرار رکھنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ اس کے برعکس، دیگر اسلامی اور جنوبی ایشیائی ممالک نے اعلیٰ تعلیم کی فنڈنگ میں مختلف کامیابیاں حاصل کی ہیں، جو پاکستان کے لیے نمونہ بن سکتی ہیں۔ ان مالی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جامع اصلاحات کی ضرورت ہے، جو پائیدار فنڈنگ میکانزم، موثر گورننس، اور میرٹ پر مبنی تقرریوں پر توجہ مرکوز کریں۔ پاکستان میں تسلیم شدہ یونیورسٹیوں کی تعداد 264 تک بڑھ گئی ہے، جن میں ملک بھر میں 139 علاقائی کیمپس شامل ہیں۔ بلند افراط زر، کم بجٹ مختص کرنے، اور کم مراعات نے سرکاری اور نجی شعبے کی یونیورسٹیوں کی کارکردگی کو متاثر کیا ہے۔

پاکستان کی سرکاری شعبے کی یونیورسٹیوں کی مالی مشکلات کی کئی وجوہات ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے شعبے کے لیے بجٹ سالوں سے جمود کا شکار ہے، جس میں افراط زر کی شرح یا یونیورسٹیوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے مطابق بہت کم اضافہ کیا گیا ہے۔ آپریشنل اخراجات، بشمول تنخواہیں، یوٹیلیٹیز، اور دیکھ بھال میں اضافہ ہوا ہے جبکہ فنڈنگ میں مناسب اضافہ نہیں ہوسکا۔ سرکاری یونیورسٹیاں بڑی حد تک حکومتی گرانٹس پر انحصار کرتی ہیں، جبکہ ٹیوشن فیس، تحقیقاتی گرانٹس، اور نجی شعبے کی شراکت داری سے محدود آمدنی ہوتی ہے۔ تعلیم، خاص طور پر اعلیٰ تعلیم پر پاکستان کے اخراجات دیگر جنوبی ایشیائی اور اسلامی ممالک کے مقابلے میں نسبتاً کم ہیں۔ پاکستان کے حالیہ اقتصادی سروے کے مطابق، پاکستان اپنی جی ڈی پی کا تقریباً1.5 فیصد تعلیم پر خرچ کرتا ہے، جو کہ یونیسکو کے تجویز کردہ 64 فیصد سے کم ہے۔ اس کے برعکس، بھارت اور بنگلہ دیش جیسے ممالک اپنی جی ڈی پی کا تقریباً54 فیصد تعلیم پر خرچ کرتے ہیں۔ یہ تفاوت پاکستان میں تعلیم کے معیار اور رسائی پر اثرانداز ہوتا ہے، جس میں ناکافی بنیادی ڈھانچہ، ناکافی تدریسی عملہ، اور محدود تحقیقی مواقع جیسے چیلنجز عام ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے حوالے سے صورتحال تشویشناک ہے۔ پاکستان کا اعلیٰ تعلیم پر خرچ اس کی جی ڈی پی کا تقریباً0.25 فیصد ہے، جو ملائیشیا اور ترکی جیسے ممالک سے نمایاں طور پر کم ہے، جو اپنی جی ڈی پی کا تقریباً5.11 فیصد خرچ کرتے ہیں۔ دیگر ممالک میں یہ زیادہ سرمایہ کاری بہتر یونیورسٹیوں، زیادہ تحقیقاتی فنڈنگ، اور بہتر تعلیمی نتائج میں بدلتی ہے۔ پاکستان میں محدود فنڈنگ اس کے اعلیٰ تعلیم کے شعبے کی ترقی میں سست روی کا سبب بنی ہے، جو ملک کی مجموعی تعلیمی ترقی اور اقتصادی ترقی پر اثر انداز ہوتی ہے۔ شدید مالی بحران کی وجہ سے کچھ سرکاری شعبے کی اعلیٰ یونیورسٹیاں بروقت تنخواہیں اور پنشنز ادا کرنے سے قاصر ہیں۔ زیادہ تر بجٹ تنخواہوں، پنشنز، یوٹیلیٹیز، وغیرہ پر خرچ ہو رہا ہے۔ تحقیق کے لیے کچھ فنڈز بچانا بہت مشکل ہے۔ ان مالی مسائل کی وجہ سے، قابل فیکلٹی کو برقرار رکھنا ایک اور چیلنج بن گیا ہے۔ کچھ قابل اور تجربہ کار فیکلٹی ممبران نے پہلے ہی بیرون ملک یونیورسٹیوں میں ملازمت اختیار کی ہے۔

شفاف اور مسابقتی عمل کے ذریعے میرٹ پر مبنی تقرریاں وفاقی، صوبائی اعلیٰ تعلیم کمیشنز اور یونیورسٹیوں سمیت اعلیٰ تعلیم کے اداروں کے موثر کام اور پائیداری کے لیے اہم ہیں۔ میرٹ کی بنیاد پر اہل افراد کی تقرری سے یہ یقینی بنتا ہے کہ قیادت اور فیکلٹی کے پاس تعلیمی فضیلت اور اختراع کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری مہارت اور تجربہ ہے۔ میرٹ پر مبنی تقرریاں احتساب اور شفافیت کی ثقافت کو بھی فروغ دیتی ہیں، اقربا پروری اور پسندیدگی کے واقعات کو کم کرتی ہیں، جو نااہلی اور بدعنوانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ انتخابی عمل کے دوران، قیادت کی خصوصیات اور فنڈ ریزنگ میں مہارت کو بھی اہمیت دی جانی چاہیے۔ اقربا پروری نے بھی یونیورسٹیوں کے کام کو متاثر کیا ہے۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں خاص طور پر پینسٹھ سے زیادہ باقاعدہ وائس چانسلرز کی ابتدائی تقرریوں کو میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنایا جانا چاہیے۔

اعلیٰ تعلیم کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا جانا چاہیے تاکہ افراط زر اور یونیورسٹیوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ یہ موثر لابنگ اور اعلیٰ تعلیم میں سرمایہ کاری کے طویل المدتی فوائد کو اجاگر کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یونیورسٹیوں کو متبادل آمدنی کے ذرائع تلاش کرنے چاہئیں اور انڈومنٹ فنڈز قائم کرنے چاہئیں جہاں سابق طلباء اور مخیر حضرات تعاون کرسکیں۔ ان فنڈز کو اسکالرشپس، تحقیق، اور سرمائے کے منصوبوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پالیسی اصلاحات متعارف کرانے کی ضرورت ہے جو اعلیٰ تعلیم کی فنڈنگ کو ترجیح دیں اور یونیورسٹیوں میں پائیدار مالی طریقوں کے لیے فریم ورک قائم کریں۔ خاص طور پر سرکاری شعبے میں نئی یونیورسٹیوں کے اعلان کے فیصلے پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔ نئی یونیورسٹیاں عوامی نجی شراکت داری کے تحت قائم کی جائیں۔ حالیہ کابینہ کے اجلاس کے دوران پنجاب حکومت نے عوامی نجی شراکت داری کے تحت یونیورسٹیاں قائم کرنے اور اس سلسلے میں نجی شعبے کو سہولت فراہم کرنے پر اتفاق کیا۔ یونیورسٹی کی فیکلٹی کو صنعت اور کارپوریٹ سیکٹر کے ساتھ منصوبے کرنے کی ترغیب دینی چاہیے۔ یونیورسٹی کیمپسز میں سہولیات کو بڑھانے کے لیے جیسے کیفے ٹیریا، ہاسٹل وغیرہ، بوٹ ماڈل (بنانا، چلانا، اور منتقل کرنا) کو فروغ دینا چاہیے کیونکہ اسے کامیابی کے ساتھ کامسیٹس یونیورسٹی لاہور کیمپس اور یونیورسٹی آف سرگودھا نے نافذ کیا ہے۔ سرکاری شعبے کی یونیورسٹیوں کی وسیع زمین کو تجارتی مقاصد کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ چونکہ تسلیم شدہ یونیورسٹیوں کا تقریباً 88٪ صوبائی چارٹرڈ ہیں، اس لیے صوبائی حکومت کو بھی یونیورسٹیوں کے ترقیاتی اخراجات پورا کرنے چاہئیں۔ سابق طلباء اسکالرشپ کی پیشکش اور موجودہ سہولیات کو مضبوط بنانے سمیت انڈومنٹ فنڈز قائم کرنے کے لیے فنڈ ریزنگ کے لیے ایک اور اہم ذریعہ ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کی یونیورسٹیوں میں مالی بحران کے لیے فوری اور جامع حل کی ضرورت ہے۔

---

## نیا سیاسی پلیٹ فارم، کال ریکارڈنگ اور فوجی جوانوں کی شہادتیں!!!!!!



سائرن محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

سب سے پہلے وطن کے دفاع کی خاطر جانیں قربان کرنے والوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ دفاعی اداروں کے جوان ایسے وقت میں جب ملک میں سیاسی و معاشی عدم استحکام کا شور ہے۔ مہنگائی کا طوفان ہے، بے چینی اور غیر یقینی کی کیفیت انتہا پر ہے، سیاسی قیادت کی طرف سے منفی باتیں سننے کو ملتی ہیں، شہدا کی قربانیوں کو داغدار کرنے کی بھی کوششیں وقتا فوقتا ہوتی رہتی ہیں۔ اس کے باوجود ملک وقوم کی حفاظت کرتے ہوئے ہمارے بہادر جوان قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ رواں سال کے چھ ماہ میں چھ سو سے زائد انٹیلی جنس آپریشنز ہو چکے ہیں اگر یہ کارروائیاں نہ ہوتیں تو اندازہ لگائیں کہ پاکستان میں امن کے دشمن نہتے شہریوں کو کیسے نشانہ بناتے، کیسے ملک میں امن تباہ کرتے، کیسے ہمارے بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچانے کے لیے کارروائیاں کرتے، کیا کبھی کسی سیاست دان نے سکیورٹی اداروں کی کارروائیوں پر بیان جاری کرتے ہوئے اس پہلو پر غور کیا ہے۔ ابھی مولانا فضل الرحمن کا بیان نظر سے گذرا ہے، وہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کی مخالفت کرتے ہوئے ماضی کے حوالے دے رہے ہیں۔ مولانا بتائیں کہ کیا ان آپریشنز کی وجہ سے ملک میں دہشت گردوں کی کارروائیوں پر قابو نہیں پایا گیا، کیا ملک کو خودکش دھماکوں سے نجات نہیں ملی، کیا وادی سوات میں لوگوں کی زندگی معمول پر نہیں آئی، کیا دیگر علاقوں میں زندگی نسبتا معمول پر نہیں آئی۔ اب اگر ملک میں کہیں کہیں یہ عناصر موجود ہیں تو کیوں ان کے خاتمے کی کوششیں نہ کی جائیں۔ مولانا کو کیوں ملک کا امن تباہ کرنے والوں سے ہمدردی ہے، مولانا فضل الرحمن اور ان کی طرح ایسی کارروائیوں کی مخالفت کرنے والے دیگر سیاست دانوں کو اپنے جوانوں کی شہادتیں اور عام، نہتے شہریوں کا خون کیوں دکھائی نہیں دیتا۔ یہ کیسی ستم ظریفی ہے کہ ملک میں امن وامان کے قیام کی کوششوں کو بھی سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ آج پاکستان کے رابطے دنیا سے بحال ہوئے ہیں، ملک میں بین الاقوامی کھیلوں کی سرگرمیاں بحال ہیں، غیر ملکی وفود اور سرمایہ کار آ رہے ہیں تو امن کی اس فضا کو قائم کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے ستر ہزار سے زائد انسانوں نے اپنی جانیں قربان کی ہیں۔ دہشتگردوں کو ختم کرنے کے لیے افواج پاکستان، رینجرز، حساس ادارے، پولیس کے جوانوں سمیت شہریوں نے اپنا خون دیا ہے۔ آج اگر ملک کو ایک اور مشکل کا سامنا ہے تو اس معاملے میں سیاسی قیادت کو سیاسی مفادات کے بجائے ملکی مفاد کو ترجیح دینی چاہیے۔ آج بھی ہمارے بہادر جوان دفاع وطن کی خاطر اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ کیپٹن اسامہ بن ارشد کا نام بھی انہی شہدا میں شامل ہے۔ شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں کیپٹن محمد اسامہ بن ارشد نے جام شہادت نوش کیا۔

فائرنگ کے تبادلے میں کیپٹن محمد اسامہ بن ارشد نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، چوبیس سالہ کیپٹن آپریشن کی قیادت کر رہے تھے۔ فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد بھی ہلاک ہوئے۔

آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کا موثر انداز میں پتا لگایا اور سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ شمالی وزیرستان میں شہید ہونے والے کیپٹن محمد اسامہ بن ارشد شہید کی نماز جنازہ میں وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر وزیر دفاع، وزیر اطلاعات اور حاضر سروس و ریٹائرڈ فوجی افسران، فوجی جوانوں اور شہید کے لواحقین نے بھی بڑی تعداد میں نماز جنازہ میں شرکت کی۔ کیا یہ قربانیاں ملک وقوم کے بہتر مستقبل کی خاطر نہیں ہیں۔ کیا ان قربانیوں کا کوئی سیاسی مقصد ہے، سیاسی قیادت سے گذارش ہے کہ خدا کے لیے سنجیدہ ہو جائیں اور قوم کو بہتر پیغام دیں۔

دوسری طرف آئی ایس پی آر کے مطابق جنوبی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا جس میں بہادر فوجی جوان سپاہی اسد اللہ، سپاہی محمد سفیان اور زین علی شہید ہوئے ہیں۔ تیس سال کے سپاہی اسد اللہ شہید کا تعلق ٹمیاری سے تھا، اٹھائیس سال کے سپاہی محمد سفیان شہید ڈی آئی خان کے رہائشی تھے جبکہ چوبیس سال کے زین علی شہید کا تعلق بہاولنگر سے تھا۔ ان شہدا کو سلام ان کے اہلخانہ کو سلام، اور اس موقع پر سیاسی قیادت کے لیے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری سیاسی قیادت کو ملک وقوم کے بہتر مستقبل کے لیے بہتر فیصلوں کی توفیق عطاء فرمائے۔ کیونکہ بدقسمتی سے آج بھی ہم سیاسی مصلحتوں کو سامنے رکھتے ہیں ملکی مفاد کو قربان کر دیتے ہیں اور یہی سوچ ہماری ترقی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ کیونکہ اگر نمایاں سیاسی قیادت نے بہتر کام کیا ہوتا تو کبھی نئی سیاسی جماعتوں کی ضرورت پیش نہ آتی، آج کیوں ہر جگہ یہ بات ہو رہی ہے کہ ملک میں نئے سیاسی پلیٹ فارم کو ہونا چاہیے۔ پہلے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل اور ان کے ساتھیوں نے عوام پاکستان پارٹی لانچ کی اور اب سابق گورنر سندھ عشرت العباد بھی یہی بات کر رہے ہیں۔ عشرت العباد بھی سمجھتے ہیں کہ ملک کو نئی سیاسی قیادت یا سیاسی پلیٹ فارم کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ملک دہائیوں سے سیاست کرنے والوں کی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ بہت ہو چکا ہے۔ آج بھی وہی گھسے پٹے بیانات اور اقدامات ہو رہے ہیں۔

---

## ایران، برطانیہ اور بھارت میں تبدیلی پر ہمارے”ذہن سازوں“کی توقعات

برطانیہ کے بعد ایران کے صدارتی انتخابات بھی ہوگئے تو ہمارے ہاں سوشل میڈیا پر چھائے ''ذہن سازوں'' کا ایک گروہ نہایت حسرت سے پاکستانیوں کو یاد دلانا شروع ہوگیا کہ حال ہی میں برطانیہ اور ایران کے علاوہ بھارت بھی انتخابی عمل سے گزرا ہے۔ ان تینوں ملکوں میں بقول ''ذہن سازوں'' کے ''قدامت پرست اور آمرانہ مزاج'' کی جماعتوں اور افراد کو شکست ہوئی۔ وہاں کے عوام ''جاگ اُٹھے'' اور ''بہتر لوگ'' اقتدار میں لے آئے۔ پاکستان میں لیکن بارہا انتخابات کے باوجود ''تبدیلی'' نہیں آتی۔ انتخاب ہو بھی جائیں تو ان کے ''حقیقی نتائج'' حکمران اشرافیہ کھلے دل سے قبول نہیں کرتی۔

تین ملکوں کے انتخابی نتائج کے ذکر سے خود کی ملامت کرتے ''ذہن سازوں'' کے پیغامات کو توجہ سے پڑھا تو حیرت ہوئی۔ ایران کا سیاسی ڈھانچہ اور انتخابی عمل برطانیہ اور بھارت کے مقابلے میں قطعاً مختلف ہے۔ ایران ایک کٹر نظریاتی مملکت ہے جہاں منتخب اداروں کے متوازی روحانی سربراہ کی قیادت میں قائم ہوا طاقت ور ترین سیاسی ڈھانچہ بھی ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے منتخب صدر اپنے تئیں ایران کو ''انقلابی'' انداز میں تبدیل کرنے کے قابل ہی نہیں۔

نواز شریف کے دوسرے دورِ حکومت کا آغاز ہونے کے چند ماہ بعد تہران میں اسلامی ممالک کے سربراہان کی کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔ میں اس کی تیاریوں کے دوران ہی تہران پہنچ گیا تھا اور وزیراعظم کے ہمراہ گئے صحافیوں میں شامل نہیں تھا۔ میرے وہاں پہنچنے کے روز ایران نے ایک فٹ بال میچ جیتا تو نوجوان بچوں اور بچیوں کی بہت بڑی تعداد فرطِ جذبات سے سڑکوں پر نکل آئی۔ کئی اہم شاہراہوں پر وہ ٹولیوں کی صورت رقص میں مصروف رہے۔ نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی اجتماعی شادمانی نے جو مناظر دکھائے چند اہم عالمی اخبارات کے نمائندوں نے انہیں ''تبدیلی'' کی علامت ٹھہرایا۔ طے کردیا کہ نو منتخب صدر خاتمی اپنی ''معتدل مزاجی'' کی بدولت جلد ہی ایران کو امریکہ اور یورپ کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی راہ پر لگادیں گے۔

''معتدل مزاج'' صدر روحانی سے بھی ایسی ہی امیدیں باندھی گئی تھیں۔ ان ہی کے دور میں طویل مذاکرات کے بعد امریکہ نے روس کی بھرپور معاونت سے ایران کو ایک اہم معاہدے پر دستخط کرنے کو رضامند کیا۔ اس معاہدے کی بدولت ایران نے وعدہ کیا کہ وہ اپنے ایٹمی پروگرام کو جنگی ہتھیاروں کے لئے استعمال نہیں کرے گا۔ مذکورہ معاہدہ باراک اوبامہ کی ''تاریخ ساز'' کامیابی بھی قرار پایا۔ اس کی جگہ وائٹ ہاؤس پہنچے ٹرمپ نے مگر اقتدار سنبھالتے ہی مذکورہ معاہدے کو یک طرفہ طور پر منسوخ کردیا۔ ایران اور مغربی دنیا کے مابین تناؤ اب انتہا کو پہنچ چکا ہے اور نئے ''معتدل مزاج'' صدر کا انتخاب اس تناظر میں کسی مثبت پیش قدمی کی امید نہیں دلاتا۔ ہمارے ہاں تاہم فقط ''معتدل مزاج'' کے لیبل نے ''ذہن سازوں'' کو اپنی خواہشات کی کہانیاں گھڑنے کو اکسانا شروع کردیا ہے۔

بھارت میں نریندر مودی ''اب کی بار-چار سو پار'' حاصل نہیں کرپایا۔ اس کے باوجود مسلسل تیسری بار وزارت عظمیٰ کے منصب کے حصول میں کامیاب رہا۔ وزارت داخلہ اور خارجہ کے مناصب پر بھی وہی لوگ فائز ہیں جو گزشتہ دو ادوار سے اس کے قریب ترین تصور ہوتے ہیں۔ اپنی حکومت کے قیام کے لئے اتحادی جماعتوں کی محتاجی کے باوجود وہ ''ہندوتوا'' کے بنیادی اصولوں پر کوئی سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں۔ کانگرس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو اسے قابو میں رکھنے کے لئے مزید کئی سال کسی جاندار سیاسی حکمت عملی کے ذریعے عوام کو جگائے رکھنا ہوگا۔

''تبدیلی'' کا ذکر کریں تو حقیقی معنوں میں وہ برطانیہ میں آئی ہے جہاں 14 برس تک برسراقتدار رہنے کے بعد وہاں کی قدامت پرست جماعت کو بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ سوال اگرچہ یہ بھی اُٹھتا ہے کہ قدامت پرست جماعت کی ذلت آمیز شکست یقینی بنانے میں لیبر پارٹی کا کونسا ''حربہ'' کارگر ثابت ہوا ہے۔ اس تناظر میں غور کیا تو کچھ بھی ڈھونڈ نہیں پایا۔ قدامت پرست جماعت کی رعونت اور ناقص پالیسیاں ہی اس کے لئے ''خودکش'' ثابت ہوئیں۔ لیبر پارٹی نے اسے دیوار سے نہیں لگایا۔

قدامت پرست جماعت کو ''نیا'' بنانے کے لئے بورس جانسن نے روایتی کے مقابلے میں سوشل میڈیا کو جارحانہ انداز میں استعمال کیا تھا۔ برطانیہ کی سفید فام اکثریت کو یہ سوچنے کو مجبور کیا کہ یورپی یونین میں شامل ہوکر ان کا ملک اپنی ''تاریخی پہچان'' اور منفرد حیثیت کھوچکا ہے۔ اس کی جارحانہ مہم کے نتیجے میں اسی کی جماعت کا سابق وزیر اعظم یورپی یونین میں شامل رہنے یا نہ رہنے کے سوال پر ریفرنڈم کو مجبور ہوا۔ ریفرنڈم ہوا تو برطانیہ یورپی یونین سے الگ ہوگیا۔ یورپی یونین سے علیحدگی کے بعد برطانیہ کو اس کی تاریخی ''عظمت وپہچان'' لوٹانے کے وعدے کے ساتھ بورس جانسن وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز ہوا تو ڈھنگ کی ایک پالیسی بھی مرتب نہ کرپایا۔ ''تبدیلی'' کے نام پر آئی حکومت کرونا کی وباء کے دنوں میں بھی شغل میلے والی پارٹیوں میں مصروف رہی۔ بورس کا غیر ذمہ دارانہ رویہ اس کے زوال کا باعث ہوا تو اس کی جگہ قدامت پرست پارٹی ہی سے آئے دو مزید وزیراعظم بھی برطانوی عوام کو امید نہ دلاپائے۔ بالآخر قبل از وقت انتخابات کروانے کو مجبور ہوئے اور قدامت پرست جماعت کی خودکش پالیسیوں نے جو خلا پیدا کیا اسے لیبر پارٹی نے بآسانی پر کردیا ہے۔

سنگین ترین معاشی بحران کے جس مقام پر برطانیہ اب پہنچ چکا ہے اس سے نکلنے کیلئے لیبر پارٹی کو بے تحاشہ نئے اور تخلیقی اقدامات لینا ہوں گے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

ویسٹ انڈیز کے جیسن ہولڈر کا انگلینڈ کیخلاف میچ میں وکٹ لینے کے بعد پرجوش انداز

## سرجری کی بات سمجھ نہیں آئی، کیا تمام 11 کھلاڑیوں کو تبدیل کرینگے؟ حسن علی کا سوال

لاہور (میاں شہروز) قومی کرکٹر حسن علی نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی جانب سے ''ٹیم کی سرجری'' سے متعلق دیے گئے بیان پر بے یقینی کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان کی نجی کرکٹ ویب سائٹ کو دیے گئے انٹرویو میں حسن علی نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ چیئرمین نے سرجری کا ذکر کس تناظر میں کیا، کیا وہ تمام 11 کھلاڑیوں کو تبدیل کریں گے؟ جو کہ ممکن نہیں۔ کرکٹر نے کہا کہ مجھے یہ کہتے ہوئے بے حد افسوس ہو رہا ہے کیونکہ ہمارے پاس ایسے بیک اپ نہیں ہیں کہ ہم تمام 11 کھلاڑیوں کو تبدیل کرسکیں، علم نہیں کہ سرجری کیا ہوگی لیکن چیزیں بالکل درست ہونی چاہئیں اور کرکٹ کی بہتری کے لیے ہونی چاہئیں۔ حسن علی نے کہا کہ چیئرمین محسن نقوی کو سخت قدم اٹھانے اور ٹھوس فیصلے کرنے چاہئیں، سرجری کو انجام دینے کے لیے اہم آلات کی ضرورت ہے، اگر موجود ہیں تو ضرور کریں۔ فاسٹ بولر نے کہا کہ ہمیں اپنی بینچ اسٹرینتھ مضبوط بنانی چاہیے جو دنیا کی ہر ٹیم کرتی ہے، ہم نے گزشتہ مہینوں میں دیکھا ہے کہ کئی ممالک انٹرنیشنل دوروں پر دو ٹیمیں سامنے لاتے ہیں، اگر آج پاکستان کے پاس یہ دونوں ٹیمیں ہوتیں تو ہمیں سرجری کرنے کی بات نہ کرنی پڑتی۔ کرکٹر نے کہا کہ مثال کے طور پر ایک ٹیسٹ سیریز آرہی ہے اور پاکستان کے پاس متبادل اسپنر نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024 میں بدترین کارکردگی کے بعد چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے ایک بیان میں کہا تھا کہ ایسا لگتا تھا کہ ایک معمولی سرجری کام کرے گی لیکن اس خراب کارکردگی کے بعد مجھے اب یقین ہے کہ ایک بڑی سرجری کی ضرورت ہے، قوم جلد ایک بڑی تبدیلی دیکھے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے فارغ کردیا ہے، دونوں کو سبکدوش کیے جانے کے حوالے سے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا کہ ایمانداری کی بات ہے یہ والی سرجری مجھے سمجھ میں نہیں آئی۔

## آندرے رسل نے حارث رؤف کو 107 میٹر کا چھکا جڑ دیا

جمیکا (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے کھلاڑی آندرے رسل نے پاکستانی فاسٹ بولر حارث رؤف کو 107 میٹر کا چھکا لگادیا۔ میجر لیگ کرکٹ میں آندرے رسل لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز جبکہ حارث رؤف سان فرانسسکو یونیکارنز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس میچ میں اننگ کے آخری اوور میں آندرے رسل نے حارث رؤف کی گیند پر 107 میٹر کا چھکا لگایا۔ میچ کے کمنٹیٹرز نے آندرے رسل کے شاندار شاٹ پر حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے اس کی خوب تعریف کی۔ اس اونچے اور زوردار شاٹ کی ویڈیو بھی مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر کی جارہی ہے۔

## ۔۔۔اظہر محمود نے پی سی بی کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کردیا۔۔۔

### میں نے ٹی 20 ورلڈکپ کی پرفارمنس سے متعلق کوئی رپورٹ نہیں بنائی اور نہ ہی کسی کھلاڑی کی شکایت کی ہے، اظہر محمود

لاہور (میاں شہروز) قومی کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود نے ٹی 20 ورلڈکپ 2024 میں ناقص کارکردگی سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کردیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود نے پی سی بی کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں نے ٹی 20 ورلڈکپ کی پرفارمنس سے متعلق کوئی رپورٹ نہیں بنائی اور نہ ہی کسی کھلاڑی کی شکایت کی ہے۔ اظہر محمود نے کہا کہ چیئرمین پی سی بی سے میری ملاقات ضرور ہوئی ہے، ملاقات کے دوران کسی کھلاڑی کی انفرادی کارکردگی پر بات کرنے کے بجائے مجموعی طور پر قومی ٹیم کی پرفارمنس پر بات کی۔ قومی ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود نے چیئرمین پی سی بی کو ٹیم کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز یہ خبر سامنے آئی تھی کہ قومی ٹیم کے وائٹ بال کوچ گیری کرسٹن نے ٹی 20 ورلڈکپ میں قومی ٹیم کی کارکردگی سے متعلق اپنی رپورٹ میں فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کے رویے کی بھی شکایت کی تھی۔ گیری کرسٹن نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا تھا کہ بطور سینئر کھلاڑی اور فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کا رویہ اور کارکردگی مثالی نہیں تھی، جب کہ شاہین شاہ آفریدی سمیت باؤلرز پلان کے مطابق نہیں کھیلے، انہوں نے ڈسپلن کی خلاف ورزیاں کیں اور دیگر کوچز کے ساتھ بھی ان کا رویہ اچھا نہیں تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پی سی بی نے ٹی 20 ورلڈکپ 2024 میں ناقص کارکردگی پر 'سرجری' کا آغاز کرتے ہوئے ٹیم منتخب کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے برطرف کردیا تھا، جب کہ وہاب ریاض سے سینئر مینیجر کا عہدہ بھی واپس لے لیا گیا تھا۔ کرکٹ بورڈ کی جانب سے مختصر اعلامیہ میں کہا گیا 'پی سی بی کو وہاب ریاض اور عبدالرزاق کی مزید خدمات درکار نہیں ہیں، عبدالرزاق قومی مینز اور ویمنز کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے رکن تھے جب کہ وہاب ریاض مینز ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا حصہ تھے' پی سی بی کی جانب سے دونوں عہدوں سے برطرفی کے بعد وہاب ریاض نے سوشل میڈیا پر ایک بیان جاری کیا جس میں انہوں نے کہا کہ میں اس الزام تراشی کے کھیل کا حصہ نہیں بننا چاہتا، میں نے پورے خلوص سے اپنا کام کیا اور اپنا 100 فیصد دیا۔

## چیمپئنز ٹرافی کے میچ کیلئے بھارتی ٹیم کا لاہور آنے سے انکار

ممبئی (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کھیلنے کے لیے بھارتی ٹیم نے پاکستان آنے سے انکار کردیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کے ذرائع کے مطابق کرکٹ بورڈ آئی سی سی سے بھارت کے میچز سری لنکا یا دبئی میں کرانے کا کہے گا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اگلے سال فروری سے مارچ کے درمیان پاکستان میں شیڈول ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 2008ء ایشیا کپ کے بعد سے سیاسی تعلقات میں تلخی کی وجہ سے بھارتی ٹیم نے کبھی بھی پاکستان میں کوئی میچ نہیں کھیلا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے اس سے قبل بھارت کے تمام میچز لاہور میں کرانے کی تجویز دی تھی۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے مئی میں کہا تھا کہ حکومت کی اجازت کے بعد ہی بھارتی ٹیم کو ٹورنامنٹ کے لیے پاکستان بھیجا جائے گا۔

## زیم افرو ٹی 10 کے دوسرے سیزن کا آغاز 21 ستمبر سے ہوگا، تیاریاں جاری

ہرارے (این این آئی) زیم افرو ٹی 10 کے دوسرے سیزن کا اعلان کردیا گیا ہے جو 21 سے 29 ستمبر تک ہرارے میں کھیلا جائیگا، کھلاڑیوں کے ڈرافٹ اور میچوں کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔ افریقہ میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا ٹی 10 ٹورنامنٹ ہے جس کے افتتاحی ایڈیشن کے تمام میچ ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے تھے۔ زیم افرو ٹی 10 کے پہلے سیزن نے تاریخ رقم کی تھی کیونکہ یہ ہرارے اسپورٹس کلب میں فلڈ لائٹس میں کھیلا جانے والا پہلا ٹورنامنٹ تھا، دوسرے ایڈیشن سے قبل گفتگو کرتے ہوئے زمبابوے کرکٹ کے چیئرمین تاوینگوا مکوہلانی نے کہا کہ ہمیں زیم افرو ٹی 10 ٹورنامنٹ سیزن 2 کے انعقاد کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہورہی ہے۔

## یورو کپ، انگلینڈ نے نیدرلینڈز کو ہرا کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

ڈورٹمنڈ (این این آئی) یورو کپ کے دوسرے سیمی فائنل میں انگلینڈ نے نیدرلینڈز کو 1-2 سے شکست دے کر ایونٹ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ جرمن شہر ڈورٹمنڈ میں کھیلا گیا، جہاں نیدرلینڈز نے میچ کے ساتویں منٹ میں گول کرکے برتری حاصل کی تاہم وہ زیادہ دیر برقرار نہ رہ سکی۔ نیدرلینڈز کی جانب سے زاوی سمنز نے گول اسکور کیا جبکہ انگلش ٹیم کے کھلاڑی ہیری کین نے 18 ویں منٹ میں ہی پینلٹی پر گول کرکے اسکور ایک، ایک سے برابر کیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلے ہاف میں اسکور ایک، ایک رہا جبکہ دوسرے ہاف میں دونوں ٹیموں نے ایک دوسرے کے گول پر کئی حملے کیے لیکن کامیابی نہ مل سکی۔ میچ کے آخری لمحوں 90 منٹ میں انگلش کھلاڑی اولی ویٹکنز نے ایک اور گول اسکور کرکے اپنی ٹیم کو 1-2 کی برتری دلادی جو کہ میچ ختم ہونے تک برقرار رہی۔ انگلینڈ نے نیدرلینڈز کو شکست دیکر یورو کپ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کیا، یورو کپ کا فائنل اتوار کو انگلینڈ اور اسپین کے درمیان جرمن شہر برلن میں کھیلا جائے گا۔

## ۔۔۔بیڈمنٹن کا سمر کیمپ راولپنڈی میں جاری۔۔۔

اسلام آباد (چودھری عمران شوکت) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے زیر اہتمام فری بیڈمنٹن کا سمر کیمپ شہباز سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی میں جاری ہے۔ کیمپ میں مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے ہیڈ مطاہر سہیل کھلاڑیوں کو جدید اور اعلیٰ تربیت دے رہے ہیں۔ سمر کیمپ میں راولپنڈی ڈویژن کے مرد، خواتین کھلاڑی اور سکول، کالجز اور یونیورسٹی کے طلباء وطالبات حصہ لے رہے ہیں جن میں راولپنڈی، اٹک، جہلم اور چکوال شامل ہیں۔ مطاہر سہیل نے کہا کہ سمر کیمپ میں شرکت کرنے کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی 20 جولائی تک اپنے اپنے ناموں کا اندراج فون نمبر 0321-5354000 پر کرواسکتے ہیں۔ مطاہر سہیل نے کہا کہ اس سمر کیمپ سے سکول کالجز کے طلباء وطالبات کو سیکھنے کا موقع ملے گا اور یہ نوجوان اس کیمپ کے دوران فائدہ اٹھاسکتے ہیں کیونکہ یہ سمر کیمپ تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جارہا ہے۔ یہ تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کے لئے تربیتی کیمپ ہر سال گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جاتا ہے۔

چیئرمین انگلینڈ کرکٹ بورڈ بین سٹوکس کو 100 ٹیسٹ میچز مکمل ہونے پر اعزازی کیپ پیش کررہے ہیں

## پی سی بی نے قومی کرکٹ ٹیم کی نئی سلیکشن کمیٹی کا فارمولا تیار کرلیا

لاہور (این این آئی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں پاکستان ٹیم کی ناقص کارکردگی کے بعد بورڈ نے تبدیلیوں کا آغاز کردیا ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ نے ٹیم کی نئی سلیکشن کمیٹی کے لیے فارمولا تیار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق قومی سلیکشن کمیٹی میں دونوں فارمیٹ کے کوچز کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جیسن گیلسپی اور گیری کرسٹن کے ساتھ محمد یوسف اور اسد شفیق بھی سلیکشن کمیٹی میں شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق جس فارمیٹ کی ٹیم ہوگی اس کا کپتان بھی سلیکشن کمیٹی میں شامل ہوگا۔

## تیسرا ٹی ٹوئنٹی، بھارت نے زمبابوے کو 23 رنز سے شکست دے دی

ہرارے (این این آئی) بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں زمبابوے کو 23 رنز سے شکست دے کر سیریز دو ایک سے اپنے نام کرلی۔ ہرارے میں کھیلے گئے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 4 وکٹ کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔ بھارتی کپتان شبمن گل نے 66 رنز کی عمدہ اننگ کھیلی، رتوراج گائیکواڈ نے 49 اور یشسوی جیسوال نے 36 رنز بنائے۔ زمبابوے کی جانب سے کپتان سکندر رضا اور بلیسنگ موزا ربانی نے 2-2 وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں زمبابوے کی ٹیم مقررہ اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 159 رنز بنا سکی۔ ڈیون میئرز 65 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جبکہ 3 وکٹیں لینے پر بھارتی بالر واشنگٹن سندر کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

## ایشین نیٹ بال لیول ون کوچنگ کورس 31 جولائی سے سنگاپور میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایشین نیٹ بال لیول ون کوچنگ کورس 31 جولائی سے سنگاپور میں شروع ہوگا۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے چیئرمین مدثر آرائیں نے بتایا کہ کورس میں ایشیائی ممالک سے کوچز حصہ لیں گے اور 2 اگست تک جاری رہے گا۔

## آسٹریلیا چیمپئنز نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کو 55 رنز سے ہرادیا

WEST INDIES
CHAMPIONS
V
AUSTRALIA
CHAMPIONS

نارتھ ہیمپٹن (این این آئی) ورلڈ چیمپئنز آف لیجنڈز کرکٹ ٹورنامنٹ میں آسٹریلیا چیمپئنز نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کو 55 رنز سے ہرا دیا۔ آسٹریلیا نے 7 وکٹ پر 274 رنز بنائے، ویسٹ انڈین چیمپئنز 6 وکٹ پر 219 رنز بنا سکی۔ نارتھ ہیمپٹن میں کھیلے گئے میچ میں آسٹریلیا چیمپئنز نے پہلے کھیلتے ہوئے 7 وکٹ پر 274 رنز بنائے۔ بین ڈنک نے 35 گیندوں پر سنچری بنائی، ڈینئیل کرسچن نے 35 گیندوں پر 99 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ ریاد ایمرٹ نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ویسٹ انڈین چیمپئنز کی جانب سے ایشلے نرس 70 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جبکہ ڈیوائن اسمتھ نے 64 جوناتھن کارٹر نے 27 اور ڈیرن سیمی نے 33 رنز کی اننگز کھیلیں۔ ویسٹ انڈیز چیمپئنز اس کے باوجود ہدف تک نہ پہنچ سکی اور 6 وکٹ پر 219 رنز تک محدود رہی۔

ڈیون کانوے کا میجر کرکٹ لیگ میں باؤنسر کیخلاف دفاعی انداز

SHOWBIZ
قوت

## پریانکا چوپڑا سے متعلق بیان پر معمر رانا کی وضاحت

ممبئی (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے معروف اداکار معمر رانا نے بالی ووڈ کی اداکارہ پریانکا چوپڑا سے متعلق اپنے بیان کی وضاحت دے دی۔ حال ہی میں مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر معمر رانا کا ایک ویڈیو کلپ وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے یوٹیوب چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے تقریباً ایک سال قبل اداکارہ پریانکا چوپڑا سے متعلق دیے گئے اپنے بیان کی وضاحت پیش کردی۔ انہوں نے کہا کہ میرے بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر لیا گیا، جو انٹرویو میں دکھایا گیا، انہوں نے ایسا نہیں کہا بلکہ اسے ایڈیٹ کیا گیا تھا۔ اداکار کے مطابق ان کے بیان کو غلط انداز میں بیان کیا گیا تھا، اس وقت انہوں نے جو محسوس کیا وہ کہا لیکن اس کا مقصد ہرگز کسی کی تذلیل کرنا نہیں تھا۔ معمر رانا کے مطابق ایڈیٹنگ میں کب ہیر پھیر ہوجائے آپ کو پتا بھی نہیں چلتا، ایڈیٹ میں آپ کو بٹھایا تو ہوتا ہے لیکن اگلا بندہ آپ کے جانے کے بعد کیا کہہ دے آپ کو پتا نہیں چلتا۔ ساتھی فنکاروں کے ردعمل سے متعلق انہوں نے کہا کہ مجھے برا لگا کہ پڑوسی ملک سے تو تنقید جو ہوئی سو ہوئی لیکن ساتھی فنکاروں نے بھی مجھے ہی کہا اس پر افسوس ہوا۔ تاہم معمر رانا پاکستانی ہیروئنز سے متعلق اپنے بیان پر قائم رہے اور کہا کہ پاکستانی ہیروئنز بھارتی اداکاراؤں سے زیادہ خوبصورت اور پرکشش ہیں، اس میں کوئی شک نہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس اگست میں ایک پوڈکاسٹ میں انہوں نے بھارتی اداکارہ پریانکا چوپڑا پر کرش ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے یہ بھی کہا تھا کہ جب انہیں میک اپ کے بغیر دیکھا تو سارا کرش ختم ہوگیا۔

## کووڈ کے بعد سپرہٹ فلمیں: دیپیکا کمائی میں شاہ رخ خان کے قریب پہنچ گئیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی مشہور و کامیاب اداکارہ دیپیکا پڈوکون کی عالمی وبا کورونا وائرس کے بعد فلموں سے زبردست کمائی ہوئی جو بالی وڈ کے کنگ خان کو بھی پیچھے چھوڑ سکتی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دیپیکا پڈوکون کی نئی فلم کالکی 2898 اے ڈی بھارتی باکس آفس پر تہلکا مچا رہی ہے جس کے حوالے سے خیال کیا جارہا ہے کہ یہ فلم مزید کچھ دن اور کمائی کرے گی۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا جارہا ہے کہ فلم عالمی سطح پر 1000 کروڑ کلب میں داخل ہونے کے لیے تیار ہے جب کہ ڈومیسٹک مارکیٹ میں یہ فلم 500 کروڑ کی نیٹ کلیکشن (net collection) کو عبور کرچکی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس فلم سے دیپیکا کی کمائی میں اضافہ ہوا ہے اور خیال کیا جارہا ہے کہ وہ کمائی میں شاہ رخ خان کو پیچھے چھوڑنے میں بس 41 کروڑ کی دوری پر ہیں۔ بھارتی میڈیا نے بتایا کہ کورونا کے بعد فلم پٹھان، جوان اور ڈنکی سے شاہ رخ خان کی ڈومیسٹک کلیکشن 1415.64 کروڑ رہی جس نے شاہ رخ خان کو کورونا کے بعد سب سے زیادہ کمائی کرنے والے بھارتی اداکار میں شامل کیا۔ اسی کے ساتھ ہی دیپیکا کی موجودہ ڈومیسٹک کلیکشن 1374.65 کروڑ ہے اور امید ظاہر کی جارہی ہے کہ دیپیکا مزید 2 سے 3 دنوں میں اپنی فلم کلکی کی کمائی سے شاہ رخ خان کو پیچھے چھوڑ دیں گی۔

## ظہیر اقبال اپنی اہلیہ سوناکشی کے سب سے بڑے سپورٹر بن گئے

ممبئی (این این آئی) سوناکشی سنہا نے حال ہی میں اپنے دیرینہ دوست ظہیر اقبال سے شادی کی ہے۔ اب وہ اپنی نئی آنے والی فلم 'ککو دا' کی ریلیز کی بےچینی سے منتظر ہیں۔ رتیش دیشمکھ اور ثاقب سلیم بھی اس ہارر-کامیڈی فلم کا حصہ ہیں۔ فلم سازوں نے بالی ووڈ کمیونٹی کیلیے فلم کی شاندار اسکریننگ کا اہتمام کیا، تو ظہیر اقبال اپنی اہلیہ کے سب سے بڑے سپورٹر بن گئے، وہ بھرپور انداز میں ایونٹ میں شرکت کیلیے پہنچے اور مثالی شوہر ہونے کا ثبوت دیا۔ سوناکشی سنہا کی فلم 'ککو دا' جلد ہی اسٹریمنگ پلیٹ فارم پر ریلیز ہونے والی ہے۔ ظہیر اقبال نے ایک کار میں اسٹائلش انداز میں انٹری دی، جیسے ہی وہ کار سے باہر نکلے اور دور سے سوناکشی کو دیکھا، تو فخر سے پکارا، 'ارے میری بیوی' اور انہیں پیار سے گلے لگالیا۔ اس کے بعد دونوں نے فوٹوگرافرز کیلیے خوبصورت پوز دیے جبکہ وہ بے ساختہ گفتگو کرتے رہے۔

## تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے 'سوڈھی' کا مالی مشکلات کا اعتراف

ممبئی (این این آئی) چند ماہ قبل خود ساختہ طور پر لاپتہ ہونے والے بھارت کے ٹیلی ویژن اداکار گروچرن سنگھ نے مالی مسائل میں گھرے ہونے کا اعتراف کرلیا جبکہ انڈسٹری سے کام دینے کی اپیل کردی۔ اپنے ایک حالیہ انٹرویو کے دوران ٹیلی ویژن اداکار گروچرن سنگھ نے ''تارک مہتا کا الٹا چشمہ'' چھوڑنے کے بعد مالی نقصان کا سامنا کرنے پر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے کورونا وائرس کی وبا کے دوران 2020 میں ممبئی چھوڑ دیا تھا اور اپنا کاروبار شروع کرنے کا فیصلہ کیا تھا، والد کی بیماری کی وجہ سے بھی ممبئی سے نئی دہلی آنا پڑا تھا۔ گروچرن نے کہا کہ مختلف وجوہات کی بنا پر کاروبار کامیاب نہ ہوسکا۔ نتیجتاً انہیں مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ٹیلی ویژن اداکار کہنا تھا کہ یا تو کام صحیح سے نہیں ہوا یا جو لوگ میرے ساتھ مل کر کام کر رہے تھے وہ غائب ہوگئے۔

## پانڈیا اور نتاشا میں اختلاف کی وجہ کون بنا؟ قریبی دوست نے پردہ اٹھادیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ہاردک پانڈیا اور ان کی اہلیہ نتاشا اسٹینکووچ کی علیحدگی کی افواہوں پر ان کے ایک قریبی دوست کا بیان سامنے آگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہاردک اور نتاشا کے دوست کا کہنا ہے کہ دونوں کے تعلقات میں خرابی کی وجہ ہاردک بنے تاہم نتاشا بھی تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے تیار دکھائی نہیں دیتیں۔ دوست کا کہنا ہے کہ 'کسی کو نہیں معلوم کہ آنے والے دنوں میں کیا ہوگا لیکن اس وقت ہاردک اور نتاشا اپنے تعلقات کو بہتر نہیں کرنا چاہتے اور شاید یہ تعلق اب برقرار نہ رہے۔ ہاردک پانڈیا اور سربین اداکارہ و ماڈل نتاشا اسٹینکووچ مئی 2020 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے تاہم رواں سال مئی میں اس وقت ان کی علیحدگی کی خبریں گردش کرنے لگی تھیں۔

## کترینہ اننت امبانی کی شادی کی تقریبات میں شرکت نہ کرسکیں

ممبئی (این این آئی) ان دنوں بھارت کے ارب پتی تاجر مکیش امبانی کے چھوٹے بیٹے اننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی پری ویڈنگ تقریبات جاری ہیں جس میں بالی وڈ سمیت معروف شخصیات شرکت کررہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر پری ویڈنگ تقریبات کی تصاویر اور ویڈیوز کافی وائرل ہورہی ہیں جس میں کئی اہم بالی وڈ شخصیات کو دیکھا گیا۔ لیکن کترینہ کیف اننت امبانی کی پری ویڈنگ تقریبات میں کہیں نظر نہیں آئیں جس کے بعد ان کے فینز کے ذہنوں میں کئی سوالات نے جنم لیا۔ دوسری جانب کافی عرصے سے یہ افواہیں بھی گردش کررہی ہیں کہ کترینہ حاملہ ہیں اور ان کے ہاں جلد بچے کی پیدائش متوقع ہے۔ تاہم گزشتہ دنوں ممبئی میں اننت امبانی کے سنگیت کی تقریب میں جب کترینہ کے شوہر اور اداکار وکی کوشل اکیلے پہنچے تو میڈیا نے ان سے کترینہ کیف کی عدم شرکت پر سوال کیے۔ جس پر وکی کوشل نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ کترینہ کیف اس وقت ممبئی سے باہر ہیں اور اس لیے وہ آج میرے ساتھ نہیں آئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وکی کوشل کے اس جواب کے باوجود کترینہ کے فینز مطمئن نہیں ہوئے اور ان کا خیال ہے کہ جوڑے کے ہاں جلد بچے کی پیدائش متوقع ہے اور اسی وجہ سے کترینہ کہیں تقریبات میں نظر نہیں آرہیں۔ ماضی میں کترینہ اور وکی کوشل کی ٹیم کی جانب سے اداکارہ کے حاملہ ہونے کی افواہوں کی کئی بار تردید کی جاچکی ہے۔ واضح رہے کہ اننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی 19 جنوری 2023 کو ممبئی میں منگنی ہوئی جب کہ جوڑا 12 جولائی کو ممبئی میں شادی کے بندھن میں بندھ جائے گا۔

## چاہت فتح علی خان سے متعلق سمپسنز کارٹون کی پیشگوئی



اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی فلم وڈرامہ انڈسٹری کے معروف اداکار عمران عباس نے مستقبل کے متعلق پیشگوئی کرنے والی کارٹون سیریز 'دی سمپسنز' میں بیسُرے گانوں کی وجہ سے شہرت پانے والے خود ساختہ گلوکار چاہت فتح علی خان کو دکھائے جانے کا انکشاف کیا ہے۔ مستقبل کی پیشگوئی سے مشہور 'دی سمپسنز' کارٹون سیریز کی نشریات کا آغاز سال 1989 میں ہوا تھا، اس کارٹون میں کئی ایسے واقعات دکھائے گئے ہیں جنہیں حقیقت میں بھی دیکھا جاچکا ہے۔ 'دی سمپسنز' کارٹون میں دکھائے گئے متعدد واقعات کے سچ ہونے کے بعد اب پاکستانی اسٹار عمران عباس نے کارٹون میں ایک اور پیشگوئی کا انکشاف بھی کردیا ہے۔ عمران عباس نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل کی اسٹوری میں 'دی سمپسنز' کارٹون کی ایک قسط کی تصویر شیئر کی جس میں نظر آنے والے شخص کا خلیہ بالکل چاہت فتح علی خان جیسا ہے۔ مذکورہ تصویر میں چاہت فتح علی خان سے مماثلت رکھنے والے شخص کے ساتھ کارٹون کریکٹر 'ہمیگی' بھی موجود ہے، جسے وائرل گانے 'بدو بدی' کی ماڈل وجدان راؤ کہا جارہا ہے۔ عمران عباس نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری میں کہا کہ سمپسنز کارٹون کی پیشگوئی ایک بار پھر سچ ثابت ہوئی جیسے ماضی میں ہوتی آئی ہیں۔ اداکار نے کہا کہ سمپسنز نے پہلے ہی اپنی قسط میں پیشگوئی کردی تھی کہ ہم پر چاہت فتح علی خان کا عذاب مسلط ہوگا۔ عمران عباس کے انکشاف پر سوشل میڈیا صارفین نے دلچسپ تبصرے کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا یہ عذاب ہم پر ہی نازل ہونا تھا؟



## اقرا عزیز کو شوہر کے ہمراہ ڈانس کرنا مہنگا پڑ گیا

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ اقرا عزیز کو شوہر یاسر حسین کے ہمراہ ڈانس کرنا مہنگا پڑ گیا۔ اداکارہ اقرا عزیز ان دنوں شوہر یاسر حسین کے ہمراہ بیرون ملک چھٹیاں گزار رہی ہیں جہاں وہ سیر وتفریح سے محظوظ ہو رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر اقرا اور یاسر حسین کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں دونوں اٹلی کے شہر روم کے سیاحتی مقام پر ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے ڈانس کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مذکورہ ویڈیو میں اقرا عزیز نے بولڈ لباس زیب تن کر رکھا ہے اور شوہر کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے ڈانس کرتے نظر آرہی ہیں۔ دونوں کی سیر وتفریح کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے اور بولڈ لباس زیب تن کرنے پر مداح انہیں خوب تنقید کا نشانہ بھی بنا رہے ہیں۔

# محکمہ بہبود آبادی جھنگ کے زیر اہتمام ضلع کونسل جھنگ کے جناح ہال میں سیمینار کا انعقاد

## سیمینار کی صدارت ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر فیاض احمد چوہدری نے کی جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سلمیٰ پروین نے ادا کیے

جھنگ (بیورو رپورٹ) محکمہ بہبود آبادی جھنگ کے زیر اہتمام عالمی یوم آبادی کے حوالے سے ضلع کونسل جھنگ کے جناح ہال میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر محمد عمیر اور ایم پی اے بیگم عابدہ بشیر چوہدری تھے جبکہ مہمان اعزاز ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عاصم میر شاہ، انچارج دارالامان مسز ثمرہ رباب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ظفر اقبال حیدری تھے سیمینار کی صدارت ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر فیاض احمد چوہدری نے کی جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر سلمیٰ پروین نے ادا کیے۔ سیمینار میں محکمہ بہبود آبادی کے فیلڈ سٹاف، آفیسران و عملہ سمیت سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر فیاض احمد چوہدری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سال جولائی 2024 کو آبادی کا 34 واں عالمی دن منایا جارہا ہے جس موموضوع ہے،، گر چاہے سب کیلئے مساوی مستقبل اور ترقی پائیدار تو کرنا ہوگا غیر جانبدار اور جامع اعداد و شمار پہ انحصار،، جس میں غیر جانبدار اور جامع اعداد و شمار کی اہمیت کے بارے میں عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد دنیا میں بڑھتی ہوئی آبادی اور اس سے متعلق مسائل کے حوالے سے شعور پیدا کرنا تھا۔ ہر سال عالمی یوم آبادی ایک خاص تھیم کو مد نظر رکھ کر منایا جاتا ہے خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے لڑکیوں اور عورتوں کے حقوق، صنفی مساوات، زچگی کے دوران عورت کی صحت اور انسانی حقوق کی اہمیت کے بارے میں عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے محکمہ بہبود آبادی کے پیدائش میں مناسب وقفہ، صحت مند ماں تندرست بچہ، متوازن خاندان، خوشحال پاکستان یا وسائل اور آبادی میں توازن، صحت و خوشحالی کا ضامن جیسے سلوگنز کی تشہیر کے ذریعے کم کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے آبادی میں تیزی سے بڑھتا اضافہ ملک کے لیے بے شمار مسائل کا پیش خیمہ ثابت ہورہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق حکومت پنجاب طویل مدتی اور موثر اقدامات کے ذریعے لوگوں کو بڑھتی آبادی کے مضمرات سے آگاہ کر کے محدود وسائل کے باوجود بھی خوشحال معاشرے کے قیام کے لیے بھرپور کوششیں جاری ہیں۔ وسائل اور آبادی میں توازن کا شعور اجاگر کرنے کے لیے عہد ساز اقدامات اٹھانے کے لیے پرعزم ہیں، وسائل اور افرادی قوت کو بروئے کار لایا جارہا ہے تاکہ متناسب آبادی اور مثبت رویوں کا حامل ایک خوشحال معاشرہ پروان چڑھایا جاسکے۔ عوام میں آبادی اور وسائل میں توازن کے حوالے سے آگاہی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خوشحال معاشرے کے قیام کے لئے وسائل اور آبادی میں توازن لازم و ملزوم ہے۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر میڈم سلمیٰ پروین نے کہا کہ خوشحال معاشرے کے قیام، وسائل اور آبادی میں توازن، پائیدار سماجی ترقی، خاندانی منصوبہ بندی کی بہتر سہولیات، اور تولیدی صحت کی بہتری خدمات کے لئے محکمہ بہبود آبادی حکومت پنجاب اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک جامع پلان پر عمل پیرا ہے۔ محکمہ بہبود آبادی پنجاب کا پیش کردہ "متوازن خاندان" کا نظریہ دراصل ایک نہایت ہی خوبصورت عکس ہے خوشحال خاندان اور خوشحال معاشرے کے قیام کا۔ جس کا اصل مقصد ہے کہ اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائے جائیں اور اپنے وسائل کے مطابق بچے پیدا کئے جائیں تاکہ ماں اور بچے دونوں کی صحت اچھی رہے اور خاندان یا کنبہ خوشحالی کے ساتھ پروان چڑھ سکے۔ خوشحال معاشرے کے اس خواب کو حقیقت کی تعبیر دینے اور عوام کی سہولت کے لیے محکمہ بہبود آبادی فیملی ویلفیئر سینٹرز، فیملی ہیلتھ کلینکس، ایڈوائزری سنٹرز، دیہی مراکز صحت اور بنیادی مراکز صحت کے وسیع نیٹ ورک کے ذریعے دن رات کوشاں ہے۔ اس کے علاوہ سوشل موبلائزر، کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکرز، اور فیملی ہیلتھ موبائل یونٹس کی مدد سے وسائل اور آبادی میں توازن، زچہ و بچہ کی صحت، خاندانی منصوبہ بندی کی محفوظ اور موثر سہولیات، پیدائش میں مناسب وقفہ، متوازن غذا، ذہنی مسائل اور تولیدی صحت کا پیغام اور خدمات ہر گھر کی دہلیز تک پہنچائی جارہی ہیں۔

# محرم الحرام کے دوران شرپسند عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، راشد ہدایت

## محرم الحرام میں امن وامان کے قیام کیلئے جھنگ پولیس مکمل طور پر الرٹ ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران شرپسند عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ محرم الحرام میں امن وامان کے قیام کیلئے جھنگ پولیس مکمل طور پر الرٹ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فلیگ مارچ کے دوران میڈیا نمائندگان سے بات کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد راشد ہدایت کی زیر قیادت محرم الحرام میں قیام امن کیلئے فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ فلیگ مارچ میں ڈی پی او کے ہمراہ ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ، اے ایس پی یونٹی فضل الرحمان، ڈی ایس پی سٹی سرکل، ڈی ایس پی صدر سرکل، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر، ڈی ایس پی ٹریفک، جملہ ایس ایچ اوز اور انچارج چوکیات سٹی و صدر سرکل، ایلیٹ فورس، شاہین اسکواڈز اور ریسکیو 1122 شریک ہوئے۔ فلیگ مارچ پولیس لائنز سے شروع ہو کر ایوب چوک، سرگودھا روڈ، آدھیوال چوک، تانگہ اڈا، بلاق شاہ، اینٹ پور چوک، نئی عیدگاہ روڈ، گرلز کالج چوک، کلمہ چوک، ریاض چوک، موسی چوک، ڈھڈی موڑ، دارالسکینہ روڈ، ریلوے لائن سے پولیس لائن اختتام پذیر ہوا۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ فلیگ مارچ کا مقصد شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور شرپسند عناصر کو یہ پیغام دینا ہے کہ جھنگ پولیس امن وامان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت الرٹ ہے۔ محرم الحرام میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، جلوس ہائے ومجالس کی سی سی ٹی وی مانیٹرنگ بھی کی جارہی ھے۔ شہر کے داخلی وخارجی راستوں اور اہم مقامات پر پکٹ ڈیوٹی اور سنیپ چیکنگ جاری ھے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ اہم شاہراہوں پر ایلیٹ فورس اور شاہین اسکواڈز موثر گشت کو یقینی بنا رہے ہیں اور شہر بھر میں اہم مقامات کی کنٹرول روم کے ذریعے الیکٹرانک مانیٹرنگ بھی کی جارہی ھے۔

# ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن کا سرپرائز وزٹ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن کا سرپرائز وزٹ کیا جہاں پر انہوں نے حوالات، جملہ دفاتر اور فرنٹ ڈیسک پر پینڈنگ درخواستیں کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھانہ میں موجود سائلین سے بھی ملاقات کی اور مسائل دریافت کیے اس موقع پر افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کریمنل گینگز، منشیات فروش اور اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے۔ تھانہ میں آنے والے متاثرین کی دادرسی اور انکی شکایات کا فوری حل یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد کے ویژن کے مطابق SIPS ایس او پی کا نفاذ یقینی بنایا جائے اور درخواست ہائے اور مقدمات کی تفتیش مقررہ ٹائم لائن میں مکمل کی جائے ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ محرم الحرام کے حوالے سے جملہ سٹاف کو فرائض کی انجام دہی بارے بریف کیا جائے۔

# بزم حبیب مصطفیٰ آباد کے زیر اہتمام دس روزہ شہید اعظم کانفرنس

## کانفرنس کی صدارت حضرت پیر علامہ مولانا محمد الیاس نقشبندی نے کی

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) شہید اعظم کانفرنس کا باقاعدہ آغاز میاں محمد واصف صاحب کی تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جبکہ نقابت کے فرائض حافظ محمد وحید قادری صاحب نے سرانجام دیے، دس روزہ شہید اعظم کانفرنس و ذکر اہلبیتؑ تیسرا پروگرام کا موضوع۔ شان سیدہ، طیبہ، طاہرہ، ساجدہ، راکعہ خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراؓ جناب سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے فضائل و مناقب کا کیا کہنا کہ جناب سیدہ شہزادی ہیں امام الانبیا، خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلمؐ کی، بیٹی ہیں حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی، جنہوں نے اپنا سارا مال دین اسلام پر خرچ کر کے دین اسلام کو سہارا دیا حیدر کرار، فاتح احد و بدر، خندق و خیبر شیر خدا مولا علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زوجہ ہیں جنتی جوانوں کے سردار حضرت آقا حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنھما جیسے شہزادوں کی ماں ہیں محترم جناب علامہ محمد اویس مرتضیٰ نوری صاحب شاندار خطاب کیا۔ مہمان خصوصی سردار راشد علی ڈوگر، حاجی امجد علی رحمانی، صدر سٹی پریس کلب واحد ملک، اصغر علی ملک، محمد نوید نقیبی، جناب محمد اسرار عطاری، محمد سلیم عطاری، محمد آصف چشتی، احمد جمال بھٹہ، جناب راشد علی حسینی، احمد رضا گجر، عابد علی نقشبندی، مظہر اقبال صاحب، جناب غلام مصطفیٰ چشتی، دیگر علماء کرام اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ آخر میں شہداء کربلا و اُمت مسلمہ کے لئے خصوصی دعا، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس نقشبندی نے کروائی۔

# پانچ محرم الحرام کو ضلع بھر میں 16 جلوس نکالے جائیں گے

## پولیس کی جانب سے تمام پروگرامز پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پانچ محرم الحرام کو ضلع بھر میں 16 جلوس نکالے جائیں گے اور 69 مجالس کا انعقاد ہوگا۔ پولیس کی جانب سے تمام پروگرامز پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ضلع بھر میں 7 سو زائد پولیس افسران وجوان سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ تمام پروگرامز کی سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ ہوگی۔ مجالس اور جلوسوں پر فور لیئر سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہے۔ اہم پوائنٹس پر چھتوں پر مسلح جوان تعینات کئے گئے ہیں۔ اہم جلوسوں پر ایلیٹ فورس کی نفری تعینات ہوگی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ محرم الحرام کے دوران حکومتی ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے امن وامان کے قیام اور عزاداروں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ محرم الحرام کے دوران مذہبی رواداری اور ہم آہنگی امن وامان کے قیام اور ملکی سالمیت کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ تمام مسالک ایک دوسرے کا احترام کریں اور ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہوئے فرقہ واریت سے بچیں۔ مذہبی منافرت پھیلانے والے شرپسند کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور ایسے جرائم میں ملوث افراد کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سیکیورٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں۔

# سید الشہداء نے شہادتیں دے کر اسلام کو سربلند کیا، اظہر حمید بھٹی

## واقعہ کربلا صبر واستقامت کا درس دیتا ہے، بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) واقعہ کربلا میں نواسہ رسول جگر گوشہ بتول حضرت امام حسین رضی اللہ کا خانوادے سمیت دین اسلام کی سربلندی کیلئے جابر سلطان کے سامنے حق و صداقت پر کھڑے رہتے باطل کی بیعت کی بجائے شہادتیں دینے کا درس دیتا ہے۔ امام عالی مقام نے دین کی سربلندی کیلئے باطل پر عمل پیرا یزید کی بیعت کرنے کی بجائے جانوں کا نزرانہ پیش کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ہاں رہتی دنیا و آخرت تک سربلندی پائی۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایکسپورٹر اظہر حمید بھٹی و بیرسٹر ابوبکر بھٹی نے اپنے میڈیا پیغام میں دیا۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کا احترام تمام مسلمانوں کیلئے لازمی ہے۔ تمام پاکستانی کمیونٹیز کو چاہیے پرنٹ الیکٹرانک وسوشل میڈیا پر مذہبی منافرت پر مبنی نفرت انگیز تحریریں، مواد، اور خلاف قانون پوسٹس وخبریں شائع کرنے سے اجتناب برتیں کہ ہم سب مسلمان آپس میں بلارنگ ونسل اور مختلف مسالک وسیاست سے پہلے آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اپنے ملک وقوم اور معاشرے کو نفرت حقارت اور عدم برداشت سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام پاکستانی اپنا مثبت تعمیری کردار ادا کیجئے۔ یہ ملک سیکیورٹی ادارے و پولیس ہمارے اپنے ہیں اور ہم میں سے ہیں۔

# منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایت پر منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس حوالے سے محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیم نے شہر کے مختلف مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے منی پٹرول پمپ یونٹس کو تحویل میں لے لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے منی پٹرول پمپ مالکان کو وارننگ جاری کی اور کہا کہ غیر قانونی طور پر پٹرولیم مصنوعات فروخت کرنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں، چیکنگ کے دوران ملوث پائے جانے والوں کو بھاری جرمانے کئے جائینگے۔

# جہلم جی ٹی روڈ کالا گجراں میں قائم نجی سکول کے طلبہ وطالبات کا میٹرک کے امتحانات میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جی ٹی روڈ کالا گجراں میں قائم نجی سکول کے طلبہ وطالبات نے میٹرک کے امتحانات میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، والدین کا نجی سکولز کے پرنسپل اور اساتذہ کو خراج تحسین، تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ کالا گجراں میں قائم نجی سکول کے طلبہ و طالبات نے میٹرک کے امتحانات میں ایک ہزار سے زیادہ نمبر حاصل کر کے راولپنڈی ڈویژن میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، سکول کی طالبہ شیزا سجاد نے 1200 میں سے 1140 نمبر حاصل کر کے سکول میں پہلی پوزیشن حاصل کی، اعتزاز نذیر نے 1133 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن، ماریہ عثمان نے 1080 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن، آیان احمد نے 1044 نمبر حاصل کر کے چوتھی، صفاء عثمان نے 1039 نمبر حاصل کر کے پانچویں، ارمان شاہد نے 1019 نمبر حاصل کر کے چھٹی، محمد طحہٰ قریشی نے 1018 نمبر حاصل کر کے ساتویں پوزیشن جبکہ محمد فیضان نے 1014 نمبر حاصل کر کے آٹھویں پوزیشن حاصل کی، اسی طرح حنین محمود نے 976، محمد شاہزیب نے 973، مریم تنویر نے 947 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشنیں حاصل کی ہیں۔ سکول پرنسپل نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تعلیم اعلیٰ معاشرے کی پہچان ہے اور ہم اس میں اپنا کردار ادا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔

# حکومت کو عوام کش پالیسیاں ترک کرنا ہونگی، سید راشد علی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سید راشد علی گردیزی نے پارٹی کابینہ کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو عوام کش پالیسیاں ترک کرنا ہونگی حکمرانوں کی شاہ خرچیوں ترک کئے بغیر مہنگائی ختم کرنے کے دعوے محض رسمی بیان بازی ہے عوامی مفادات کے تحفظ کیلئے سیاسی جماعتوں کو اپنے اختلافات کو بھلا کر متحد ہو کر جدوجہد کرنا ہوگی۔

# عالمی یوم بہبود آبادی کے موقع پر محکمہ بہبودِ آبادی ضلع اوکاڑہ کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار کا اہتمام

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) عالمی یوم بہبود آبادی کے موقع پر محکمہ بہبودِ آبادی ضلع اوکاڑہ کے زیر اہتمام ایک آگاہی سیمینار کا اہتمام کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت رکن پنجاب اسمبلی میاں محمد منیر نے کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) جمیل حیدر شاہ صاحب کے مہمان خصوصی تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت شریف سے کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ خطیب قاری سعید عثمانی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسلام کی روشنی میں اعتدال کی اہمیت پر زور دیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) جمیل حیدر شاہ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معیار مقدار سے زیادہ اہم ہے ہمیں اپنی آبادی اور وسائل میں توازن پیدا کرنا ہوگا کیونکہ انہی قوموں نے ترقی کی ہے جو اپنی آبادی اور وسائل میں توازن رکھتی ہیں۔ اس کے بعد رکن پنجاب اسمبلی میاں محمد منیر نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ہماری آبادی اتنی ہونی چاہیے جس کی گھروں اور درس گاہوں میں آسانی سے اچھی تربیت ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پلاننگ کے بغیر ایک گھر نہیں چل سکتا تو کسی ملک کو پلاننگ کے بغیر کیسے چلایا جا سکتا ہے۔ تو جیسے ہر کام کی پلاننگ کی جاتی ہے ایسے ہی فیملی پلاننگ بھی بہت ضروری ہے۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر چوہدری عاصم ہدایت نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع اوکاڑہ میں محکمہ کی خدمات کا دائرہ بہت وسیع کر دیا گیا ہے۔ دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو آگاہی دی جارہی ہے۔ اس موقع پر محکمہ کے ملازمین کو خراج تحسین پیش کیا۔ اور سیمینار کے اختتام پر آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔

# مصطفیٰ آباد: (ن) لیگ ملکی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی: مہر علی مہران

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) (ن) لیگ ملکی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ریاست کو فتنوں سے بچانے کیلئے پارٹی قیادت نے ہمیشہ اپنا کلیدی کردار ادا کیا، جب ملک بحرانوں کا شکار تھا تو میاں شہباز شریف نے کمان سنبھال کر ملک کو استحکام کی جانب گامزن کیا اور ڈیفالٹ سے بچایا اور اب ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی جدوجہد کامیابی سے جاری ہے، ملک دشمن عناصر کی سازشیں ناکام بنائی جائیں گی اور ملکی ترقی وخوشحالی کے جاری سفر کو رکنے نہیں دیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار مہر علی مہران صدر پاکستان مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176 نے اپنے ایک بیان میں کیا، مہر علی مہران نے مزید کہا کہ سانحہ نو مئی کے کرداروں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں کی گئی تاخیر نظام انصاف پر سوالات اٹھنے کا باعث بن رہی ہے ملکی عسکری اداروں، دفاتر اور یادگاروں پر حملہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، پاکستان کو بحران اور عدم استحکام کی دلدل میں دھکیلنے کی سازش کرنے والوں سے مذاکرات نہیں کئے جاسکتے انہیں جلد قرار واقعی سزائیں دی جائیں تاکہ آئندہ کوئی قومی وعسکری املاک پر حملہ آور ہونے کی جرات نہ کر سکے، پاکستان کے عوام سانحہ نو مئی میں ملوث افراد کا کڑا محاسبہ چاہتے ہیں عالم اسلام کی پہلی اور دنیا کی ساتویں ایٹمی قوت پاکستان کو اندرونی عدم استحکام کا شکار کرنے اور افواج پاکستان اور عوام کو متصادم کرنے کی سازش رچانے والوں سے کوئی رعایت برتی نہیں جانی چاہئے، سانحہ نو مئی مشرقی پاکستان سے مختلف نہیں ہے جب تک اس میں ملوث ملزمان کو سزا نہیں مل جاتی وہ نت نئے طریقوں سے ریاستی اداروں پر حملہ آور ہوتے رہیں گے۔

# مون سون کی بارش سیلابی ریلے سے دوسرا المناک حادثہ 4 چار مائن مزدور جان بحق

## تین کی ڈیڈ باڈیز نکال لی گئیں چوتھے ورکر کی تلاش جاری متعلقہ حکام جائے وقوعہ پر دس گھنٹے کے بعد پہنچے

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) مون سون کی بارش سیلابی ریلے سے دوسرا المناک حادثہ 4 چار مائن مزدور جان بحق تین کی ڈیڈ باڈیز نکال لی گئیں چوتھے ورکر کی تلاش جاری متعلقہ حکام جائے وقوعہ پر دس گھنٹے کے بعد پہنچے جبکہ ریسکیو آپریشن حادثے کے تین گھنٹے کے بعد شروع ہوا۔ انکوائری کر کے حادثے کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے عوامی حلقے تحصیل چوآسیدن شاہ کی یونین کونسل بشارت کے نواحی قصبہ چندو سگھر ال میں مائن ٹھیکے دار منور حسین مائن نمبر 22 مظفر حسینکول کمپنی بشارت میں دن 10/11 بجے زیادہ بارش ہونے کے باعث بارش کا پانی مائن کے اندر داخل ہوگیا۔ یہ مائن تین سوفٹ چلی ہوئی ھے 90 فٹ تک پانی مائن میں بھر گیا۔ کیونکہ یہ مائن انارااں والی کسی یعنی سیلابی پانی کے راستے میں لگی ہوئی ھے مائن میں 3 مزدور کام کر رہے تھے اسی دوران ہالیج آپریٹران تینوں مزدوروں کو لینے کے لئے مائن کے اندر گیا تو ہالیج آپریٹر پانی کی زیادتی کے باعث خود بھی وہاں ڈوب گیا ریسکیو کی کارروائی دن دو بجے شروع ہوئی ڈنڈوت کے رہائشی راجہ ارشد نے مشنری اور دیگر سامان مہیا کیا تو آپریشن شروع ہوا اس مائن پر مائن سردار بھی نہیں تھا AC چوآسیدن شاہ موقعے پر موجود تھیں جبکہ مائن انسپکٹر شام کے وقت جائے حادثہ پر آئے۔ یہ دوسرا اس طرح کا حادثہ ھے اس سے قبل بھی سیلابی پانی مائن میں داخل ہونے سے ڈنڈوت میں تین مزدور جان بحق ہوئے تھے بعد اذاں مائنز انسپکٹر چوہدری محمد اشرف موقع پر پہنچ گئے اور اپنی نگرانی میں مزدوروں کی ڈیڈ باڈیز نکالنے کے لئے ریسکیو آپریشن کی نگرانی شروع دی۔ مائن کے اندر پھنسنے والے مزدوروں میں ابراہیم حسین ولد منور حسین سکنہ چندو، سفیر ولد گلزار سکنہ ڈیرہ راجگان، عدنان ولد محمد اشرف سکنہ ڈیرہ راجگان کی لاشیں نکال لی گئی ھیں جبکہ انوار ولد منیر سکنہ ڈیرہ راجگان کی ڈیڈ باڈی تادم تحریر نہیں ملی اس مسئلے کا سدباب نہ کرنے سے یہ دوسرا حادثہ رونما ہوا ھے حکام اوپر سب OK ھے کی رپورٹ ارسال کر کے ہر بات سے بری ہو جاتے ہیں مائنوں میں حادثات ہونا معمول بن چکا ھے اب تک سینکڑوں کارکنوں جان بحق ہو چکے ہیں

CRIME & COURT
جرم و سزا

# ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کے حکم پر ضلع پولیس جرائم کی روک تھام میں فعال

## گینگ ریپ کے مرکزی ملزم سمیت 2 اشتہاری مجرمان کو بھی گرفتار کرلیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کے حکم پر ضلع پولیس جرائم کی روک تھام میں فعال، گینگ ریپ کے مرکزی ملزم سمیت 2 اشتہاری مجرمان کو بھی گرفتار کرلیا گیا مجرمان اشتہاری اور گینگ ریپ کے مرکزی ملزم کی گرفتاری پر آئی جی پنجاب، ڈی آئی جی شیخوپورہ ریجن کی ضلع پولیس کے افسران واہلکاران کو شاباشی اور جرائم پیشہ عناصرز کے خلاف مزید کارروائیاں تیز کرنے کے احکامات جاری، 1 ماہ 1 روز قبل ٹبی ہمبو میں محنت کش ساجد علی کی بیٹی سے گینگ ریپ کے دوران ویڈیو بنانے والوں کے خلاف ایس پی انوسٹی گیشن، ایس ایچ او بھکھی اور انکی ٹیموں کی بڑی کارروائی واقعہ کا مرکزی ملزم وحید کراچی سے گرفتار پولیس انوسٹی گیشن کے مطابق (ا) نامی لڑکی جو اپنے دوست وحید کے ساتھ ٹبی ہمبو جارہی تھی اور ملزم وحید کی پلاننگ کے مطابق اچانک ہی منیر نامی نوجوان راستہ میں ملا اور وہ اپنے گھر لے گیا، چند ہی منٹوں بعد چار مزید لوگ منیر، عرفان، رب نواز اور شفیق آگئے اور ہوائی فائرنگ شروع کردی اور وحید نامی لڑکے کو تشدد کا نشانہ بنانا شروع کردیا، چاروں میں سے ایک ملزم رب نواز نے پہلے لڑکی سے زیادتی کی اور باقی ملزمان لڑکی سے ریپ کی ویڈیو بناتے رہے اور پھر باقی ملزمان نے بھی لڑکی سے گینگ ریپ کیا اور وحید کو رسیوں سے باندھے رکھا اور لڑکی کو اسکی جگہ پہنچا جائے پولیس نے شب وروز کی انتھک محنت کے بعد ملزم وحید کو بیرون ملک فرار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے کراچی سے گرفتار کرلیا ترجمان پولیس کے مطابق ملزم وحید خود شریف النفس بن کر لڑکی کے سامنے ہیرو کا کردار کر رہا تھا جس نے ملزمان کو لڑکی سے گینگ ریپ کرنے کا پورا پلان مرتب تھا فرار ہونے والے باقی ملزمان کی گرفتاری جلد کرلی جائے گی، علاوہ ازیں پی ایچ پی پوسٹ ہردیونا کہ پر اے ایس آئی فریاد اور دیگر پولیس اہلکاروں نے دوران گشت ملزم اصغر سکنہ چک 725 گ ب تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کو دوران تلاشی گرفتار کرلیا جس سے کوئی چیز برآمد نہ ہوئی ہے ملزم ٹوبہ ٹیک سنگھ کے مقدمہ جعلی چیک کا اشتہاری ملزم نکلا صدر شیخوپورہ پولیس نے ملزم کو حراست میں لیکر مقدمہ مدعی محمد اقبال کو ملزم کی گرفتاری کی اطلاع کردی گئی ہے۔

# متروکہ وقف املاک کی اراضی پر غریب عوام کیلئے گھر کی چھت بنانا محال

## محکمہ متروکہ وقف املاک بورڈ کے اعلیٰ حکام سے نوٹس کی اپیل

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) محکمہ متروکہ وقف املاک بورڈ کی اراضی پر غریب عوام کیلئے گھر کی چھت بنانا محال، حکومت محکمہ اوقاف کی اراضی پر عوام کو مالکانہ حقوق دے، محکمہ متروکہ وقف املاک بورڈ کے اعلیٰ حکام سے نوٹس کی اپیل. تفصیلات کے مطابق ننکانہ میں زیادہ تر محکمہ اوقاف کی اراضی ہے جہاں لوگ آباد ہیں غریب عوام جن کے پاس گھر کی چھت نہ ہے اگر وہ جوڑ جمع کر کے کوئی دو چار مرلے جگہ خریدتے ہیں تو اس پر اگر تعمیر کرنا چاہتے ہیں، تو محکمہ کا عملہ کارروائی کر کے گرا دیتے ہیں، جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور میاں محمد نواز شریف نے عوام کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ عوام کو محکمہ اوقاف کی اراضی پر مالکانہ حقوق دیئے جائیں گے لیکن اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوا، شہر میں محکمہ اوقاف کی زمینوں پر ناجائز تجاوزات کے خلاف گردش کرتی خبروں سے شہریوں میں شدید غم وغصہ کا اظہار کیا جارہا ہے اور عوام حکومت پاکستان سے اپیل کرتی ہے کہ تعمیرات پر محکمہ کی طرف سے کیے جانے والے آپریشن کو روکا جائے اگر نہ روکا گیا تو ہم اپنے جان دے دیں گے مگر اپنے گھر نہیں گرانے دیں گے، محکمہ کے عملہ کو ہماری لاشوں سے گزر کر ہمارے گھر گرانے ہوں گے، شہری و سماجی حلقوں نے حکومت پاکستان اور محکمہ متروکہ وقف املاک بورڈ کے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ محکمہ اوقاف کی زمین پر اگر مالکانہ حقوق نہیں دے سکتے تو محکمہ اوقاف کی زمین کو سوسالہ لیز پر جاری کرے تاکہ محکمہ اوقاف کو پیسے جمع ہو ں، حکومت پاکستان محکمہ متروکہ وقف املاک بورڈ کی اراضی پر غریب عوام کے لیے گھر بنانے کے لیے خصوصی رعایت دی جائے، تاکہ غریب عوام کی حق تلفی نہ ہو، اور غریب عوام کو بھی آرام سے گھر اور چھت میسر آسکے۔

# ملزم خلیل احمد کو منشیات قبضے میں رکھنے کا جرم ثابت ہونے پر ساڑھے چار سال کی سزا کا حکم

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حافظ آباد ملک شاہد حسین اعوان نے، صائمہ عثمان کھرل اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے اور ملزم کیخلاف شہادت استغاثہ کی روشنی میں، مقدمہ نمبر 362/21 زیر دفعہ 9(c) تعزیرات پاکستان تھانہ ونیکے تارڑ ضلع حافظ آباد کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم خلیل احمد کو منشیات قبضے میں رکھنے کا جرم ثابت ہونے پر ساڑھے چار سال کی سزا کا حکم سنایا۔ مجرم خلیل احمد کو 20 ہزار روپے جرمانے کا بھی حکم سنایا اور عدم ادائیگی کی صورت میں 5 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔

# جہلم ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا تھانہ پنڈ دادنخان کے علاقہ میں امام بارگاہ جعفریہ میں مجلس کا وزٹ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا تھانہ پنڈ دادنخان کے علاقہ میں امام بارگاہ جعفریہ میں مجلس کا وزٹ، پولیس افسران کو چیک کیا اور الرٹ ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایات دیں، سیکورٹی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا، ڈی ایس پی پنڈ دادنخان نے ڈی پی او جہلم کو 10 محرم الحرام کے مین جلوس کے روٹ پر سیکورٹی اور دیگر انتظامات کے بارے میں بریفنگ دی اور روٹ کا وزٹ بھی کرایا، ڈی پی او جہلم نے مجلس کے منتظمین اور شرکاء سے بھی ملاقات کی، ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے محرم الحرام کے حوالے سے مناسب ہدایات جاری کیں، پولیس افسران و جوان محرم الحرام کے دوران الرٹ ڈیوٹیز سر انجام دیں، جہلم پولیس محرم الحرام کے دوران شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنائے گی۔

# جہلم سمیت ضلع بھر میں عاشورہ محرم کی مجالس اعزاء کا سلسلہ جاری

## امام بارگاہوں میں علمائے کرام اور ذاکرین عظام محمدؐ وآل محمدؐ کے فضائل ومصائب بیان کئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت ضلع بھر میں عاشورہ محرم کی مجالس اعزاء کا سلسلہ جاری، امام بارگاہوں میں علمائے کرام اور ذاکرین عظام محمد و آل محمد کے فضائل ومصائب بیان کر رہے ہیں اور سینکڑوں کی تعداد میں مومنین اور مومنات مجالس اعزاء میں شرکت کر کے شہید کربلا کی بارگاہ میں پرسہ پیش کر رہے ہیں شہر میں سب سے بڑا اجتماع مرکزی امام بارگاہ سول لائن روڈ پر منعقد کیا جارہا ہے، معروف ذاکرین مجالس اعزاء سے خطاب کر رہے ہیں مقررین نے سینکڑوں مومنین و مومنات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نواسہ رسول حضرت امام حسینؑ نے دین حق کو بچانے کے لئے اپنے وطن کو خیر آباد کہا اور اپنے اہل و عیال کے ساتھ کربلا کا سفر اختیار کیا اور بیمار بیٹی سیدہ صغرہ کو تنہا چھوڑ کر روانہ ہوئے، مومنین نے گریہ کیا اور ماتم داری کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں، مومنین کی طرف سے امام بارگاہوں کے داخلی دروازوں پر ٹھنڈے مشروبات کا انتظام بھی کر رکھا ہے۔ پولیس کی جانب سے امام بارگاہوں کے باہر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں جہاں امام بارگاہ داخلے سے قبل واک تھرو گیٹ پر میٹل ڈیٹکٹر کے ذریعے چیک کرنے کے بعد عزاء داروں کو داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے۔

# اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد منور حسین کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

## کم مقدار میں پٹرول فروخت کرنے پر ایک پٹرول پمپ کو سیل کر دیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد منور حسین نے ونیکے تارڑ اور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے کم مقدار میں پٹرول فروخت کرنے پر ایک پٹرول پمپ کو سیل جبکہ مہنگے داموں اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے پر متعدد دوکانداروں کو 70000 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد منور حسین نے ونیکے تارڑ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے نجی کمپنی کے پٹرول پمپ میں پٹرول اور ڈیزل کی مقررہ قیمتوں پر فروخت اور انکے پیمانوں کو چیک کیا جہاں پٹرول پمپ انتظامیہ عوام کو کم مقدار میں پٹرول فروخت کر رہی تھی جس پر انہوں نے پٹرول پمپ کو سیل کر دیا۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف مارکیٹوں اور بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے مہنگے داموں اشیائے خورد ونوش فروخت کرنے پر متعدد دوکانداروں کو 70000 ہزار روپے جرمانہ کیا۔

# شیخوپورہ میں دو مختلف واقعات میں مسقط پلٹ شہری سمیت دو افراد جان سے گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں دو مختلف واقعات میں مسقط پلٹ شہری سمیت دو افراد جان سے گئے پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لے کر کارروائی شروع کردی، تھانہ صدر مرید کے کے علاقہ چوڑار جپوتاں میں نامعلوم افراد نے مسقط پلٹ شخص کو اندھا دھند فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا، بتایا گیا ہے کہ مقتول عمران عرف شاہد شہزاد ٹاؤن کا رہائشی تھا جس کو کسی نے فون کال کر کے گھر سے بلایا اور چوڑار اجپوتاں کے قریب گولیوں سے بھون دیا پولیس کی ابتدائی معلومات کے مطابق مقتول دو بچوں کو باپ تھا جس کی جیب سے موبائل فون اور نقدی 600 روپے برآمد ہوئے ہیں فرانزک ٹیموں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد لینے کے بعد لاش کو مردہ خانہ منتقل کر دیا گیا ہے پولیس کے مطابق اندھے قتل کیس پر کام شروع کر دیا گیا ہے لواحقین کی جانب سے دی جانے والی تحریری درخواست کی روشنی میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا نظری معاینہ کے مطابق مقتول کے جسم میں 18 گولیاں پوست کی گئی ہیں تاہم پوسٹمارٹم رپورٹ کے بعد ہی ہلاکت اور گولیوں کی اصل تعداد سامنے آئے گی، ترجمان پولیس کے مطابق مقتول کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا واقعہ دوران ڈکیتی مزاحمت پر قتل کا نہ ہے، سرحدی آبادی پون پورہ میں تین روز پرانی نعش گھر سے برآمد پولیس ذرائع کے مطابق ملنے والی لاش ندیم ولد اصغر کی ہے جو کہ اندر کمرے کے باہر بنے باتھ روم سے نعش ملی ہے

# تھانے درخواست دینے کی غرض سے جانیوالی خاتون کا ایس آئی پر زیادتی کا الزام

## خاتون کی ایس آئی خاور کی جانب سے گن پوائنٹ پر زیادتی کیخلاف پریس کانفرنس

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) درخواست گذار خاتون کے ساتھ ایس آئی خاور کی گن پوائنٹ پر زیادتی صفیہ نامی خاتو ن چوکی کاہنہ بنگلہ درخواست دینے گی سب انسپکٹر نے زبردستی کی متاثرہ خاتون کے انصاف کے حصول کے لیے پریس کلب میں پریس کانفرنس تفصیلات کے مطابق صفیہ نامی خاتون نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میرے ساتھ ہونے والے ظلم کی کہیں بھی شنوائی نہیں ہو رہی انصاف کے حصول کے در بدر کی ٹھوکریں کھا رہی ہوں رشتہ داروں سے تنازعہ کی درخواست دینے چوکی کاہنہ بنگلہ گی تو خاور ایس آئی نے کمرے میں بلوا کر گن پوائنٹ پر زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا اس موقع پر شاہد شوکت اور محمد یوسف نے پسٹل تان رکھا تھا میرے ساتھ زیادتی پر پولیس اپنے پیٹی بھائیوں کو بچا رہی ہے میں نے 15 پر کال کی تو ڈی ایس پی سمندری نے میری ساتھ نازیبا زبان استعمال کی ایس پی نے بھی میری بات نہیں سنی میرا میڈیکل تک نہیں ہونے دیا میرا پرچہ درج نہیں کیا گیا میری آر پی او فیصل آباد اور سی پی او فیصل آباد سے مطالبہ ہے مجھے انصاف دلایا جائے

# چنیوٹ، جرائم میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر محمد عابد خان کی ہدایت پر ضلع بھر میں جرائم میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے مختلف علاقوں سے 7 ملزمان کو ناجائز اسلحہ ومنشیات سمیت گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے دو عدد پسٹل، 620 گرام چرس، 78 لیٹر شراب برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان میں عزیز، عرفان، ندیم، مشتاق، وقاص، امتیاز اور کمال خان شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان کیخلاف تھانہ سٹی، محمد والا، تھانہ لالیاں، تھانہ لنگرانہ اور تھانہ بھوانہ میں مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

# جہلم میرا پنجاب سموگ سے پاک انٹرن شپ کا آغاز، فریش گریجویٹس کو 25 ہزار ماہانہ اعزازیہ

## نوجوان گریجویٹس چیف منسٹر پنجاب کلائمیٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ میں آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میرا پنجاب سموگ سے پاک انٹرن شپ کا آغاز، فریش گریجویٹس کو 25 ہزار ماہانہ اعزازیہ دیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام میرا پنجاب سموگ سے پاک کے تحت انٹرن شپ کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع جہلم کے نوجوان گریجویٹس چیف منسٹر پنجاب کلائمیٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ میں آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ جس کیلئے آخری تاریخ 20 جولائی 2024 رکھی گئی ہے۔ اس پروگرام کے تحت وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے نوجوانوں کو اپنے علاقے میں ہی انٹرنشپ کرنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ چیف منسٹر پنجاب کلائمیٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ کا دورانیہ 3 ماہ ہوگا اور انٹرنز کو 25,000 روپے ماہانہ اعزازیہ دیا جائے گا۔ چیف منسٹر پنجاب کلائمیٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ کرنے والے نوجوانوں کو قومی و بین الاقوامی یونیورسٹیوں میں داخلے کیلئے ادارہ تحفظ ماحول اور پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے کمیونٹی سروس سرٹیفکیٹ بھی عطا کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ انٹرن شپ کے لیے گذشتہ 2 سال میں ڈگری مکمل کرنے والے فریش گریجویٹس کو ترجیح دی جائیگی جس کے لیے عمر کی حد 18 تا 25 سال رکھی گئی ہے۔ پروگرام کا مقصد ماحول کو نقصان پہنچانے والے عناصر کی روک تھام اور ماحول دوست اقدامات پر عمل درآمد یقینی بنانا ہے۔

# فیروزوالہ نئے تعینات ہونے والے ڈرگ انسپکٹر رانا شاہد نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا

فیروزوالا (سپشل رپورٹر) فیروزوالہ نئے تعینات ہونے والے ڈرگ انسپکٹر رانا شاہد نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا ہے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ سیکرٹری ہیلتھ علی جان، سی او ہیلتھ شیخوپورہ ڈاکٹر فہد وحید کی ہدایت پر تحصیل فیروزوالہ کی حدود میں غیر رجسٹرڈ فارمیسی میڈیکل سٹورز اور غیر ممنوعہ اور ایکسپائری ادویات فروخت کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت ایکشن لیا جائے

# سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد کا تعزیتی اجلاس

## اجلاس میں سینئر صحافی ناصر سندھو کے والد کی وفات پر اظہار افسوس کیا گیا

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار، نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد کا تعزیتی اجلاس صدر واحد ملک کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں نامہ نگار روزنامہ انصاف مصطفیٰ آباد ناصر سندھو کے والد حاجی اسلم کی وفات پر اظہار افسوس کیا گیا، اجلاس میں چیرمین رانا امجد حسن خاں، وائس چیرمین محمد عظیم بھٹی، میڈیا ایڈوائزر چوہدری عمیر انجم نقیبی ایڈوکیٹ ہائی کورٹ، لیگل ایڈوائزر میر ریاست، جنرل سیکرٹری ملک شفیق رفیق، سینئر نائب صدر اصغر علی ملک، نائب صدر حماد خان، سیکرٹری انفارمیشن حافظ ثاقب، سیکرٹری نشرو اشاعت محمد نوید نقیبی، جوائنٹ سیکرٹری حافظ محمد شاہد، سیکرٹری فنانس امجد سردار گجر، محمد رضوان بھٹی، کیمرہ مین عبدالغفار، ودیگر صحافیوں نے نامہ نگار روز نامہ انصاف ناصر سندھو کے والد حاجی اسلم کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر کی دعا کی۔

# کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کا خصوصی اجلاس

## اجلاس زیر صدارت چوہدری محمد ارشد کوآرڈینیٹر ساہیوال اوکاڑہ میں منعقد ہوا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کا خصوصی اجلاس زیر صدارت چوہدری محمد ارشد کوآرڈینیٹر ساہیوال اوکاڑہ میں گرین سیزن ہال جواد ایونیو میں منعقد ہوا، اجلاس میں انجینئر سید اشفاق حسین امیدوار چیئرمین کیپ، انجینئر اظہر اسلام ظفر، انجینئر محمد عمران چیمہ انجینئر، معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر حاجی اقبال احمد خان نیازی، حاجی عبدالرزاق قریشی، ڈاکٹر شہاب انجینئر، ڈاکٹر جاوید ٹیپو چوہدری عامر مجید، زاہد قریشی محمد جمیل چوہدری احمد حبیب، ڈویژنل کوآرڈینیٹر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن چوہدری محمد ارشد، ضلعی صدر رانا ابراہیم، حبیب کنول چیئرمین، چوہدری نعیم اختر، گوگی بٹ، رانا اظہر ایس ای ہائی وے فیصل آباد، چوہدری امجد فیصل آباد، رانا منور فیصل آباد اور ضلع اوکاڑہ کے تمام کنٹریکٹرز نے شرکت کی اجلاس میں پاکستان انجینئرنگ کونسل کے الیکشن 2024 کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی گئی اور آئندہ کے لئے لائحہ عمل طے کیا گیا اجلاس میں مشترکہ طور پر انجینئر سید اشفاق حسین صاحب کو چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل کی حمایت کا فیصلہ کیا گیا اور طے کیا گیا پنجاب بھر میں تمام کنٹریکٹرز دل وجان سے سید اشفاق حسین کی الیکشن کمپین میں کام کریں گے اور انشاء اللہ کامیاب بھی کروائیں گے۔

# سائنس کالج چوآسیدن شاہ میں زیر تعلیم طالبہ ثناء پرویز کا اعزاز، میٹرک کے سالانہ امتحانات میں 1128 نمبر حاصل کر لئے

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) سائنس کالج چوآسیدن شاہ میں زیر تعلیم طالبہ ثناء پرویز کا اعزاز، میٹرک کے سالانہ امتحانات میں 1128 نمبر حاصل کر کے بڑی کامیابی سمیٹ لی، واضح رہے ثناء پرویز چوآسیدن شاہ اور کلر کہار ضلع کونسل ہاؤسز کے کیئر ٹیکر پرویز سلطان کی صاحبزادی ہیں، دوسری جانب ثناء پرویز کی میٹرک امتحانات میں شاندار کامیابی پر پرویز سلطان کو دوست احباب کی جانب سے مبارکبادیں پیش کر کے نیک خواہشات کا اظہار کیا جارہا ہے۔

# شہری آبادیوں کے قریب سٹون کرشنگ مشینیں انسانی زندگیوں کیلئے خطرہ قرار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سپریم کورٹ نے شہری آبادیوں کے قریب سٹون کرشنگ مشینیں انسانی زندگیوں کیلئے خطرہ قرار دے دیں۔ آبادی کے قریب سٹون کرشنگ مشینیں انسانی زندگیوں کیلئے خطرناک ہیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے مسٹر جسٹس منصور علی شاہ نے سماعت کے دوران کہا کہ صنعتوں کو بند نہیں کرنا چاہتے تاہم انسانی زندگیوں کا معاملہ ہے۔

# جہلم، عالمی یوم آبادی منانے کا مقصد آبادی پر کنٹرول بارے آگاہی فراہم کرنا ہے، ڈپٹی کمشنر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عالمی یوم آبادی منانے کا مقصد آبادی پر کنٹرول بارے آگاہی فراہم کرنا ہے آبادی میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے ہمارے وسائل سخت کمی کا شکار ہو رہے ہیں معاشرے میں غربت میں اضافہ ہو رہا ہے وسائل کو محفوظ کرنے اور غربت میں کمی کے لئے آبادی پر کنٹرول ضروری ہے یہ بات ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے عالمی یوم آبادی کے موقع پر محکمہ بہبود آبادی کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک میں ابادی گروتھ ریٹ کو بہت حد تک کنٹرول کرلیا گیا ہے لیکن ہمارے ایشیائی ممالک میں ابادی انتہائی تیزی سے بڑھ رہی ہے جس کا نقصان نہ صرف ملکی وسائل کو ہو رہا ہے بلکہ ماں بچے کی صحت پر اس تہائی برے اثرات مرتب ہو رہے ہیں سیمنار میں محکمہ بہبود آبادی کے افسران، علما کرام اور سماجی شخصیات نے بھی اظہار کیا اور بہبود آبادی کے مشن کے لئے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

گمشدگی کاغذات

میرے والد محمد صدیق حسین ولد محمد قادر حسین ماسٹر وارنٹ آفیسر پاک نمبر 35851 (ایئر فورس) کے نام پر موضع بدھائی چیمہ تحصیل وضلع نارووال میں جگہ الاٹ ہوئی اس کا الاٹمنٹ لیٹر سیشن کورٹ لاہور میں کہیں گم ہوگیا ہے براہ کرم جس کسی کو ملے وہ میرے اس ایڈریس پر پہنچا دے شکریہ

المشتہر: خیر النساء شہناز بیگم زوجہ انعام اللہ مرزا (دختر محمد صدیق حسین)

فلیٹ نمبر FL-7/14-H-7 معمار اسکوائر KDA سکیم نمبر 24 گلشن اقبال کراچی

موبائل نمبر 03212352868

### بقیہ بقیہ جات 1

گفتگو ہوئی۔ حاتم باماترف نے وزیراعلیٰ مریم نواز کے ڈیجیٹل پنجاب ویژن کو سراہا اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ سی ای او پی ٹی سی ایل نے عوامی منصوبوں کیلئے پی ٹی سی ایل کی جانب سے ہائی سپیڈ انٹرنیٹ اور بہتر ٹیکنالوجی کے امور پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بریفنگ دی۔ ملاقات میں شہری اور دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ کی رسائی بہتر بنانے کیلئے ٹیلی کمیونیکیشن انفراسٹرکچر کی توسیع اور بہتری پر تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ ای کامرس اور فری لانسنگ سروسز سے روزگار کے حصول کیلئے تیز ترین انٹرنیٹ انتہائی اہم ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پراجیکٹس کو دیہی اور شہری علاقوں میں یکساں طور پر عملدرآمد ہونا چاہیے۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل جدت اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کو فروغ دینا پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، لاہور میں فری وائی فائی سروس کا آغاز کیا گیا ہے دیگر اضلاع میں بھی جلد شروع کر دی جائیں گی۔

### بقیہ بقیہ جات 2

تھا۔ اس موقع پر عالمی بینک اور پنجاب حکومت میں تین شعبوں میں تعاون پر اتفاق رائے کیا گیا۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے، تعلیم کے معیار میں بہتری، متبادل توانائی، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، کاربن فنانسنگ، کلائمٹ ریزیلینٹ پنجاب کے حوالے سے مل کر کام کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گورننس کے پورے نظام میں تبدیلی لانے کی جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے مختصر ترین مدت میں ریکارڈ ترقیاتی اور سماجی بہبود کے کام کئے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب میں اصلاحات کے لئے عالمی ماہرین اور اداروں کی خدمات حاصل کررہی ہیں، مریم اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل پنجاب کے تحت سرکاری شعبے کی خدمات کو عوام کے گھر کی دہلیز پر پہنچانے کے نظام نے کام شروع کر دیا ہے۔ صوبہ پنجاب نے ٹیکس فری اور اپنے وسائل سے بجٹ دے کر ایک نئی مثال قائم کی ہے۔ سینئر وزیر نے وفد سے گفتگو میں کہا کہ مالیاتی نظم وضبط، زراعت، صنعت اور تجارت کے لیے سہولیات سے ترقی کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ 500 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے عوام کو سولر پینل فراہم کریں گے۔ ذمہ دارانہ معاشی پالیسی پر عمل درآمد اور عوام کو ریلیف دیتے ہوئے آگے بڑھ رہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 3

ادریس شہید کی نماز جنازہ پشاور گیریژن میں ادا کی گئی۔ شہداء کی نماز جنازہ میں کور کمانڈر پشاور اور سول وعسکری حکام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کے بعد شہداء کے جسد خاکی ان کے آبائی علاقوں کی جانب روانہ کردیے گئے جہاں انہیں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 4

طرف لے جانے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ نوجوانوں کی معیاری تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع تک رسائی بڑھانا ہوگی، وسائل اور آبادی کے حجم میں عدم توازن سے مواقع تک رسائی متاثر ہوتی ہے۔ صدر مملکت نے مزید کہا کہ آزادی کے وقت پانی کی فراوانی تھی، اب بڑھتی آبادی کے باعث پانی کی کمی کا سامنا ہے، بڑھتی آبادی کی وجہ سے زرعی اراضی کو رہائشی علاقوں میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ تیزی سے بڑھتی آبادی کے سماجی اور اقتصادی ترقی پر اثرات کو سمجھنا ہوگا، تمام اسٹیک ہولڈرز بڑھتی آبادی کے چیلنجوں سے نمٹنے میں تعاون کریں، خاندانی منصوبہ بندی کے لیے ڈیٹا کی دستیابی اہم ہے، ڈیٹا کی مدد سے باخبر فیصلہ سازی اور موثر پالیسی بنانا ممکن ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 5

جائے، کسٹم ڈیوٹی کے بھرپور نفاذ کے لئے جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور آلات کا استعمال کیا جائے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے اپنی زیر صدارت پاکستان کسٹمز اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے امور سے متعلق اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات علی پرویز ملک، ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن جہانزیب خان، اٹارنی جنرل منصور اعوان، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل، رکن قومی اسمبلی بیرسٹر عقیل ملک، چیئرمین ایف بی آر زبیر ٹوانہ اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ کسٹمز کا شعبہ پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں اصلاحات اور عمل ڈیجیٹائزیشن ہماری معاشی بقا کا مسئلہ ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایف بی آر اور دیگر اداروں میں جاری اصلاحاتی منصوبوں کی تھرڈ پارٹی آڈٹ ہر سطح پر یقینی بنایا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 6

پر وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ بھی موجود تھے۔ صدر الہام علیوف کو توپوں کی سلامی بھی دی گئی۔ آذربائیجان کے صدر وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ وہ دورے کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقاتیں کریں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان مختلف معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر بھی دستخط کیے جائیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 7

میں میٹنگ ہوئی، گواہوں نے بیان دیا کہ میٹنگ میں پی ٹی آئی لیڈرشپ کے 15 لوگ موجود تھے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ میٹنگ میں عمران خان نے 9 مئی کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں گرفتاری کا خدشہ ظاہر کیا، میٹنگ میں ہدایات دی گئیں کہ اگر بانی پی ٹی آئی کی گرفتاری ہوئی تو ڈاکٹر یاسمین راشد کی قیادت میں ورکرز کو اکٹھا کیا جائے۔ فیصلے میں لکھا گیا کہ میٹنگ میں فیصلہ ہوا عمران خان کی گرفتاری کی صورت میں فوجی تنصیبات اور سرکاری عمارتوں پر حملہ کر کے حکومت کو پریشرائز کیا جائے گا، 9 مئی کو اسلام آباد روانگی کے وقت بانی پی ٹی آئی نے ویڈیو بیان دیا کہ اگر انہیں گرفتار کیا تو ملکی حالات سری لنکا کے جیسے ہوں گے۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ پراسیکیوشن نے بانی پی ٹی آئی کے ویڈیو پیغامات کا ٹرانسکرپٹ عدالت میں جمع کرایا، پراسیکیوشن کا سابق وزیراعظم کے خلاف کیس یہ ہے کہ انہوں نے 9 مئی کی منصوبہ بندی کی، پراسیکیوشن کا کیس یہ بھی ہے کہ پی ٹی آئی ٹاپ لیڈرشپ نے منصوبہ بندی سے اتفاق کیا اور ماڈرن ڈیوائسز کے ذریعے پیغام آگے پہنچایا۔

### بقیہ بقیہ جات 8

وزیراعظم کے استفسار پر بتایا کہ دانش سکول میں انہیں رہائش، یونیفارم، کھانے پینے سمیت تمام بہترین سہولت میسر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جس نے ہمیں یہ سکول بنانے کی توفیق دی۔ مجھے یہ چیز بہت تکلیف دیتی تھی کہ ایچی سن کالج جیسے تعلیمی اداروں کے دروازے غریب بچوں پر نہیں کھل سکتے اور ان تعلیمی اداروں میں صرف متمول، زمیندار اور بڑے خاندانوں کے بچے ہی پڑھ سکتے ہیں، غریب کا بچہ ایسے کالج میں داخلے کا سوچ بھی نہیں سکتا، وہیں سے میرے اندر دانش سکول کے قیام کی سوچ پیدا ہوئی جو شرمندہ تعبیر ہوئی۔ وزیراعظم نے آیان کاشف کو میڈل پہناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی کی کنجی ہونہار طلباء و طالبات کے ہاتھ میں ہے، ہم اپنے نوجوانوں کو مختلف فنون اور ہنر کی تربیت دینے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں تاکہ ان نوجوانوں کو زراعت، صنعتوں، آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں روزگار کے بہتر مواقع حاصل ہوسکیں۔

### بقیہ بقیہ جات 9

بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کئے گئے ہیں۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں جا کر حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ تمام اداروں کو محرم الحرام کے دوران آپس میں مضبوط کوارڈی نیشن میں رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حفاظتی انتظامات کے حوالے سے لاہور میں انتظامیہ مکمل طور پر چوکنا ہے۔ لاہور میں یوم عاشور کے مرکزی جلوس پر پولیس اہلکاروں کے ساتھ ساتھ رضا کاروں کی بڑی تعداد بھی فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے مجالس وجلوسوں کے روٹس پر نیاز وسبیل کا خصوصی طور پر انتظام کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 10

ہے کہ متعدد بار پارٹی بدلنے کی آفر ہوئی مگر علاقہ کی مٹی کو داغ نہیں لگنے دیا جب تک زندہ ہوں علاقے کی مٹی کو داغ نہیں لگنے دوں گا، نوجوانوں کو میسج دے کر جاؤں گا کہ ملک کو ارب پتی لوگوں نے اتنا نقصان نہیں پہنچایا جتنا پارٹیاں بدلنے والوں نے نقصان پہنچایا ہے پارٹیاں بدلنے والے ادھر سے مال لے کر ادھر اور ادھر سے ادھر ہو جاتے ہیں ملک کو لوٹ کر کھا گئے ہیں جیسے ظاہر سے پوچھیں لوٹا کیوں نہیں بنا، قائد مسلم لیگ نون میاں محمد نواز شریف سے 37 سالہ رفاقت ہے جسے نہیں چھوڑ سکتا میرا موازنہ کریں اس علاقے میں جتنے بھی ایم این اے ہوئے کیا کسی نے اج تک کوئی کام کیا مسلم لیگ نون اور میاں نواز شریف کے سوا علاقے میں کسی نے کوئی کام نہیں کیا وہ سانگلہ ہل کے شہریوں اور نوجوان کھلاڑیوں سے گفتگو کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مایہ ناز کھلاڑی ان گراؤنڈز میں کھیلتے رہے ہیں جن کو انتظامیہ نے سرکس لگا کر برباد کر دیا، نوجوانوں کے مستقبل سے جس طرح کھیلا گیا اس کی مثال نہیں ملتی، نوجوانوں کو پیغام دوں گا نوجوانوں سے کہوں گا کہ اپنے کھیل کے میدانوں کو آباد کریں تاکہ آئندہ نوجوانوں کے کھیل کے میدان پر ڈاکہ ڈالنے کی کوئی کوشش نہ کر سکیں، اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران کے صدر ریڑھی ایسوی ایشن اعجاز بھولا نے اپنی تنظیم کے عہدہ داروں، کارکنوں اور ریڑھی والوں کے ہمراہ خصوصی ملاقات میں وزیراعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے نعرہ بازی کی واضح رہے کہ چند عناصر انتظامیہ سے ملی بھگت کر کے مزدوروں کا نقصان کرنا چاہتے تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 11

کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے فعال کردار ادا کریں۔ آبادی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اس عظیم ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے جو قوم نے ہمیں عوام کی فلاح وبہبود کے حوالے سے سونپی ہے، ہمیں قوم کی بہتری، ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آبادی جو 60 فیصد نوجوانوں پر مشتمل ہے اس کو ملک وقوم کے لیے ایک قیمتی اثاثہ میں تبدیل کیا جاسکتا ہے اور اس سلسلے میں نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ہنرمند بنانے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ قیمتی انسانی وسائل قومی ترقی کے عمل کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے تمام اسٹیک ہولڈرز پر زور دیا کہ قوم اور خاص طور پر نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے فعال کردار ادا کریں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ نوجوانوں کو ملک وقوم کا قیمتی اثاثہ بنایا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 12

وجود عوام کو تمام مشکلات سے نجات دلوائیں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے 16 ماہ کی اتحادی حکومت میں اپنی سیاست قربان کر کے ریاست کو بچایا اگر اس وقت ہم نے ریاست کو نہ بچایا ہوتا تو پھر حالات ایسے نہ ہوتے۔ اللہ کے فضل سے وہ مرحلہ گزر گیا اور پاکستان ڈیفالٹ ہونے سے بچ گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 13

اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔ توانائی کمیٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں بجلی کی طلب میں 10 فیصد تک کمی ہوگئی، آئی پی پیز کے حوالے سے بہت کچھ کر رہے ہیں دیکھ رہے ہیں کہ کس آئی پی پی کا کتنا عرصہ باقی رہ گیا، کس آئی پی پی سے ہمیں کتنا فائدہ اور کتنا نقصان ہے ہم ان عوامل کا جائزہ لے رہے ہیں۔ وزیر توانائی نے کہا کہ زیادہ مہنگے آئی پی پیز کو نکالنے کا طریقہ ہے، اس کی قیمت کیا ہوگی یہ سب دیکھنا ہوگا، آئی پی پیز کو نکالنے کی قیمت کیا آج ہم برداشت کرسکتے ہیں؟ آئی پی پیز کے معاملے کو مختلف حوالوں سے دیکھا جا رہا ہے، وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق بہت جلد اس پر کوئی نہ کوئی فیصلہ ہوگا۔ اویس لغاری نے کہا کہ آئی پی پیز کے خاتمے والے شیخ رشید صاحب قسم کے بیانات نہیں دے سکتے، بجلی ٹیرف بڑھنے سے جنوری کے بعد ایڈجسٹمنٹ نہ ہونے سے قیمتیں کم رہیں گی۔

### بقیہ بقیہ جات 14

عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس عالیہ نیلم کی حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس لاہور میں ہوئی، تقریب میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے جسٹس عالیہ نیلم سے عہدے کا حلف لیا۔ گورنر ہاؤس میں حلف برداری کی تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ، آئی جی پنجاب، لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس عابد عزیز شیخ، جسٹس سید شہباز رضوی، جسٹس شہرام سرور سمیت اعلیٰ سرکاری اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے بعد چیف جسٹس عالیہ نیلم اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ملاقات ہوئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جسٹس عالیہ نیلم کو پہلی خاتون چیف جسٹس کا حلف لینے پر مبارکباد، نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ خاتون وزیراعلیٰ اور خاتون چیف جسٹس پنجاب کا منفرد اعزاز ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 15

سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان جرمنی کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پارلیمانی سفارتکاری انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ دونوں دوست ممالک کے درمیان پارلیمانی وفود کے تبادلوں اور پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے درمیان روابط کے فروغ سے دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ جرمنی، پاکستان کا انفرادی طور پر اور یورپ کے تناظر میں اہم اقتصادی شراکت دار ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان میں اقتصادی وسماجی شعبوں میں سرمایہ کاری کے وافر مواقع موجود ہیں۔ جرمنی کے سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقعوں سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جرمن وفد نے سپیکر قومی اسمبلی کے جرمنی کے لیے خیرسگالی اور تعلقات کو مزید وسعت دینے کی خواہش پر اظہار تشکر کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 16

رکنی تحقیقاتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی 7 روز میں تحقیقات مکمل کرے گی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، جنرل سیکرٹری اسلام آباد پولیس اور کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے اعلیٰ افسران بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) آپریشنز، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل (اے آئی جی) اسپیشل برانچ، ڈائریکٹر میونسپل بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ کمیٹی آتشزدگی سے ہوئے نقصانات کا تخمینہ لگائے گی اور آگ کے لگنے کی وجوہات کا تعین بھی کرے گی، کمیٹی تعین کرے گی کہ ایسی صورتحال میں کوئی حفاظتی اقدامات دستیاب تھے یا نہیں، کمیٹی 7 دنوں کے اندر اپنی فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ پیش کرے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 17

رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ عبدالرشید عابد کو تبدیل کر کے او ایس ڈی، مس عبہر گل خان کو رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد سرفراز کو جھنگ سے لاہور، محمد انوار الحق کو رحیم یار خان سے لاہور جبکہ محمد ساجد علی کو او ایس ڈی کر دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 18

کی گئی۔ 60 لاکھ سالانہ آمدن والے ریسٹورنٹس کو الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب کروانا لازمی ہوگا۔ ترمیم سے قبل ایک کروڑ یا اس سے زائد آمدن والے ریسٹورنٹس میں سسٹم کی تنصیب کروانا لازمی تھا۔ دیگر تمام خدمات کے لیے انوائس مانیٹرنگ کی حد ایک کروڑ روپے ہی برقرار رہے گی۔ ترجمان کے مطابق پی آر اے کی جانب سے کی گئی ترمیم فوری طور پر نافذ العمل ہوگی۔

### بقیہ بقیہ جات 19

تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے، غم اور دکھ کی گھڑی میں محترمہ شاہدہ رحمانی اور ان کے اہلخانہ کے غم اور دکھ میں برابر کا شریک ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان، قائد ایوان سینیٹ سینیٹر اسحاق ڈار، قائد حزب اختلاف سینیٹر شبلی فراز نے بھی اپنے الگ پیغامات میں رکن قومی اسمبلی/سیکرٹری وویمن پارلیمنٹری کاکس محترمہ ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 20

جمہوریت کی بات کرتے ہیں، اپنے اختیارات سیٹاوز کرنے کی مخالفت پر بھی سزا پا رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر ادارے کو اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے، سیاستدان، سیاست کریں اور ہر ادارہ اپنا کام کرے تو مسائل کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم قانون کے دائرہ کار کے اندر رہ کر سیاسی جدوجہد کر رہے ہیں، بندوق کے زور پر اقتدار کا حصول انتہائی خطرناک ہے، ہماری ترجیحات ہی غلط ہیں ان کی سمت درست کرنا ہوگی۔ مولانا فضل الرحمن نے ہم نے آج تک یہ تعین نہیں کیا کہ اقتدار نظریہ اور علیحدگی کی جنگ کون لڑ رہا ہے، ہم پارلیمان میں انتخابی اور جمہوری رویوں کے ذریعے جدوجہد کر رہے ہیں، ہم اس لیے زیر عتاب ہیں کہ ہم پارلیمان اور جمہوریت کی بات کرتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 21

گیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس طارق محمود جہانگیری کی تعلیمی اسناد کی تصدیق کرانے اور انہیں کام سے روکنے کی درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے داؤد ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت میاں داؤد ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ میں نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کی تعیناتی چیلنج کی ہے، جس پر چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ رجسٹرار آفس نے آپ کی درخواست پر اعتراضات عائد کیے ہیں۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ رجسٹرار آفس کا اعتراض ہے کہ جوڈیشل کمیشن کیخلاف رٹ کیسے قابل سماعت ہے، آپ نے جوڈیشل کمیشن کو کیس میں فریق کیوں بنایا ہے۔ میاں داؤد ایڈووکیٹ نے کہا کہ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ آپ جوڈیشل کمیشن یا فیڈریشن کے خلاف کوئی رٹ جاری کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 22

لینڈنگ کرنا پڑی، تاہم خاتون مسافر دوران پرواز ہی انتقال کر گئیں۔ فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 569 بینکاک سے کولمبو جارہی تھی کہ دوران پرواز ایک خاتون مسافر کی طبیعت اچانک بگڑ گئی، جس پر کپتان نے کراچی ایئر ٹریفک کنٹرول سے کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی اجازت مانگی۔ کراچی ایئرپورٹ پر غیر ملکی طیارے کی لینڈنگ کے بعد ڈاکٹرز کی ٹیم نے سری لنکن خاتون کا معائنہ کیا تو اس وقت تک وہ انتقال کر چکی تھیں، مسافر خاتون دوران پرواز ہی حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئیں۔ ایئرپورٹ پر تعینات وفاقی ہیلتھ افسر نے خاتون مسافر کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ جاری کیا، جس کے بعد غیر ملکی ایئرلائن خاتون مسافر کی میت کو لے کر کراچی ایئرپورٹ سے کولمبو روانہ ہوگئی۔

### بقیہ بقیہ جات 23

جس کے باعث آٹے کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ فلور ملز ایسوسی ایشن کے مطابق 1500 مل مالکان نے ہڑتال کر رکھی ہے اور ملک بھر سے فلور ڈیلرز بھی ہڑتال میں شامل ہو گئے ہیں۔ چیئرمین فلور ملز ایسوسی ایشن عاصم رضا کا کہنا ہے کہ ہم ود ہولڈنگ ٹیکس اکٹھا نہیں کریں گے، ود ہولڈنگ ٹیکس سے آٹے کا تھیلا 200 روپے مہنگا ہو جائے گا۔ آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کی ہڑتال کے اعلان کے بعد آج گوجرانوالہ ضلع کی 73 فلور ملز مکمل بند ہیں، ملتان میں بھی ود ہولڈنگ ٹیکس کیخلاف ضلع کی 60 سے زائد فلور ملز بند ہیں جبکہ ڈویژن کے چاروں اضلاع میں تمام 100 فلور ملز بند ہیں۔ ترجمان فلور ملز ایسوسی ایشن کے مطابق فیصل آباد میں بھی فلور ملز بند ہونے سے 2 لاکھ یومیہ آٹے کے تھیلوں کی سپلائی بند ہوگئی ہے جبکہ کمالیہ شہر کی تمام 10 اور ضلع خوشاب کی 4 فلور ملز بند ہیں۔ اس کے علاوہ پشاور میں بھی فلور ملز ایسوسی ایشن کی اپیل پر ہڑتال جاری ہے اور ملز پر تالے لگا دیے گئے ہیں جب کہ کوئٹہ میں پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کی کال پر ہڑتال کی جارہی ہے جس کے باعث گندم کی پسائی کا کام بند کر دیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 24

گئیں۔ صوابی پولیس کے مطابق بہنوں کو موت کے گھاٹ اتار کر ملزم فرار ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 3 مقتول بہنوں کی عمریں 18 سے 24 سال کے درمیان تھیں، 1 بہن کی منگنی پر ملزم نوشاد ولد عبدالحلیم ناخوش تھا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ مقتول بہنوں کی والدہ انتقال کر چکی ہیں، جبکہ والد ساتھ میں رہتے ہیں، مقتول بہنوں کا 1 بھائی دبئی میں بھی مقیم ہے۔ صوابی پولیس نے یہ بھی بتایا ہے کہ فائرنگ کے وقت گھر میں موجود مزید 2 بہنوں نے چھپ کر اپنی جانیں بچائیں۔ مقتول خواتین کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے باچا خان اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس نے مفرور ملزم کی گرفتاری کے لیے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 25

ہاتھوں بہنوں کا قتل دلخراش اور تشویشناک ہے۔ گورنر کے پی کے نے صوابی کے گاؤں زیدہ میں ہونے والے سانحہ پر آئی جی کے پی پولیس سے رپورٹ طلب کر لی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ معاشرے کو تشدد سے پاک کرنے کے لیے اجتماعی کوششیں درکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوابی میں قتل شدہ بہنوں کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 26

ساعت ہوئی، ممبر الیکشن کمیشن نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی کمیشن نے کیس کی سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل شعیب شاہین کے معاون وکیل کمیشن میں پیش ہوئے اور انہوں نے بتایا کہ شعیب شاہین اسلام آباد ہائیکورٹ میں مصروف ہیں، ممبر خیبر پختونخوا نے استفسار کیا کیا یہ کیس اہم نہیں، کیا آپ کے پاس وکالت کا لائسنس ہے، معاون وکیل نے کہا کہ جی میرے پاس وکالت نامہ موجود ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لاء الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہائی کورٹ میں عمران خان کے لئے اس کیس میں کوئی حکم امتناع نہیں، جنوری میں آخری بار ہائی کورٹ میں اس کیس کی سماعت ہوئی تھی، ہائی کورٹ نے حتمی آرڈر پاس کرنے سے روکا تھا لیکن کارروائی کی جا سکتی ہے۔ شعیب شاہین کے معاون وکیل نے کہا کہ الیکشن کمیشن جوابدہ کو ورچوئل حاضری کو یقینی بنا سکتا ہے، ممبر نے پوچھا کیا ورچوئل حاضری ہو سکتی ہے، جوابدہ کیا ویڈیو لنک سے حاضری لگوا سکتے ہیں، سول کیسز میں تو حاضری ضروری نہیں، کرمنل کیس میں حاضری لازمی ہے۔ عمران خان کے معاون وکیل نے کہا کہ قانون شہادت میں آپ ٹیکنالوجی کو استعمال کر سکتے ہیں، کورٹ ورچوئل حاضری کی اجازت دے سکتی ہے۔ الیکشن کمیشن کے ممبر سندھ نے پوچھا، فواد چوہدری یا ان کے وکیل کہاں ہیں، جس پر فواد چوہدری کے وکیل فیصل چوہدری کے معاون وکیل کمیشن میں پیش ہوئے اور بتایا کہ فیصل چوہدری بھی اسلام آباد ہائیکورٹ میں موجود ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 27

میٹرز پر جانا ہوگا، میرے پاس آپشن ہو کہ اگر کوئی ایک بجلی مہنگی دے رہا ہے تو میں دکان سے جا کر دوسری بجلی کمپنی کا کارڈ خریدوں اور میری بجلی آجائے، جو چور نہیں وہ تمام چوروں کے پیسے دے رہا ہے، ساری کرپشن کے پیسے وہ دے رہا ہے جو بجلی کا بل دے رہا ہے، یہ کونسا انصاف ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ حالات اتنے خراب ہو گئے ہیں کہ تمام پاکستانی متاثر ہیں، ایسے حالات میں انقلابی اقدامات کی ضرورت ہے، روس جیسا جوہری طاقت رکھنے والا ملک معاشی بحران کی وجہ سے ٹوٹ گیا ملک میں توانائی کا شدید بحران ہے، 600 ارب روپے نقصان توانائی کے شعبے میں ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں سب سے پہلے یہ ٹھیک کرنا ہے کہ ہمیں کس چیز کی نجکاری کرنی ہے؟ اگر ہم نے اجارہ داری ختم نہیں کی، ایک سے زائد کمپنیز کو لائسنس نہیں دیے تو یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا، کراچی میں کے الیکٹرک کے علاوہ دس اور بجلی ڈسٹری بیوشن کمپنیز ہونی چاہیے، اس سے مقابلہ پیدا ہوگا اور صارفین کو فائدہ پہنچے گا، ٹیلی کمیونیکیشن کا بھی یہی حال تھا مگر جب دوسروں کو اجازت ملی تو فائدہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ 2 ہزار 600 ارب کے ہم پر گردشی قرضے ہیں، یہ نمبرز میرے نہیں ہیں، ہمیں اس سال 1700 ارب پاور کمپنیز کو دینے ہیں، ہم نے پورے ملک کی ڈویلپمنٹ کے لیے 1400 ارب رکھے ہیں، اور ہم صرف پاور کمپنیز کو 1700 ارب دیں گے تو یہ اتنا بڑا جرم ہے، اب یہ صورتحال ہے ہماری، اس زخم کو ٹھیک کیے بغیر ہماری پاکستان کی معیشت کے جسم کو ٹھیک نہیں کیا جاسکتا، پاور سیکٹر کی مس مینجمنٹ اور لاسز معیشت پر زخم ہیں، اس کو روکے بغیر معیشت ٹھیک نہیں ہوگی۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں ضرورت سے زیادہ بجلی موجود ہے، لیکن لوڈشیڈنگ 18 گھنٹے ہو رہی ہے وہ اس لیے کیونکہ حکومت کی جو ڈسکوز ہیں ان کے پاس جو لاسز ہے اس میں چوری، لائن لاسز وغیرہ شامل ہیں تو اس خسارے کو پورا کرنے کا انہوں نے طریقہ کار نکالا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 28

مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ دو سرکاری گواہوں نے بیان دیا کہ 7 مئی کو شام پانچ بجے زمان پارک میں میٹنگ ہوئی، جس میں پی ٹی آئی لیڈرشپ کے 15 لوگ موجود تھے۔ میٹنگ میں بانی پی ٹی آئی نے 9 مئی کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں گرفتاری کا خدشہ ظاہر کیا، میٹنگ میں ہدایات دی گئیں کہ اگر بانی پی ٹی آئی کی گرفتاری ہوئی تو یاسمین راشد کی قیادت میں ورکرز کو اکٹھا کیا جائے۔ تحریری فیصلے کے مطابق میٹنگ میں فیصلہ ہوا کہ گرفتاری پر فوجی تنصیبات اور سرکاری عمارتوں پر حملہ کر کے حکومت کو پریشرائز کیا جائے گا، 9 مئی کو اسلام آباد جاتے وقت بانی پی ٹی آئی نے ویڈیو بیان دیا کہ اگر انہیں گرفتار کیا تو ملکی حالات سری لنکا جیسے ہوں گے۔ فیصلے میں لکھا گیا کہ پراسیکیوشن نے بانی پی ٹی آئی کے ویڈیو پیغامات کا ٹرانسکرپٹ عدالت میں جمع کرایا، پراسیکیوشن کا بانی پی ٹی آئی کے خلاف کیس یہ ہے کہ انہوں نے 9 مئی کی منصوبہ بندی کی۔

### بقیہ بقیہ جات 29

نے بجلی بلوں میں ٹیکس وصولیوں کی تفصیلات پیش کردیں۔ سیکرٹری پاور ڈویژن نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بجلی بلز میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو 860 ارب روپے ٹیکس جمع کر کے دیتے ہیں، بجلی صارفین پر ٹیکسوں کا بوجھ ہے، ایف بی آر نے پاور سیکٹر کو ٹیکس کلیکشن ایجنٹس بنا دیا ہے، بجلی بلوں کی تمام کیٹگریز پر 18 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ سیکرٹری پاور نے کہا کہ 500 روپے سے 2000 کے بل پر 10 سے 12 فیصد ٹیکس عائد ہے، 25 ہزار کے بل پر 7.5 فیصد ایڈوانس ٹیکس لاگو ہے، اس کے علاوہ 4 فیصد مزید سیلز ٹیکس بھی عائد ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 30

آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان وکلاء کی رہنمائی کے لیے بار کونسلز کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کسی وکیل سے سرزنش کا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں بلکہ سکھانا ہوتا ہے، یہ پروفیشنل ازم اور اصولوں کا معاملہ ہوتا ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے کہا کہ ہم فیصلہ لکھتے ہوئے نہیں سوچتے کہ روسٹرم پر کن جملوں کا تبادلہ ہوا۔ انہوں نے زور دیا کہ نوجوان وکلاء کو کیس کی تیاری کے علاوہ اچھے آداب کے ساتھ عدالت میں پیش ہونا چاہیے، ہمارے وقت میں اگر کسی نے کیس کی فائل نہیں پڑھی ہوتی تھی تو عدالت سے ڈانٹ پڑتی تھی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق کا کہنا ہے کہ ینگ وکلاء سے درخواست ہے کہ مقدمات کی فائلیں پڑھ کر آئیں۔

### بقیہ بقیہ جات 31

بارگاہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ نے برہانی محل میں داودی بوہرہ برادری کے سربراہ سیدنا مفضل سیف الدین سے ملاقات کی، سیدنا مفضل سیف الدین کے صاحبزادے شاہ زادہ حسین برہان الدین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ محسن نقوی نے سیدنا مفضل سیف الدین کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آمد پر آپ کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ سے عقیدت واحترام کا رشتہ ہے جو ہمیشہ قائم ودائم رہے گا، داودی بوہرہ برادری امن پسند اور محبت کرنے والی کمیونٹی ہے۔ سیدنا مفضل سیف الدین نے داودی بوہرہ کمیونٹی سے متعلق امور کے فوری حل پر وزیر داخلہ کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر داخلہ نے سولجر بازار میں شاہ شہیداں امام بارگاہ میں انتظامات کا جائزہ لیا اور سکیورٹی انتظامات کا معائنہ کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 32

میں مبینہ دھاندلی کے خلاف پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) امیدوار عامر مغل کی انجم عقیل خان کے خلاف الیکشن پٹیشن پر سماعت ہوئی، جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل نے کہا کہ پٹیشنرز کی کاپیز نہیں ملیں، ہم نے فارم 45، 46، 47 جمع کرا دیے ہیں۔ عدالت نے پٹیشنر کو الیکشن کمیشن کو کاپیز فراہم کرنے کی ہدایت کر دی، عدالت نے ریٹرننگ افسر کو فارم 45، 46، 47 جمع کرانے کا حکم دے دیا، ریٹرننگ افسر کے وکیل نے کہا کہ مجھے گزشتہ روز پارٹی بنایا گیا کچھ وقت دے دیں جواب دے دوں گا۔ انجم عقیل خان نے درخواست ناقابل سماعت ہونے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ عامر مغل کی درخواست قابل سماعت نہیں کیونکہ تقاضے پورے نہیں کیے گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 33

جائیں گی دہشتگردوں کو ایک ایک شہید کا حساب دینا ہوگا۔ اپنے بیان میں سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ انسپکٹر تاج میر شاہ، اے ایس آئی محمد اکرم، سپاہی محمد ادریس اور سپاہی بادام گل کی شہادت کا سن کر دل بہت دکھی ہے۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ وطن پر قربان ہونے والے ان جوانوں کی شہادت پر لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ ہمارے شہیدوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی دہشتگردوں کو ایک ایک شہید کا حساب دینا ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 34

گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے عوام آج تاریخ کے بدترین مسائل کا شکار ہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی، غربت اور بے روزگاری ہر پاکستانی کا مسئلہ ہے اور حالات بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں، اگر سیاستدانوں نے مسائل کا حل نکالنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا تو عوامی ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ چوہدری عبدالغفور نے کہا کہ اس وقت ملک بھر میں مثبت سیاست کا فقدان ہے اور نفرت کی سیاست عروج پر ہے لیکن تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مثبت سیاست کی ہے موجودہ حالات میں تمام سنجیدہ سیاسی جماعتوں اور کارکنان کو ان غیر سنجیدہ اور غیر جمہوری روایات کا سیاسی انداز میں مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گالم گلوچ کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی، مثبت سیاست کے ذریعے مسائل کا مقابلہ کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 35

کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ملک کے اندر مہنگائی، بے روزگاری، بجلی کے بلوں میں ظالمانہ اضافے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ محمد جاوید قصوری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، مہنگائی نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ ایک طرف عوام اپنی قیمتی اشیا فروخت کر کے بجلی کے بل ادا کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب اشرافیہ کو فری بجلی، فری یوٹیلیٹی بلز، فری سفر، فری میڈیکل دیا جارہا ہے۔ پاکستان وہ بدنصیب ملک بن گیا ہے جو مادی اور انسانی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود غربت، بے روزگاری، مہنگائی، توانائی کے بحران اور قرضوں کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے۔ آدھی آبادی خط غربت سے نیچے افلاس کی گہرائیوں میں گر چکی ہے۔ یہ معاشی بحران قومی سلامتی کے لیے خطرہ بن گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 36

کر دیتے اور جان چھڑا لیتے لیکن ہم جان چھوڑنے والے نہیں۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ہم اور زیادہ قوت سے آئیں گے، ہم نے ہر صورت میں دھرنا کرنا ہے، اب میدان سجے گا، حکومت کا کام صرف یہ ہے کہ وہ جمہوری آزادی فراہم کرے، ہمیں لوگوں کیلئے ریلیف لیکر آنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عاشورہ کے فوری بعد پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں جائیں گے، وکلاء، بارز اور تاجر تنظیموں سے مشاورت کریں گے، ہم پورا چارٹر آف ڈیمانڈ بنا رہے ہیں، یہ چارٹر آف ڈیمانڈ ہمارے دھرنے کی ہوگی۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ بجلی بلوں میں سلیب سسٹم میں زیادتی اور ظلم کو ختم ہونا چاہیے، یہ بڑے اور طاقتور لوگوں کو نہیں پکڑ سکتے، خیبر پختونخوا کے لوگ اس وقت بالکل تیار بیٹھے ہیں، ہمارا 26 جولائی کو تاریخی دھرنا ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف نہیں مل رہا، حکمرانوں کے تمام دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں، اگر حکومت سمجھتی ہے کہ دھرنا نہیں ہونا چاہیے تو عوام کو ریلیف دے۔

### بقیہ بقیہ جات 37

الحرام کے روزوں کا ثواب بھی بہت زیادہ ہے۔ اس مہینے میں بھی فرض عبادت کے ساتھ ساتھ نوافل کی عبادت کا ثواب کئی گنا بڑھا کر اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں دیتا ہے۔ محرم کے مہینے میں ظلم وجبر اور گناہوں سے توبہ استغفار کرنا چاہیے۔ اس مہینے میں گناہوں کے ارتکاب کرنے سے ہمیں بچنا چاہیے اس ماہ میں اعمال صالح کرنا بھی عظیم اجر وثواب کا باعث بنتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے دنیا میں انسانوں کی آگاہی کے لیے پیغمبر اور رسول کو بھیجا ہے۔ بلال سلیم قادری نے اپنے جاری بیان میں مزید کہا کہ محرم الحرام میں کثرت سے روزے رکھنے کی بہت فضیلت ہے۔ عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کی فضیلت اگر انسان کو معلوم ہو جائے تو ہر عاقل وبالغ شخص اس دن اپنا سر سجدے سے نہیں اٹھائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 38

خریداری کی اجازت دی گئی تھی۔ لیسکو کی جانب سے گرین بائی ڈائریکشنل میٹر کی تنصیب پر پابندی کا اطلاق یکم جولائی سے لیسکو کے تمام دفاتر میں کر دیا گیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 39

طریقے سے الوداع کیا، دورہ سعودی عرب میں مصطفیٰ ملک دمام، خبر، الخرج، القطیف جبیل، حرض، ریاض، بدر، جدہ، مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ بھی گئے جہاں مختلف شخصیات کی جانب سے عشائیوں میں شرکت کی۔ قبل ازیں عید کے روز مصطفیٰ ملک جب اہل خانہ کے ہمراہ دمام ایئرپورٹ پہنچے تو ملک عثمان فضل اعوان نے ان کا خیر مقدم کیا، بعد ازاں ان کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا۔ مصطفیٰ ملک نے بحرین میں ملک جاوید، ملک سعید، توقیر مراد عمران کی جانب سے منعقدہ عشائیوں میں شرکت کی، انہوں نے نماز جمعہ بحرین گرینڈ ماسک میں ادا کی، جبکہ نیشنل میوزیم اور دیگر تاریخی مقامات کا دورہ بھی کیا، مصطفیٰ ملک نے بحرینی دوستوں کی جانب سے منعقدہ ثقافتی شو میں بھی شرکت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 40

ہے۔ زرعی صارفین کے بنیادی ٹیرف میں فی یونٹ 6 روپے 62 پیسے اضافہ منظور کیا گیا ہے جس کے بعد جولائی سے زرعی صارفین کا فی یونٹ ٹیرف 46 روپے 83 پیسے ہو گیا ہے۔ جنرل سروسز کے لیے بجلی کا فی یونٹ ٹیرف 6 روپے 98 پیسے بڑھانے کی منظوری دی گئی ہے اور جولائی سے جنرل سروسز کے لیے فی یونٹ بجلی کا ٹیرف 61 روپے 03 پیسے ہوگیا ہے۔ اسی طرح بلک صارفین کے لیے بجلی کے فی یونٹ ٹیرف میں 51.5 روپے اضافہ منظور کیا گیا ہے اور رواں ماہ سے بلک صارفین کا فی یونٹ ٹیرف 59 روپے 96 پیسے تک پہنچ گیا ہے۔ وفاقی کابینہ نے صنعتی صارفین کے لیے بجلی کا بنیادی ٹیرف برقرار رکھنے کی منظوری دی ہے۔ وفاقی حکومت نے صنعتی صارفین کے لیے بجلی کا بنیادی ٹیرف برقرار رکھا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 41

کی کہ ہمیں 27 جولائی کو جلسے کی اجازت دیدیں۔ قائم مقام ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے کہا کہ ہمیں سسٹم کے تحت ہی چلنا ہوتا ہے۔ اس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ میں سسٹم کو جانتا ہوں، میں بھی اسی سسٹم کی پیداوار ہوں، سیدھا ولایت سے یہاں لینڈ نہیں کیا۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے پوچھا کہ فروری سے جلسے کا معاملہ چل رہا ہے اس میں مسئلہ کیا ہے؟ ڈپٹی کمشنر نے اجازت دی، چیف کمشنر نے منسوخ کر دی، کیا کرنا چاہتے ہیں؟ قائم مقام ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے عدالت میں پیش ہو کر بتایا کہ چیف کمشنر نے جلسے کا این او سی معطل کیا ہے منسوخ نہیں کیا، محرم کے چالیس کے بعد جلسے کی اجازت دی جا سکتی ہے، شہریوں نے شکایات جمع کرائیں کہ ان کو نقل وحرکت میں مسئلہ ہوگا۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ڈپٹی کمشنر سے کہا کہ آپ کی کھلی جگہ اجازت دیدیں۔

### بقیہ بقیہ جات 42

مختص کرنے کی عادت، چاہے یہ رقم کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہو، لوگوں کو آرام دہ نیند لینے اور مستقبل کے بارے میں زیادہ پرامید محسوس کروانے میں مدد دیتی ہے۔ نئی تحقیق سے پتا چلا ہے کہ کم آمدنی والے افراد بھی جو باقاعدگی سے بچت کرتے ہیں، وہ بھی زندگی سے اتنی ہی مطمئن گزارنے کا تجربہ کرتے ہیں جتنا کہ زیادہ آمدنی والے افراد، جو بچت بھی نہیں کرتے ہیں۔ متعدد سروے بتاتے ہیں کہ برطانیہ کے ایک چوتھائی نوجوانوں کے پاس 100 پاؤنڈ سے بھی کم بچت ہے جس کے بعد تقریباً دس میں سے چھ افراد نے بچت کی عادت پیدا کر لی۔ برسٹل یونیورسٹی کے پرسنل فنانس ریسرچ سینٹر کی رپورٹ میں اس بات پر روشنی ڈالی گئی ہے کہ باقاعدگی سے کی گئی بچت، یہاں تک کہ تھوڑی مقدار میں بھی مالی اضطراب اور قرض کے مسائل کے خطرے کو کم کرتی ہے، غیر متوقع اخراجات کو سنبھالنے کی صلاحیت کو بڑھا کر زندگی میں اطمینان کا باعث بنتی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 43

گیا۔ اس موقع پر سپیکر نے کہا کہ پیس کے قیام کا مقصد پارلیمان کو قانونی اور ٹیکنیکل معاملات میں معاونت فراہم کرنا ہے، موثر عوامی قانون سازی کا ملکی ترجیحات اور ترقی سے گہرا تعلق ہے، قومی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں تعاون کا فروغ نہایت اہمیت کا حامل ہے، شفافیت کو برقرار رکھنے اور پرفارمنس کو بہتر بنانے کیلئے ادارے کا تھرڈ پارٹی فنانشل اور پرفارمنس آڈٹ کروایا جائیگا۔ اسپیکر نے کہا کہ اجلاس میں آزاد جموں وکشمیر اسمبلی اور گلگت بلتستان اسمبلی کے سپیکرز کو بھی گورننگ بورڈ کا مستقل ممبر بنانے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 44

کیے۔ گوجرانوالہ میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 02 گیس کنکشن منقطع کیے اور 4 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کئے۔ ٹیم نے بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 04 گیس کنکشن منقطع جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 03 گیس کنکشن منقطع کیے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم گیس کے غیر قانونی استعمال پر 03 گیس کنکشن منقطع کیے اور چوری کے خلاف 60 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 02 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس چوری کے خلاف 20 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 45

بحالی کے لئے بڑے منصوبوں کو نافذ کرنے میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے، جس نے ماحولیاتی نظام کے تنوع اور استحکام میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ چین کی سمندری قابل تجدید توانائی کی ترقی اور استعمال کی ٹیکنالوجی تیزی سے ترقی کر چکی ہے، اور سمندری وسائل کے تحفظ اور بھرپور استعمال کی سطح کو بہتر بنایا گیا ہے۔ وائٹ پیپر کے مطابق چین نے اپنے قوانین، قواعد وضوابط اور ادارہ جاتی نظام کو بہتر بنانا جاری رکھا ہوا ہے، اور سمندری ماحولیات کی پیشگی انتباہی اور نگرانی کے نظام کو فروغ دینے، سمندری آفات کی روک تھام اور تخفیف کی صلاحیتوں کو بڑھانے اور سمندری ماحولیات کے لیے حفاظتی باڑ قائم کرنے کے لئے مختلف جامع طریقوں کا استعمال کرتا ہے۔ چین اور دنیا بھر کے دیگر ممالک سمندری ماحول کے تحفظ پر اتفاق رائے پر پہنچ گئے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 46

اور روس کی جنگ کے دوران 2 بھارتی ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ درجنوں جنگی علاقے میں پھنسے ہوئے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ انہیں دھوکا دہی کے ذریعے لڑنے کے لیے آمادہ کیا گیا۔ اس حوالے سے ماسکو کا کہنا تھا کہ یہ بھرتی خالصتاً تجارتی وجوہات کے لیے کی گئی تھی اور وہ روسی فوج میں بھارتیوں کو نہیں رکھنا چاہتے تھے۔ ایک روسی سفارت کار نے اس حوالے سے بتایا کہ بھارتی خالصتاً تجارتی وجوہات کی بنا پر وہاں موجود ہیں اور ہم انہیں بھرتی نہیں کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 50، 60، یا 100 بھارتیوں کی تعداد بڑے تنازع کے تناظر میں غیر معمولی ہے اور ہم نے انہیں بھرتی کرنے کی کوشش نہیں کی۔

### بقیہ بقیہ جات 47

کے بعد پائلٹ نے طیارے کو ٹیک آف نہیں کیا اور اس کی رفتار کم کر کے رن وے پر ہی روک لیا۔ یہ فلائٹ ایریزونا کے لیے شیڈول تھی۔ طیارہ رن وے پر رکنے کے بعد فوری طور پر ایمرجنسی اور ریسکیو ٹیمیں وہاں پہنچ گئیں۔ مسافر طیارے میں 174 مسافر اور عملے کے 6 افراد سوار تھے جن میں سے کوئی بھی زخمی نہیں ہوا۔ طیارے کو مرمت کے لیے ٹرمینل منتقل کر دیا گیا جبکہ مسافروں کے لیے متبادل فلائٹ کا بندوبست کر دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 48

میاں محمود الرشید کی جیل میں حاضری عمل کی گئی جبکہ خدیجہ شاہ اور روبینہ جمیل سمیت دیگر بر ضمانت ملزمان حاضری کیلئے عدالت پیش ہوئے۔ پولیس نے شاہ محمود قریشی کا ایک مقدمے کا ضمنی چالان جمع کرا رکھا ہے جبکہ دیگر پانچ مقدمات میں ضمنی چالان پیش نہیں کیا جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا، عدالت نے ضمنی چالان پیش نہ کرنے پر تفتیشی افسران کو شو کاز نوٹس جاری کر دیئے۔ عدالت نے مقدمات میں نامزد ملزمان اعجاز چودھری اور ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر کو چالان کی کاپیاں تقسیم کر رکھی ہیں، مقدمات میں نامزد نئے ملزمان کے ضمنی چالان پیش ہونے پر تمام ملزمان پر دوبارہ فرد جرم عائد ہوگی۔

### بقیہ بقیہ جات 49

نتائج کے مطابق 9.76 فیصد جواب دہندگان کو توقع ہے کہ چین اصلاحات کو مزید گہرا کرے گا اور دنیا کے لیے مزید مواقع لائے گا۔ سروے کے مطابق 2.85 فیصد جواب دہندگان چینی معیشت کی طویل مدتی مستحکم ترقیاتی رجحان کے بارے میں پرامید ہیں۔ 2.93 فیصد نے چین کی مضبوط سائنسی اور تکنیکی طاقت کی تعریف کی۔ 4.85 فیصد نے آزادانہ جدت طرازی کے شعبے میں چین کی بڑی سرمایہ کاری اور عزم کی تصدیق کی۔

### بقیہ بقیہ جات 50

ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مودی سرکار کے نام نہاد قوانین کے باوجود انہیں معاشرے میں برابری کا مقام حاصل نہیں ہے اور انکا استحصال بدستور جاری ہے، 2018 سے بھارتی ہائی کورٹس میں تعینات ہونے والے چار ججوں میں سے تین کا تعلق اونچی ذات کی برادریوں سے ہے، اعداد وشمار کے مطابق ہائیکورٹ کے 18 ججوں کا تعلق اونچی ذات سے جبکہ دیگر 9 کا تعلق نچلی ہندو ذات اور مختلف اقلیتوں سے ہے، گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مقرر کردہ 79 فیصد ججز کا تعلق اونچی ذات سے تھا جو بھارت میں اقلیتی برادریوں کی پسماندگی اور غیر مساوی نمائندگی کی زندہ مثال ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 51

لوکیشن بتائی، سیف سٹی نے کیمروں کے ذریعے بس کو فالو کیا اور پولیس کو بس کے اگلے سٹاپ پر بھیج دیا، بس کے سٹاپ پر پہنچتے ہی خاتون کی نشاندہی پر ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزم کو حراست میں لیتے ہوئے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ ترجمان نے کہا کہ ورچوئل وومن پولیس سٹیشن خواتین کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں، خواتین خود کو غیر محفوظ سمجھتے ہی فوری 15 کال یا ویمن سیفٹی ایپ کے ذریعے شکایت درج کروائیں۔

### بقیہ بقیہ جات 52

دوران بھارتی فوج میں 1800 سے زائد کرپشن کے کیسز سامنے آئے، 2013 سے 2022 کے دوران بھارتی افواج کے 1080 سے زائد کرپشن کیسز ریکارڈ کیے گئے جن میں آرمی کے 1046، ایئرفورس کے 29 جبکہ نیوی کے 5 کیسز شامل تھے۔ 2009 میں تین بھارتی جرنیلوں کا 290 کروڑ کا غبن منظر عام پر آیا جن میں لیفٹیننٹ جنرل رمیش ہالگلی، لیفٹیننٹ جنرل اودھیش پرکاش اور لیفٹیننٹ جنرل پی کے رتھ شامل تھے۔ ماضی میں بھارتی ایئرفورس کے تین ایئر مارشلز کا بھی 20 بلین ڈالر کی کرپشن میں کورٹ مارشل ہو چکا ہے، بھارتی فوج کے 72 افسران 9mm پستولوں اور 30 بولٹ ایکشن رائفلز کی غیر قانونی فروخت میں ملوث پائے گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 53

پیش نظر، آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) ایل پی جی کے محفوظ استعمال زیرو ٪ مہلک حادثات کے عنوان سے ایک قومی سیمینار کا انعقاد کیا۔ یہ تقریب اوگرا کے ہیڈ آفس اسلام آباد میں منعقد کی گئی تاکہ حفاظتی اقدامات کی ضرورت پر توجہ دی جا سکے۔ سیمینار میں پیٹرولیم ڈویژن کے سینئر افسران، اسلام آباد پولیس، موٹروے پولیس، سول ڈیفنس اور ایل پی جی سیکٹر کی معروف کمپنیوں کے سی ای اوز، اوگرا کے چیئرمین مسرور خان، ممبر آئل، ممبر فنانس، اور اوگرا کے ایل پی جی اور انفورسمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے سینئر عملے نے بھی شرکت کی۔ اوگرا کے چیئرمین مسرور خان نے کہا کہ ملک بھر میں شہروں سے لے کر دور دراز علاقوں تک ایل پی جی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر مضبوط حفاظتی پروٹوکولز کی فوری ضرورت ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 54

تھا۔ جون میں عدالت نے کوٹہ سسٹم بحال کیا تو ملک میں طلبا کے مظاہرے شروع ہوئے۔ بنگلا دیشی سپریم کورٹ نے اب ہائی کورٹ کا فیصلہ 1 ماہ کے لیے معطل کر دیا ہے۔ بنگلا دیشی طلبہ کا کہنا تھا کہ کوٹہ سسٹم کی مکمل منسوخی تک مظاہرے جاری رہیں گے۔ بنگلا دیشی طلبا گروپوں نے اہم شاہراہوں اور ریلوے ٹریکس کو بلاک کر رکھا ہے۔ طلبا کے احتجاج کے باعث دارالحکومت ڈھاکا سمیت کئی بڑے شہروں میں ٹریفک کی آمد ورفت معطل رہی۔

### بقیہ بقیہ جات 55

آنے کے بعد چینی حکومت نے ان کی تحقیقات کرانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ معاملہ آن لائن بہت زیادہ توجہ کا مرکز بنا، سوشل میڈیا صارفین نے کوکنگ آئل کی ممکنہ آلودگی کے بارے میں خدشات کا اظہار بھی کیا۔ چین کے اخبار نے ایک ٹینکر ڈرائیور کا بیان شائع کیا کہ جس کے مطابق گندے اور آلودہ ایندھن کے ٹرکوں میں کھانا پکانے کے تیل کی ٹرانسپورٹیشن کا کام بڑے پیمانے پر ہوتا ہے۔ اس اسکینڈل نے چینی حکومت کی فوڈ سیفٹی کے معیارات کو نافذ کرنے کی صلاحیت کو دھچکا لگا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 56

معروف برانڈ کے خلاف ایکشن لے لیا۔ 1330 کلو ایکسپائر کریم اینڈ چاکلیٹ پاؤڈر، 520 کلو ایکسپائر فلیور تلف اور 2 لاکھ جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیم نے 46 کلومیٹر ملتان روڈ پر واقع معروف آئسکریم یونٹ پر چھاپہ مارا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ ایکسپائر خام مال برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، پروسیسنگ ایریا میں زنگ اور فنگس زدہ دیواریں، ٹوٹے گندے فرش، مری مکھیاں موجود پائی گئیں، واشنگ ایریا میں بدبودار ماحول اور فنگس کی موجودگی، مشینوں، تاروں پر گرد موجود پائی گئی، آئسکریم کی پیکنگ کے لیے نان فوڈ گریڈ اور بغیر تصدیق شدہ میٹیریل استعمال کیا جارہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ معروف برانڈ کے یونٹ سے ایکسپائر خام مال برآمد ہونا انتہائی افسوس ناک ہے۔ بچوں کی خوراک میں زائد المیعاد خام مال کا استعمال صحت کے لیے انتہائی مضر ثابت ہوتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر خوراک کی تیاری میں جعلسازی یا غفلت برتنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ شہری اشیا کی خرید سے قبل لیبل ضرور پڑھیں، مکمل جانچ پڑتال یقینی بنائیں، خوراک کی تیاری سے ترسیل تک کڑی نگرانی جاری، شہری شکایات کی صورت میں 1223 پر اطلاع دیں۔

### بقیہ بقیہ جات 57

نظر، قانون کے تحت مساوی حقوق اور تحفظات سے لطف اندوز ہوں۔ انہوں نے کہا، "ہمارا آئین مذہب اور عقیدے کی آزادی کی ضمانت دیتا ہے، اور ان اصولوں کو برقرار رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔" انہوں نے بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے اور اقلیتی برادریوں کے خدشات کو دور کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے کیے جانے والے مختلف اقدامات کو اجاگر کیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے حال ہی میں دستک پروگرام اور نوجوانوں کے لیے مختلف پروگرامز کا آغاز کیا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ مینارٹی کے نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ایسے پروگرامز میں شامل کیا جائے جدھر وہ رجسٹرڈ ہوں اور بعد میں انکا ڈیٹا سوشل اکنامک فورم کے ذریعے اکٹھا کیا جا سکے۔ مشاورتی اجلاس میں قانونی فریم ورک، سماجی پالیسیوں، اور اقلیتی مسائل کو حل کرنے کے لیے کمیونٹی کی شمولیت کی حکمت عملیوں پر جامع بحث کی گئی۔ شرکاء نے مختلف علاقوں سے بصیرت اور بہترین طریقوں کا اشتراک کیا، جس کا مقصد اقلیتی حقوق کے تحفظ کے لیے ایک مربوط نقطہ نظر تیار کرنا تھا۔ صوبائی وزیر نے مختلف برادریوں کے درمیان تفہیم اور تعاون کو فروغ دینے میں اس طرح کے مکالموں کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا، "ایک ساتھ کام کر کے، ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جہاں ہر شخص کو اہمیت اور تحفظ کا احساس ہو۔" تقریب کا اختتام تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے مذہبی رواداری کے فروغ اور پاکستان کے اقلیتی حقوق کے تحفظ کی کوششوں کو جاری رکھنے کی اپیل کے ساتھ ہوا۔

### بقیہ بقیہ جات 58

باجبر ہوں گے، ایک قیدی کو عدالت کی جانب سے ایسی سہولیات کیسے دی جاسکتی ہیں؟ اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے جنرل ایڈجرنمنٹ کو ختم کر دیا گیا، لیکن ہر عام آدمی کے کیس میں یہ اسپیشل سہولیات کیوں نہیں ملتیں؟ لوگ کہتے ہیں ہمارے کیسز میں فون پر کیوں نہیں بتاتے کہ ہمارے کیسز میں یہ آرڈر ہو چکا؟ انہوں نے کہا کہ کیا ہمارے پاس گالم گلوچ بریگیڈ نہیں؟ ہم پروپیگنڈا نہیں کرتے؟ یہ عام آدمی کا سوال ہے؟ میری تاریخ ہے میں ماہ محرم میں بھی بہت کم کام کرتا ہوں، یہ مہینہ تقدس اور افسوس کا مہینہ ہے، جو نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوا کیا وہ بھلایا جاسکتا ہے؟ میں نے اس افسوس میں صرف دس دن کی مہلت مانگی۔ وکیل زاہد آصف نے بتایا کہ تاہم مجھے حیرت ہوئی کہ میرے دلی جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے جنرل التوا ملا، یہ کیس میرے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتا، کیس آتے جاتے رہتے ہیں، مجھے کہا گیا جج افضل مجوکا فون پر ہدایات لیتے رہے تو ہمارے کیسز میں ایسا کیوں نہیں ہوا؟ لوگ بہت مایوس ہیں مگر مجھے کوئی مایوسی نہیں، میں ایسے لوگوں میں سے نہیں کہ آپ حق میں فیصلہ کریں تو خوشی مناؤں خلاف آئے تو احتجاج کروں، میں ویڈیو بنا کر پروپیگنڈا نہیں کروں گا، میں عدالت کی بے بسی پر بھی بات کروں گا، جناب کی عدالت میں بھی شور شرابہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صرف جج کے چیمبر میں وکلا کی آواز بلند ہونے پر 7 اے ٹی اے کا پرچہ بھگتا، یہ ایک مخصوص ٹولہ ہے جو چیف جسٹس پاکستان سمیت دیگر کی ٹرولنگ کرتا ہے تو عدالتیں کیوں کچھ نہیں کرتیں؟ اگر کوئی صحافی یا وکیل ایسا کچھ کر دے تو توہین عدالت لگ جاتی ہے، اسی طرح جج ہمایوں دلاور کے ساتھ کھلی عدالت میں گالم گلوچ کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ میرے قابل عزت جج کا قلم بھی ان گالم گلوچ بریگیڈ کے خلاف چلے گا جنہوں نے آپ کی عدالت، ہمایوں دلاور، شاہ رخ ارجمند کی عدالت میں بدتمیزی کی۔ اس پر پی ٹی آئی کے وکیل نے بتایا کہ یہ دو سال سے ہمارے ساتھ ہو رہا ہے، ہم پر دہشت گردی کے پرچے ہوئے ہیں۔ خاور مانیکا کے وکیل زاہد آصف ایڈووکیٹ نے اپنے دلائل جاری رکھتے ہوئے بتایا کہ مارشل لا نہ لگ جائے اس لیے جسٹس عمر عطا بندیال نے رات کو عدالت کھولی، ان کے ساتھ کیا ہوا، اطہر من اللہ کے ساتھ کیا ہوا؟ کیا سلمان صفدر نے یہاں دھمکی آمیز دلائل نہیں دیے؟ میری تربیت میں بدتمیزی، گالم گلوچ نہیں، جسے میں جانتا ہوں اس سے اجنبی نہیں بن جاتا، وکیل کا کام ڈنڈا اور اسلحہ اٹھانا نہیں وکیل کا کام ایمانداری کے ساتھ کیس لڑنا ہے۔ خاور مانیکا کے وکیل نے کہا کہ شبلی فراز نے میرے ایسوسی ایٹ کے بارے میں دھمکی آمیز الفاظ استعمال کیے، مجھے اس کی امید نہیں تھی، شبلی فراز صاحب آپ کو ذاتی عداوت ہے تو آئیں مجھے ماریں، میرے ایسوسی ایٹ کو کیوں کہہ رہے ہیں؟ وکیل نے کہا کہ ہم وکیل آپ کا ایندھن کیوں بنیں؟ آپ کی (ن) لیگ اور استحکام پاکستان پارٹی سے دشمنی ہے تو باہر بات کریں، پہلے مولانا فضل الرحمن کو القابات دیے، اب ان کے ساتھ حکومت کو رخصت کرنے کے لیے پلاننگ کر رہے ہیں، مجھے کہا گیا شبلی فراز کے خلاف تھانے میں درخواست دیں لیکن میں کیوں دوں؟ دلائل کے لیے ٹائم مرضی سے رکھوں گا، میں ڈائریکشن کو مدنظر نہیں رکھتا۔ اس پر جج نے ریمارکس دیے کہ یہ نہیں ٹائم کو مدنظر رکھنا پڑے گا، وکیل نے کہا کہ میں دلائل اپنی مرضی سے دوں گا، ڈائریکشن کا خیال دوسری پارٹی رکھتی ہے جس کے بندے اندر ہیں، جب یہ لوگ پی ٹی آئی میں پیدا نہیں ہوئے تھے تب بھی میرے بھائی پی ٹی آئی میں تھے، میرے بھائی مجھے کہتے ہیں ہم پی ٹی آئی کے ہیں آپ یہ کیس کیوں لڑ رہے ہیں؟ ہوسکتا ہے میں نے بھی پی ٹی آئی کے دھرنوں میں شرکت کی ہو۔ اس پر جج افضل مجوکا نے مسکراتے ہوئے ریمارکس دیے کہ یہ تو خبر ہے۔ زاہد آصف ایڈووکیٹ نے بتایا کہ اگر ریلیف نہیں ملے گا تو کیا ہم ججز کو ٹرول کرنا شروع کر دیں گے، چند دنوں، چند ماہ پہلے پی ٹی آئی میں لوگ میرے معاون وکیل کے ساتھ ذاتیات پر کیوں اتر آئے؟ خاور مانیکا تشدد کیس میں مجھے اپروچ کیا گیا مگر میں نے انکار کر دیا کہ دوسری طرف میرے وکلا ہیں، اسلحہ، ڈنڈا اور لڑائیوں سے مسئلے کا حل نہیں ملے گا، عثمان ریاض گل کو دیکھتا ہوں تو لگتا کہ ریسلر ہیں مگر وہ بہت پیارے ہیں، سلمان صفدر صاحب سے یہ امید نہیں تھی کہ ان کی طرف سے ایسا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سلمان صفدر نے کہا کہ باہر گڑھے کھودے ہوئے ہیں، جو اپنے لیے گڑھا خود کھودے ان کے لیے کھودنے کی ضرورت نہیں ہے، کس نے کہا تھا کہ جی ایچ کیو پر حملہ کریں؟ جناح ہاؤس پر حملہ کر دیا، مجھے میرا ایک موکل کہتا ہے کہ میں عدالت کا گیٹ توڑ دوں؟ موکل نے کہا کہ کچھ لوگ ایسا کرتے ہیں تو ان کو کچھ نہیں ہوتا۔ بعد ازاں زاہد آصف چوہدری ایڈووکیٹ نے باقاعدہ کیس پر اپنے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ عدت کے حوالے سے 1992 کے کیس کا حوالہ دیا گیا جس میں عدت کے 39 دن بتائے گئے، ایک سوال تھا کہ پہلی شکایت کے بعد دوسری شکایت کی کیا اہمیت رہ جاتی ہے؟ تو ہم نے پہلی شکایت درج نہیں کرائی اور وہ فرد جرم عائد ہونے سے پہلے واپس لے لی گئی تھی، مسلم فیملی لاء میں صرف 90 دن بتایا گیا اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے۔ وکیل خاور مانیکا نے بتایا کہ 40 سال کے بعد خواتین کی ماہواری رک جانے کا ذکر ہے مگر میڈیکلی طور پر 35 سال بھی ممکن ہے، اسلامی نظریاتی کونسل، فیڈرل شریعت کونسل اور اسلامی اسکالر بھی موجود ہیں، میڈیکل ایکسپرٹ موجود ہیں، اپنی مرضی کے ایکسپرٹس سے رجوع کر سکتے ہیں، دو درخواستیں دی ہیں وہ اس پر دلائل دینا چاہتے ہیں یا نہیں؟ اس پر جج نے مکالمہ کیا کہ آپ دلائل دیں، بعد میں ان کو موقع دیں گے، بشریٰ بی بی کے وکیل نے کہا کہ ہم ہمیشہ سے تیار ہیں۔ خاور مانیکا کے وکیل نے کہا کہ قانون اس عدالت کو اجازت دیتا ہے کہ آپ ایڈیشنل شواہد مانگ سکتے ہیں، ان درخواستوں پر میرے معاون وکیل اقبال کاکڑ دلائل دیں گے، مجھے حیرت ہوئی، سلمان صفدر صاحب نے میرے لیے بھاگ گئے کا لفظ استعمال کیا۔ جج افضل مجوکا نے بتایا کہ ہم نے ان کو کہہ دیا تھا تو انہوں نے وہ لفظ واپس لے لیا تھا۔ بعد ازاں زاہد آصف چوہدری کے معاون وکیل اقبال کاکڑ نے دو درخواستوں پر دلائل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بتایا کہ میڈیا کے ذریعے ایک غلط فہمی پیدا کی جارہی ہے کہ عورتوں کی شادی نہیں ہوسکتی، ہائی پروفائل کیسز میں میڈیا دیکھتا ہے کہ عوام کا رجحان کس سائیڈ پر ہے، یہ ادراک غلط ہے کہ چوری، ڈاکا یا تشدد صرف مرد کرتے ہیں، میڈیا کسی بھی واقعے کو سنسنی خیز طور پر پھیلاتا ہے، فیصلہ ہونے سے پہلے میڈیا پر ٹرائل آجاتا ہے، یہ کیس بھی شروع سے میڈیا کی زینت بنا ہوا ہے۔ معاون وکیل نے کہا کہ میڈیا کا اپنا اثر ہو جاتی ہے کہ میڈیا فیصلے کے اوپر اثر انداز ہوجاتا ہے، میڈیا ٹرائلز کے حوالے سے زاہد آصف کے معاون وکیل نے مختلف موویز کا بھی ذکر کیا، جن وکلا کے سامنے میں کھڑا نہیں ہوسکتا وہ اس کیس سے پہلے کیا تھے؟ زاہد آصف ایڈووکیٹ نے کہا کہ اس عدالت نے بزنس کے حوالے سے کراں کی مدد کی ہے، ہم نے آپ پر اعتراض نہیں کیا، میرے موکل کا نقصان ہوا اس میڈیا نے ظالم قرار دے دیا۔ اس پر ان کے معاون وکیل اقبال کاکڑ نے کہا کہ ہماری استدعا ہے کہ میڈیکل بورڈ بنایا جائے، ہوسکتا ہے میڈیکل بورڈ کی رپورٹ ان کے حق میں آجائے، مجھے امید ہے کہ دوسری پارٹی کو میڈیکل بورڈ کی تشکیل پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

# عوام کا جینا دو بھر جبکہ اشرافیہ کو فری بجلی، فری میڈیکل دیا جا رہا ہے

**محمد جاوید قصوری**

## حکومت کو خطرہ کسی غیر جمہوری اقدام سے نہیں بلکہ عوام سے ہے، معیشت نہ چلی تو جمہوریت بھی نہیں چلے گی

### فلسطینی مسلمانوں پر مظالم کے خلاف احتجاجاً اسرائیلی مصنوعات کا حکومتی سطح پر بائیکاٹ کیا جائے، ملی یکجہتی کونسل پنجاب کے صدر اور امیر جماعت اسلامی پنجاب کی پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) ملی یکجہتی کونسل پنجاب کا اجلاس 11 دفتر جماعت اسلامی پنجاب منصورہ لاہور میں صوبائی صدر محترم مولانا محمد جاوید قصوری کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں علامہ نصیر احمد نورانی، مولانا اسماعیل شجاع آبادی، سید طاہر بخاری، قاسم علی قاسمی، حافظ امجد اقبال گھمن، سید علی رضا نقوی، علامہ جاوید نسیم نوری، قاری عبد الشکور، عبد المجید، عباس ورک، قاری غلام یاسین، مفتی عمر علی ترمزی، محمد فاروق چوہان و دیگر بھی موجود تھے۔ ملی یکجہتی کونسل پنجاب کے صدر اور امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے اجلاس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر35

# جماعت اسلامی کا 12 جولائی کو ہونے والا دھرنا موخر کرنے کا اعلان

## ہمارا دھرنا 26 جولائی کو ہوگا اور پوری قوت کے ساتھ ہوگا، ہم نے صرف عاشورہ کی وجہ سے تاخیر کی ہے، 26 تاریخ کے دھرنے میں بیک وقت پاکستان سے جلوس چلیں گے

### ہمارا دھرنوں کا ٹریک ریکارڈ موجود ہے، پیچھے ہٹنے والے نہیں، ہم نے صرف محرم کے احترام میں تاریخ آگے کی ہے، ہم دھرنا ملتوی کر دیتے اور جان چھڑا لیتے لیکن ہم جان چھوڑنے والے نہیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے 12 جولائی کو اسلام آباد میں ہونے والا دھرنا موخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ہمارا دھرنا 26 جولائی کو ہوگا اور پوری قوت کے ساتھ ہوگا، ہم نے صرف عاشورہ کی وجہ سے تاخیر کی ہے، 26 تاریخ کے دھرنے میں بیک وقت پاکستان سے جلوس چلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا دھرنوں کا ٹریک ریکارڈ موجود ہے، پیچھے ہٹنے والے نہیں، ہم نے صرف محرم کے احترام میں تاریخ آگے کی ہے، ہم دھرنا ملتوی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر36

ملی یکجہتی کونسل پنجاب

لاہور، ملی یکجہتی کونسل پنجاب کے صدر مولانا محمد جاوید قصوری منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## محرم الحرام کا مہینہ بھی عظمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے، بلال سلیم قادری

### محرم کے مہینے میں ظلم و جبر اور گناہوں سے توبہ استغفار کرنا چاہیے، سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک

ننکانہ صاحب (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک علامہ بلال سلیم قادری شامی نے محرم الحرام کے مہینے کی فضیلت اور اس کی شان کے حوالے سے جاری اپنے بیان میں کہا کہ محرم الحرام کا مہینہ بھی عظمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے۔ محرم الحرام اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہے۔ اسلامی سال کے چار مہینے بڑی حرمتوں اور رحمتوں والے ہیں۔ جس طرح ہر دن ہر مہینے کی کوئی نہ کوئی فضیلت ہوتی ہے اسی طرح رمضان کے روزوں کے بعد محرم باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر37

## اے ایم آئی میٹر کی قیمت میں 100 فیصد اضافہ

### میٹر کی قیمت 43 ہزار سے بڑھ کر 65 ہزار روپے تک جا پہنچی

لاہور (این این آئی) اے ایم آئی میٹر کی قیمت میں 100 فیصد اضافہ ہوگیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق مارکیٹ میں اے ایم آئی میٹر کی قیمت میں 100 فیصد اضافہ ہونے سے میٹر کی قیمت 43 ہزار سے بڑھ کر 65 ہزار روپے تک جا پہنچی ہے۔ لیسکو صارفین کو اے ایم آئی میٹر 43 ہزار روپے میں فروخت کیا جا رہا تھا اچانک پابندی لگنے کی وجہ سے مارکیٹ میں میٹرز کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ لیسکو کی جانب سے اے ایم آئی میٹرز کی خریداری کیلئے این اوسی کا اجراء شروع کر دیا گیا ہے۔ گرین میٹر کا سٹاک ختم ہونے پر صارفین کو مارکیٹ سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر38

## 60 فیصد نوجوان آبادی کو ملک وقوم کے لیے قیمتی اثاثہ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سیّد یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ 60 فیصد نوجوان آبادی کو ملک وقوم کے لیے قیمتی اثاثہ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے۔ آبادی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اس عظیم ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے جو قوم نے ہمیں عوام کی فلاح و بہبود کے حوالے سے سونپی ہے، ہمیں قوم کی بہتری، ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔

## ملک میں سرکاری شعبے کے مزید رہائشی منصوبے شروع کرنے کی اشد ضرورت ہے، میاں ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا ہے کہ وفاقی سرکاری ملازمین کو معیاری اور ارزاں رہائش کی فراہمی اولین ترجیح ہے، حکومت ارزاں رہائشی سہولیات کی بہم رسانی کے لیے پرعزم ہے، ملک میں سرکاری شعبے کے مزید رہائشی منصوبے شروع کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ ہر ایک کو اپنی چھت میسر آسکے، سرکاری رہائشی منصوبوں میں زیادہ سے زیادہ شجر کاری کو فروغ دیا جائے۔

## پنجاب پولیس کے 45 افسران واہلکار منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث اور سہولت کار نکلے

### آئی جی پنجاب کے مراسلے نے پنجاب پولیس کے افسران اور اہلکاروں کا بھانڈا پھوڑ دیا، نشاندہی بھی کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے 45 افسران اور اہلکار مبینہ طور پر منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث اور اسمگلروں کے سہولت کار نکلے۔ آئی جی پنجاب کے مراسلے نے پنجاب پولیس کے افسران اور اہلکاروں کا بھانڈا پھوڑ دیا۔ آئی جی پنجاب نے اپنے مراسلے میں منشیات کی اسمگلنگ اور سہولت کاری میں ملوث اہلکاروں اور افسران کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق منشیات کی اسمگلنگ اور اسمگلروں کی سہولت کاری میں ملوث اہلکاروں میں لاہور کا انسپکٹر مظہر اقبال،

## مون سون کے دوران معمول سے زیادہ بارشوں کی پیشگوئی

### ہوائیں بلوچستان میں داخل، جولائی سے شروع ہونے والا مون سون بارشوں کا سلسلہ ستمبر تک جاری رہے گا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے بلوچستان میں اس سال مون سون کے دوران معمول سے زیادہ بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مون سون کی ہوائیں بلوچستان میں داخل ہوچکی ہیں، جولائی سے شروع ہونے والا مون سون بارشوں کا سلسلہ ستمبر تک جاری رہے گا اور اگست میں زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کا بتانا ہے کہ ژوب، بارکھان، نصیر آباد، جعفر آباد، سبی اور خضدار مون سون کی رینج میں ہونے کی وجہ سے زیادہ بارشوں سے متاثر ہوسکتے ہیں جب کہ زیادہ

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ یوم عاشور کے مرکزی جلوس کے روٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

## محسن نقوی کی داودی بوہرہ برادری کے سربراہ سے ملاقات، پاکستان آمد پر خیر مقدم کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے داودی بوہرہ برادری کے سربراہ سیدنا مفضل سیف الدین سے ملاقات کی اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ جمعرات کو برہانی محل میں وزیر داخلہ نے سیدنا مفضل سیف الدین سے ملاقات کی اس موقع پر ان کے صاحبزادے شاہ زادہ حسین برہان الدین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان آمد پر ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی آمد ہمارے لئے باعث افتخار ہے۔ آپ سے عقیدت و احترام کا رشتہ ہے جو ہمیشہ قائم ودائم رہے گا۔ انہوں

## عمر ایوب خان کی گرفتاری کے خلاف قومی اسمبلی میں تحریک استحقاق جمع کرادی گئی

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کی گرفتاری کے خلاف قومی اسمبلی میں تحریک استحقاق جمع کرادی گئی جس میں پنجاب اور اسلام آباد کے اعلی پولیس افسران سے جواب طلب کرنے کا مطالبہ کیا، سادہ لباس میں اسلام آباد اور پنجاب پولیس نے بغیر کسی قانونی جواز کے گھر پر چھاپہ مارا۔ عمر ایوب خان نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کو پیشگی اطلاع ضروری تھی جو نہیں دی گئی، یہ میرا نہیں بلکہ پوری پارلیمنٹ کا استحقاق مجروح کیا گیا۔ تحریک استحقاق میں داخلہ و پولیس کے اعلی

PRESS
CONFERENCE
JAMAAT E ISLAMI

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## مختلف قسم کے ٹیکسز عائد، اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا طوفان برپا ہوگیا

### چینی، گھی، دالوں، آئل اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، دکاندار بھی پریشان ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے مختلف قسم کے ٹیکسز عائد کیے جانے کے بعد اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا طوفان برپا ہوگیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ٹیکسز عائد کیے جانے کے بعد اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا ہے، چینی کا کٹہ 6700 روپے میں فروخت ہو رہا تھا وہ 250 روپے اضافے کے ساتھ 6950 روپے کا ہوگیا ہے۔ اسی طرح گھی کے کارٹن پر 300 روپے، کھلا آئل 380 سے بڑھ کر 420 روپے، دال مونگ 280

## پنجاب میں بارش برسانے والا سسٹم موجود، شہریوں کو سفر سے احتیاط کی ہدایت

### مختلف اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسلا دھار بارشوں کا امکان ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب میں بارش برسانے والا سسٹم موجود ہے جس کے زیر اثر مختلف اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ مون سون بارشوں کا یہ اسپیل 15 جولائی تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ لاہور، سیالکوٹ، نارووال، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور راولپنڈی میں اربن فلڈنگ کا خطرہ ہے۔ پنجاب کے دریاؤں میں پانی کا بہاؤ نارمل ہے۔ دریائے سندھ، چناب،

## بچت کرنے کی عادت بہتر نیند کا ذریعہ بن سکتی ہے، نئی تحقیق

### بچت کے لیے ماہانہ رقم مختص کرنے کی عادت، چاہے یہ رقم کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہو

### باقاعدگی سے بچت کرنے کی عادت بہتر نیند اور مجموعی طور پر تندرستی میں حصہ ڈال سکتی ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) ایک نئی تحقیق کے نتائج سے پتہ چلا ہے کہ پیسہ بچانے کی عادت نیند کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کر سکتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ باقاعدگی سے بچت کرنے کی عادت بہتر نیند اور مجموعی طور پر تندرستی میں حصہ ڈال سکتی ہے۔ برسٹل یونیورسٹی کے ماہرین تعلیم کا کہنا تھا کہ بچت کے لیے ماہانہ رقم باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر42

## پی ٹی آئی چہلم کے بعد اسلام آباد میں جلسہ کرسکتی ہے، ڈپٹی کمشنر کا ہائیکورٹ میں بیان

### 27 جولائی کو جلسے کی اجازت دیدیں، شعیب شاہین، ہمیں سسٹم کے تحت ہی چلنا ہوتا ہے: ڈپٹی کمشنر

### میں سسٹم کو جانتا ہوں، میں بھی اسی سسٹم کی پیداوار ہوں، سیدھا ولایت سے یہاں لینڈ نہیں کیا، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے اسلام آباد ہائیکورٹ کو بتایا ہے کہ پی ٹی آئی چہلم کے بعد اسلام آباد میں جلسہ کرسکتی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کے جلسے کا این او سی معطل کرنے کے چیف کمشنر اسلام آباد کے نوٹیفکیشن کے خلاف پی ٹی آئی رہنما عامر مغل کی درخواست پر سماعت کی۔ شعیب شاہین ایڈووکیٹ نے گزارش باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر41

## ایک اور بجلی بم گرا دیا گیا، کمرشل، زرعی اور بلک صارفین کے لیے بجلی ٹیرف بڑھانے کی منظوری

### کمرشل صارفین کا فی یونٹ 77 روپے 15 پیسے، زرعی صارفین کا 46 روپے 83 پیسے

### جنرل سروسز کیلئے 61 روپے 03 پیسے، بلک صارفین کا یونٹ 59 روپے 96 پیسے تک پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ایک اور بجلی بم گرا دیا اور وفاقی کابینہ نے کمرشل، زرعی اور بلک صارفین کے لیے بجلی کا ٹیرف بڑھانے کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے کمرشل صارفین کے لیے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 8.04 روپے اضافے کی منظوری دی ہے اور جولائی سے کمرشل صارفین کا فی یونٹ ٹیرف 77 روپے 15 پیسے ہوگیا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر40

## مصطفی ملک دورہ سعودی عرب/ بحرین کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

### جدہ ائرپورٹ پر ممتاز سماجی شخصیت سجاد اکرم اعوان نے رخصت کیا

### سعودی عرب اور بحرین میں ملنے والا پیار زندگی کا اثاثہ بن گیا ہے، مصطفی ملک

جدہ/اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات، اعوان کونسل آف پاکستان کے صدر، ممتاز صحافی، سیاسی، سماجی شخصیت غلام مصطفی ملک دورہ سعودی عرب/ بحرین کے بعد وطن واپس پہنچ گئے، جدہ ایئرپورٹ پر اعوان کونسل گلف ریجن کے راہنما، ممتاز سماجی شخصیت ملک سجاد اکرم اعوان نے انہیں پرتپاک باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر39

لاہور، سینیئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

## پشاور ایئرپورٹ پر غیر ملکی طیارے میں دوران لینڈنگ آتشزدگی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر غیرملکی طیارے میں آگ لگ گئی۔ ایوی ایشن ذرائع نے بتایا کہ ریاض سے آنے والے غیرملکی طیارے میں آگ لینڈنگ کے دوران لگی۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق غیرملکی طیارے میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا، آگ جہاز کے ٹائر میں لگی تھی، واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

## عدت نکاح کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف مرکزی اپیلوں پر سماعت ملتوی

### ہوسکتا ہے میں نے بھی پی ٹی آئی کے دھرنوں میں شرکت کی ہو، وکیل خاور مانیکا کے دلائل

### بشریٰ بی بی کو فرد جرم عائد کرنے کے لیے بار بار طلب کیا گیا وہ پیش نہیں ہوئیں، وکیل زاہد آصف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف مرکزی اپیلوں پر سماعت (آج) جمعہ تک ملتوی کردی۔ اپیلوں پر سماعت ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکا نے کی، بشریٰ بی بی کے وکیل خالد یوسف چوہدری اور خاور مانیکا کے وکیل زاہد آصف عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ خاور مانیکا کے وکیل نے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ میرے دلائل باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر58

## قومی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں تعاون کا فروغ نہایت اہمیت کا حامل ہے، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت پاکستان انسٹیٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز (پیپس) کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس جمعرات کو ہوا۔ اجلاس میں ادارے کے مالی اور انتظامی امور کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر43

us Minorities' Girls & Women
11th July 2024 Lahore
National Commission for Justice

لاہور، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اقلیتوں کے تحفظ بارے مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

**گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن**

# پنجاب کے پی اور اسلام آباد میں مزید 43 گیس کنکشن منقطع، 7 لاکھ کے جرمانے

## سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 10 گیس کنکشن منقطع کیے اور 1 لاکھ 80 کے جرمانے بھی عائد کیے گئے

### ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 02 گیس کنکشن منقطع کیے

لاہور (خبر نگار) سوئی ناردرن کے گیس چوری کے کریک ڈاؤن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 43 گیس کنکشن منقطع کر دیئے گئے جبکہ 7 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 10 گیس کنکشن منقطع کیے اور 1 لاکھ 80 کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 02 گیس کنکشن منقطع باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر44



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف انٹر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنیوالے عیان کاشف کو دس لاکھ کا چیک دے رہے ہیں

# صوبائی وزیر اقلیتی امور مذہبی اقلیتوں کے تحفظ بارے صوبائی مشاورتی اجلاس میں شرکت

## سیشن میں ایم پی اے سنبل ملک، شکیلہ جاوید، ریورینڈ ڈاکٹر مجید ایبل، معروف انسانی حقوق کے کارکن عرفان مفتی نے شرکت کی

### مشاورتی اجلاس میں قانونی فریم ورک، سماجی پالیسیوں، اور اقلیتی مسائل کو حل کرنے کے لیے کمیونٹی کی شمولیت کی حکمت عملیوں پر جامع بحث کی گئی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں اقلیتی حقوق خاص طور پر لڑکیوں اور خواتین کے حقوق کی حفاظت کے لیے منعقدہ اہم صوبائی مشاورت میں شرکت کی۔ اس تقریب میں پالیسی سازوں، مذہبی رہنماؤں، اور انسانی حقوق کے کارکنوں کو اکٹھا کیا گیا تاکہ ملک میں اقلیتی حقوق کی حفاظت کے لیے حکمت عملی پر بات کی جا سکے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ تمام شہری، ان کے مذہبی عقائد سے قطع باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر57

## چین کا سمندری ماحولیاتی تحفظ پر وائٹ پیپر جاری

### چین نے سمندری ماحول کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے دانشمندانہ کردار ادا کیا، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین کی اسٹیٹ کونسل کے انفارمیشن آفس نے چین کے سمندری ماحولیاتی تحفظ پر جمعرات کے روز وائٹ پیپر جاری کیا۔ وائٹ پیپر میں منظم طریقے سے چین کے سمندری ماحولیاتی تحفظ کے تصورات، طریقوں اور کامیابیوں کی وضاحت کی گئی۔ وائٹ پیپر کے مطابق چین نے ماحولیاتی تحفظ کی ریڈ لائنز کی تجویز پیش کرنے اور نافذ کرنے، سمندری محفوظ علاقے کے نظام کو بہتر بنانے، اور سمندری ماحولیاتی تحفظ اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر45

## لاہور، اسلام آباد کے ایئرپورٹس پر پلاسٹک پیکنگ کا استعمال روکنے کی ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سنگل یوز پلاسٹک پر پابندی کے باعث لاہور اور اسلام آباد کے ایئر پورٹس پر پلاسٹک پیکنگ کا استعمال روکنے کی ہدایات جاری کردی گئیں۔ ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ نے ایئرپورٹس انتظامیہ کو احکامات جاری کیے ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ پلاسٹک ریپنگ شیٹس سے بیگز پیک کرنا ممنوعہ قرار دیا جا چکا ہے، بیگز کی پیکنگ سے بہت زیادہ پلاسٹک ویسٹ پیدا ہو رہا ہے۔

## سیف سٹی ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کی بروقت کارروائی

### داتا دربار کے قریب لڑکی کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) سیف سٹی ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے داتا دربار کے قریب لڑکی کو ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کروا دیا۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن میں خاتون نے بس میں ہراسگی کی شکایت درج کروائی، خاتون نے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کو متعلقہ بس کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر51

## ایل پی جی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر مضبوط حفاظتی پروٹوکولز کی فوری ضرورت ہے، چیئرمین اوگرا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اوگرا مسرور خان نے کہا ہے کہ ایل پی جی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر مضبوط حفاظتی پروٹوکولز کی فوری ضرورت ہے۔ قدرتی گیس کی قلت، نئے کنکشنز پر پابندی اور گیس کے نرخوں میں اضافے کی وجہ سے پاکستان میں ایل پی جی پر بڑھتی ہوئی انحصار کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر53

## بھارتی فوج اپنی ذمہ داری بھول کر بینک اکاؤنٹس بھرنے میں مصروف

### بھارتی فوج کی کرپشن کی داستانیں عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بن گئیں، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فوج اپنی ذمہ داری بھول کر بینک اکاؤنٹس بھرنے میں مصروف عمل ہے، بھارتی فوج کی کرپشن کی داستانیں ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بننے لگیں، بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارتی فوج میں جرنیلوں سے لیکر میجر تک بیشتر افسران غبن میں ملوث ہیں۔ کرنل سیاہ پر کے تمام رینکس کے افسران اپنے عہدے اور حاصل شدہ مراعات کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے کروڑوں کا غبن کرتے ہیں۔ 2000 سے 2023 کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر52

لاہور، لڑکیاں مال روڈ پر واقع آرٹ گیلری میں نمائش دیکھ رہی ہیں

## فوج میں بھارتیوں کو بھرتی نہیں کرنا چاہتے تھے، روس

### بھرتی خالصتاً تجارتی وجوہات کے لیے کی گئی تھی، روسی سفارتکار

نئی دہلی/ ماسکو (این این آئی) روس نے کہا ہے کہ وہ روسی فوج میں بھارتیوں کو بھرتی نہیں کرنا چاہتا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دورہ روس کے دوران صدر ولادیمیر پیوٹن کے ساتھ یہ مسئلہ اٹھایا تھا۔ روس نے فوج سے بھارتیوں کو فارغ کر کے ان کی ملک واپسی میں سہولت فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ یوکرین باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر46

## امریکی مسافر طیارہ بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا

### 174 مسافر اور عملے کے 6 افراد سوار تھے، کوئی بھی زخمی نہیں ہوا، غیرملکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی مسافر طیارہ پائلٹ کے بروقت فیصلے کی وجہ سے بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق مسافر طیارہ امریکی ریاست فلوریڈا میں ایئرپورٹ کے رن وے سے ٹیک آف کرنے ہی والا تھا کہ اس کے کچھ ٹائرز پھٹ گئے۔ طیارے کے کچھ پہیوں میں آگ لگنے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں جس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر47

## عدالت کا 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے پانچ مقدمات کا چالان پیش نہ کرنے پر اظہار برہمی، تفتیشی افسران کو شوکاز نوٹس جاری

### اعجاز چودھری، یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، محمود الرشید کی جیل میں حاضری مکمل کی گئی، خدیجہ شاہ سمیت دیگر بر ضمانت ملزمان حاضری کیلئے پیش ہوئے

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی عدالت نے 9 مئی کے پانچ مقدمات کا ضمنی چالان پیش نہ کرنے پر تفتیشی افسر پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ لاہور کی انسداد دہشتگردی کی عدالت میں 9 مئی کے پانچ مقدمات کے جیل ٹرائل کی سماعت ہوئی، اے ٹی سی کے جج خالد ارشد نے کوٹ لکھپت جیل جا کر مقدمات پر سماعت کی۔ مقدمات میں نامزد اعجاز چودھری، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر48

## بجلی کے پروٹیکٹیو و نان پروٹیکٹیو ٹیرف کیخلاف درخواست، گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے بجلی کے صارفین پر پروٹیکٹیو اور نان پروٹیکٹیو ٹیرف لگانے کے خلاف درخواست کی گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ عدالتِ عالیہ نے سرکاری وکیل کو آئندہ سماعت پر ہدایات لے کر پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ تحریری حکم میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے بتایا کہ صارفین پر بجلی کے یونٹس سے متعلق ٹیرف لگایا ہے۔

## فیصل کریم کنڈی نے بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکرز کو چائے پر مدعو کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکرز کو چائے پر مدعو کیا۔ انہوں نے سیرینہ ہوٹل میں ڈپٹی اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی ثریا بی بی، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی نوید انتھونی سے گفتگو کرتے ہوئے سیاسی اور معاشی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

## اسرائیل کا انخلا کا حکم مصائب کا سبب ہے، اقوام متحدہ

### اسرائیل کے انخلا کے احکامات شہریوں کے خلاف نفسیاتی جنگ کی ایک شکل ہے، بیان

نیویارک (این این آئی) اسرائیل کا غزہ شہر کا مکمل انخلا کا حکم بڑے پیمانے پر مصائب کا سبب بن رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کے ترجمان کا کہنا تھا کہ اسرائیل کا غزہ شہر کا مکمل انخلا کا حکم بڑے پیمانے پر مصائب کا سبب بن رہا ہے۔ غزہ کی وزارتِ داخلہ نے اسرائیل کے انخلا کے احکامات کو شہریوں کے خلاف نفسیاتی جنگ کی ایک شکل قرار دیا ہے۔

## فیس بک نے صیہونیوں کو ٹارگٹ کرنے والی تمام پوسٹیں ہٹا دیں

### میٹا نے مذکورہ فیصلہ یہودیوں کے خلاف نفرت انگیز رویے کے بعد کیا، بیان

کیلیفورنیا (این این آئی) ٹیکنالوجی کمپنی میٹا نے کہا ہے کہ کمپنی پلیٹ فارم سے ایسی تمام پوسٹس ہٹا دے گی جن میں یہودیوں کو صیہونی قرار دیتے ہوئے ہدف بنانے کی کوشش کی گئی ہوگی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میٹا کی پالیسی میں تازہ ترین اپ ڈیٹ فیس بک اور انسٹا گرام کو آزادی اظہار رائے اور یہودیوں کے خلاف نفرت انگیز رویے کے درمیان توازن کو قائم رکھنے میں پیش آنے والی دشواری کے پیش نظر کی گئی ہے۔

## بھارت کا عدالتی نظام بھی ذات پات پر قائم

### فوج سے لے کر عدلیہ تک سارے ادارے کرپشن کا گڑھ بن چکے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں کوئی بھی ادارہ مودی کے مذموم سیاسی مقاصد سے بچا ہوا نہیں، فوج سے لے کر عدلیہ تک سارے ادارے کرپشن کا گڑھ بن چکے ہیں۔ بھارت میں نچلی ذات کے لوگوں اور دیگر قبائل کے ساتھ امتیازی سلوک ایک عام سی بات ہے، بھارت میں نچلی ذات کے ہندوں کو اچھوت اور کم تر سمجھا جاتا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر50

## فلپائن میں 7-6 شدت کے زلزلے کے جھٹکے

### آفٹر شاکس آسکتے ہیں اس لیے لوگ احتیاط سے کام لیں، حکام کی ہدایت

منیلا (این این آئی) فلپائن میں 6 اعشاریہ 7 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق زلزلہ پیما مرکز نے بتایا کہ جمعرات کی صبح آنے والے زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 7-6 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ فلپائن کے علاقے مندانا میں آیا۔ زلزلے کی زمین میں گہرائی 630 کلومیٹر تھی۔ زلزلے سے کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ زلزلے سے کے باعث لوگ کھلی جگہوں پر نکل آئے۔

## عالمی برادری چین کی مزید ترقی کے حوالے سے پر امید، چینی میڈیا سروے

بیجنگ (این این آئی) کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی 20 ویں مرکزی کمیٹی کے منعقد ہونے والے تیسرے کل رکنی اجلاس نے عالمی توجہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے اور ملک چینی طرز کی جدیدکاری کو فروغ دینے کے لیے ہمہ جہت طریقے سے اصلاحات کو مزید گہرا کرے گا۔ چائنا میڈیا گروپ کے سی جی ٹی این کی جانب سے عالمی جواب دہندگان کے لیے کیے گئے تین سروے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر49

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداد اللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

## غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے صوبہ میں فنی تعلیم کے ذریعے بیروزگاری کے خاتمہ میں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائیگا، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے صوبہ میں فنی تعلیم کے ذریعے بیروزگاری کے خاتمہ میں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جرمن ادارہ GIZ ہیڈکوارٹر کے دورہ کے موقع پر کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی احمد کریم کنڈی بھی انکے ہمراہ تھے۔

## چیئرمین سینیٹ سیّد یوسف رضا گیلانی کا ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سیّد یوسف رضا گیلانی نے رکن قومی اسمبلی/سیکرٹری وویمن پارلیمنٹری کاکس ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو ایک تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ مرحومہ کی وفات سوگوار خاندان کے لیے ناقابل تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے۔

لاہور، میونسپل کارپوریشن لاہور لیبر ونگ کے عہدیداران تنخواہوں و پنشن کی ادائیگی کا مطالبہ منظور ہونے پر اظہار تشکر کر رہے ہیں

## بنگلا دیشی سپریم کورٹ نے ملازمتوں کا کوٹہ معطل کر دیا

### طلبا کے احتجاج کے باعث سپریم کورٹ نے اپنا فیصلہ واپس لے لیا

ڈھاکا (این این آئی) احتجاجی طلبا کے دبا کے باعث بنگلا دیش کی سپریم کورٹ نے ملازمتوں کا کوٹہ عارضی طور پر معطل کر دیا۔ غیرملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 2018 میں طلبا کے مظاہروں کے بعد بنگلا دیشی حکومت نے کوٹہ سسٹم منسوخ کر دیا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر54

## چین میں کوکنگ آئل کے آلودہ ہونے کا بڑا اسکینڈل سامنے آگیا

### ایندھن کی ٹرانسپورٹیشن کے لیے استعمال ٹینکرز کوکنگ آئل اور سیرپ لے جاتے پکڑے گے

بیجنگ (این این آئی) کھانا پکانے کے تیل کی ممکنہ آلودگی سے متعلق چین میں ایک بڑا اسکینڈل سامنے آیا ہے۔ چینی خبر رساں ادارے کے مطابق ایندھن کی ٹرانسپورٹیشن کے لیے استعمال ہونے والے ٹینکرز کو کوکنگ آئل اور سیرپ لے جاتے ہوئے پکڑا گیا جن کے بارے میں انکشاف ہوا ہے کہ ان ٹینکرز کو صحیح طریقے سے صاف نہیں کیا گیا تھا۔ ایندھن کے ٹینکرز کو کھانا پکانے کے تیل کی نقل و حرکت کے لیے استعمال کرنے کے الزامات سامنے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر55

## پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، 1330 کلو ایکسپائر کریم اینڈ چاکلیٹ پاؤڈر، 520 کلو ایکسپائر فلیور تلف

### معروف برانڈ کے یونٹ سے ایکسپائر خام مال برآمد ہونا انتہائی افسوس ناک ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید

لاہور (سپیشل رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کارروائیاں کرتے ہوئے 1330 کلو ایکسپائر کریم اینڈ چاکلیٹ پاؤڈر، 520 کلو ایکسپائر فلیور تلف کر دیئے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے بچوں کی پسندیدہ آئسکریم میں ایکسپائر اشیا استعمال کرنے والے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر56

لاہور، سیکرٹری بہبود آبادی سلمان اعجاز اور ڈی جی ثمن رائے بہبود آبادی کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں شرکا کے ہمراہ گروپ فوٹو

Lahore Tax Bar Association
TAX BARS SUMMIT & RETREAT

لاہور، پاکستان ٹیکس بار اور لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مشترکہ سمٹ اینڈ ریٹریٹ سمر کیمپ کی تقریب کے شرکا کا گروپ فوٹو